www.mashriqquetta.com.pk

ABC CERTIFIED

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لیے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 55 | پیر 29 ربیع الثانی 1448ھ 12 اکتوبر 2026ء، صفحات 08 | شمارہ 91

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 40 روپے

فراری کمانڈر نور خان نے 60 ساتھیوں سمیت ہتھیار ڈال دیئے

ریاستی رٹ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا، وزیر اعلیٰ

متعدد دہشت گردی کی کارروائیوں میں ملوث نور خان بگٹی روپوش تھے، وزیر اعلیٰ کے سامنے ساتھیوں سمیت ہتھیار ڈال دیئے

پاکستان کے ساتھ کھڑے ہوکر جان و مال کا تحفظ، معاشی ترقی، تعلیم کا فروغ اور نوجوانوں کے روشن مستقبل کو یقینی بنایا جاسکتا ہے

ریاست کے ساتھ وفاداری، آئین و قانون کی پاسداری اور قومی یکجہتی ہی پائیدار امن اور ترقی کی بنیادیں ہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان

ڈیرہ بگٹی (ج ن) فراری کمانڈر نور خان بگٹی نے اپنے ساتھیوں اور خاندان سمیت مجموعی طور پر 60 افراد کے ہمراہ پاکستان ہاؤس سوئی میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے سامنے ہتھیار ڈال کر قومی دھارے میں واپسی اختیار کرلی۔ اس موقع پر نور خان......

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

کرم میں پاک فوج کی کارروائی، 12 خوارج اور افغان طالبان ہلاک، صوبیدار شہید

افغانستان سے آنے والے خوارج کا ایک گروہ سرحد عبور کر کے پاکستان میں داخل ہونے کی کوشش کر رہا تھا

دراندازوں کی مدد کیلئے افغان چوکیوں سے فائرنگ کی گئی، جوابی کارروائی میں خوارج و طالبان ہلاک ہوئے

نائب صوبیدار ہدایت امان نے بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کیا، شعبہ تعلقات عامہ پاک فوج

راولپنڈی (زاہد احمد خان) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سیکورٹی فورسز نے افغانستان سے پاکستان کے ضلع کرم میں دراندازی کی کوشش ناکام بناتے ہوئے 12 خوارج اور افغان طالبان کے جنگجوؤں کو ہلاک کر دیا......

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

ایمرجنسی اور گورنر راج لگانے کی مخالفت کرتے ہیں، ایمل ولی

پی ٹی آئی اور اس کو لانے والے دونوں کا احتساب کیا جائے، صدر اے این پی

پشاور (بیورو رپورٹ) اے این پی کے مرکزی صدر ایمل ولی نے کہا ہے کہ ایمرجنسی اور گورنر راج کی مخالفت کرتے ہیں۔ ایک بیان میں انہوں نے......

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

پشاور، موبائل فون سروس معطل، ریڈ زون سیل، شاہراہیں بند

بی آر ٹی سروس بھی معطل کر دی گئی، خوازہ خیلہ اور مدہ میں کنٹینرز پہنچا دیئے گئے

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے دارالحکومت پشاور میں موبائل فون سروس بند اور ریڈ زون سیل اور مختلف شاہراہیں اور چوک کنٹینرز لگا کر بند کر دیئے گئے......

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت نے جلد بازی اور زیادتی کی، کامران مرتضیٰ

پی ٹی آئی کے ساتھ معاملات تقریباً طے ہوگئے تھے، رہنما جے یو آئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام ف کے رہنما سینیٹر کامران مرتضیٰ نے وفاقی حکومت کی جانب سے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج......

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی کا نفاذ ناقابل قبول، مولانا فضل الرحمن

ایمرجنسی وفاق میں لگائیں، جے یو آئی خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے فیصلے کو قبول نہیں کرے گی

بار بار آپریشنز کے باوجود مطلوبہ نتائج حاصل نہ ہونا حکمت عملی کی ناکامی کو ظاہر کرتا ہے، سربراہ جمعیت علمائے اسلام

جمہوریت کے دعوے کرنے والوں نے تیسری مرتبہ گورنر راج نافذ کیا جو جمہوری اقدار کے منافی ہے، پریس کانفرنس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کو مسترد کرتے ہیں، فیصلے کے خلاف بھرپور حکمت عملی بنائیں گے۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس میں مولانا......

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے اعلان کے بعد وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کو گرفتار کر کے لے جایا جا رہا ہے

پی ٹی آئی کی دہشتگردوں کیساتھ شراکت داری ہے، وفاقی وزراء

ایمرجنسی کے نفاذ کا فیصلہ مشکل تھا، مفاہمتی کوششیں جاری تھیں تو پھر لانگ مارچ کا اعلان کیوں کیا گیا، محسن نقوی

ایمرجنسی نفاذ کے فیصلے کی توثیق دس دن کے اندر ہوگی، آئندہ دنوں میں پارلیمنٹ کا اجلاس بلایا جا رہا ہے، اعظم نذیر

یہ بیرونی طاقتوں کے فنڈ سے چلنے والے لوگ ہیں پی ٹی آئی ملک کو تباہی کے دہانے پر پہنچانا چاہتی ہے، عطا تارڑ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کا فیصلہ حکومت کے لیے آسان نہیں تھا، صوبائی حکومت کو اعتماد میں لینے کے لیے ایک ماہ سے زائد عرصے تک کوششیں کی گئیں تاہم تمام تر رابطوں اور مذاکرات......

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی حکومت کے اختیارات گورنر کو منتقل، حکومتی امور چلانے کیلئے وفاق نے 11 رکنی مشاورتی کونسل قائم کر دی، ڈاکٹر محمد فخر عالم عرفان نئے چیف سیکرٹری تعینات، بیوروکریسی میں بڑے پیمانے پر اکھاڑ پچھاڑ، 12 اضلاع میں ایمرجنسی نافذ

خیبر پختونخوا میں گورنر راج نافذ، صوبائی حکومت معطل، وزیر اعلیٰ آفریدی گرفتار، صوبے میں فوج تعینات

لانگ مارچ جاری رہے گا، پی ٹی آئی کا اعلان

سوئی، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ہتھیار ڈال کر قومی دھارے میں شامل ہونے والے کمانڈر کو قومی پرچم تھما رہے ہیں

وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اہم ہنگامی اجلاس ہوا جس میں آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت ایمرجنسی اور گورنر راج لگانے کا فیصلہ کیا گیا، صدر زرداری نے سمری پر دستخط کر دیئے

دہشت گردی اور امن و امان کی سنگین صورتحال پر ایمرجنسی کا اعلان کیا گیا، وزیر اعلیٰ، صوبائی وزرا، مشیران، معاونین خصوصی، ایڈووکیٹ جنرل اپنے عہدے فوری طور پر چھوڑ دیں گے، ایوان صدر کا اعلامیہ

آئین کے آرٹیکل 245 کے تحت صوبے میں فوج کی تعیناتی کی منظوری، پاک فوج کی تعیناتی انتظامیہ کی معاونت کے لیے ہوگی، فوج شہریوں کی جان کے تحفظ کے لیے تعینات کی جا رہی ہے، نوٹیفکیشن

اسلام آباد، پشاور (بیورو رپورٹ) وفاقی کابینہ نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج لگانے کی منظوری دے دی جس کے بعد صدر مملکت آصف علی زرداری نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کی سمری پر دستخط کر دیے۔ اتوار کو وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اہم ہنگامی اجلاس ہوا جس میں آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت ایمرجنسی اور گورنر راج لگانے کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت......

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی نے ایمرجنسی اور گورنر راج مسترد کر دیا، وزیر اعلیٰ کی گرفتاری کی مذمت

فیصلہ سنگین سیاسی غلطی اور غیر جمہوری اقدام قرار، عوام اپنے آئینی حقوق کی خلاف ورزی قبول نہیں کریں گے، بیرسٹر گوہر

صوبائی خودمختاری کو نقصان پہنچا کر یا وفاق اور صوبے کے درمیان محاذ آرائی بڑھا کر امن قائم نہیں کیا جاسکتا، چیئرمین

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی قیادت نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے اسے صوبے کے جمہوری مینڈیٹ اور خودمختاری پر حملہ قرار دیا۔ پارٹی نے وزیر اعلیٰ محمد سہیل آفریدی اور صوبائی......

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

سوئی: وزیر اعلیٰ بلوچستان نے خونی تنازعے کا تصفیہ کرا دیا

دونوں فریقین شاہ علی کاڑچو اور جمعہ کاڑچو آپس میں شیر و شکر ہو گئے

قبائلی تنازعات کا حل خوشحال معاشرے کی بنیاد ہے، میر سرفراز بگٹی

سوئی (ژ ن) چیف آف بگٹی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اتوار کو سوئی میں شاہ علی کاڑچو اور جمعہ کاڑچو کے درمیان جاری خونی قبائلی تنازعے کا صلح کے ذریعے خاتمہ کروا دیا جس کے بعد فریقین آپس میں شیر و شکر ہو گئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے دونوں فریقین کے درمیان مصالحت کراتے ہوئے امن، بھائی چارے اور......

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت کا چراغ بجھنے والا ہے، حافظ نعیم الرحمان

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کا نفاذ مسائل کا حل نہیں

فارم 47 کے ذریعے مسلط کیا گیا نظام پوری طرح ناکام ہو گیا، بیان

لاہور (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان......

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر راج صوبے کے آئینی حقوق پر ڈاکہ ہے، اسد قیصر

سیاسی جماعتیں خیبر پختونخوا کے حقوق کے تحفظ کیلئے آواز اٹھائیں

پشاور (بیورو رپورٹ) سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ہے کہ گورنر راج اور ایمرجنسی کے اقدامات کی بھرپور مذمت کرتے ہیں، یہ صوبے کے آئینی......

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر راج جمہوری عمل کمزور کرنے کا باعث بن سکتا ہے، ایچ آر سی پی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان (ایچ آر سی پی) نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی یا......

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

پارلیمانی سیکرٹری سماجی بہبود حاجی ولی محمد نورزئی ایک سائل کے مسائل سن رہے ہیں

جعفرخان مندوخیل کی قیادت پر مکمل اعتماد ہے، سید جہانگیر شاہ

گورنر بلوچستان کی قیادت میں مسلم لیگ (ن) صوبے میں فعال اور منظم ہے

کوئٹہ (آن لائن) مسلم لیگ (ن) کے صوبائی رہنما سید جہانگیر شاہ نے کہا ہے کہ گورنر بلوچستان شیخ جعفرخان مندوخیل کی قیادت میں مسلم لیگ (ن) بلوچستان فعال اور منظم ہے جعفرخان مندوخیل نے ہمیشہ اصولوں کی سیاست کی ہے اور وہ سب کو ساتھ لیکر چلتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو ملاقات کرنے والے مسلم لیگ (ن) کے رہنماؤں نور احمد محمد حسنی، محمد رفیق جنگ، منور شاہوانی عبدالمالک سالانی، خضر بلوچ، عبدالطیف کاکڑ، محمد نعیم درانی، ظفر شاہوانی، خالد ابڑو، ظفر اللہ محمد حسنی، حمزہ مینگل، آصف رند، ظفر قلندرانی، جاوید مندوخیل اور دیگر ملاقات کرنے والے کارکنوں کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کی۔ سید جہانگیر شاہ نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے صدر و گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل کی دن رات کوششوں کی بدولت بلوچستان میں مسلم لیگ (ن) فعال اور منظم ہے اور انکی قیادت میں مسلم لیگ (ن) نے عام انتخابات میں بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کی تھی اور اس وقت بلوچستان میں مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کی مخلوط صوبائی حکومت قائم ہوئی جو عوام کی بلا رنگ و نسل خدمت کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شیخ جعفرخان مندوخیل عوام اور مسلم لیگ (ن) کے کارکنوں کو درپیش مسائل حل کرنے کیلئے دن رات کوشاں ہیں اور گورنر بلوچستان کی ذاتی کوششوں سے غیر ملکی سرمایہ کار بلوچستان کا رخ کررہے ہیں غیر ملکی سرمایہ کاری سے بلوچستان جہاں ترقی کریگا وہاں صوبے میں روزگار کے نئے مواقع میسر آئیں گی۔ انہوں نے کہا کہ شیخ جعفرخان مندوخیل نے مشکل وقت میں مسلم لیگ (ن) بلوچستان کو سنبھالا اور پارٹی کی فعالیت کیلئے کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں شیخ جعفرخان مندوخیل کی قیادت پر مکمل اعتماد ہے اور انہیں ہر ممکن تعاون کا یقین دلاتے ہیں

وولٹیج کمی اور لوڈشیڈنگ کا مسئلہ فوری حل کیا جائے، عبدالمجید بادینی

رکن صوبائی اسمبلی کی سی ای او واپڈا مرزا اعزاز بیگ سے ملاقات

بجلی کی فراہمی اور عوام کو درپیش مشکلات کے حوالے سے تبادلہ خیال

کوئٹہ: جمعیت کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع سے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری جنرل حاجی محمد نواز کاکڑ ملاقات کررہے ہیں

پشتونخوانیپ کا حاجی غفارخان کی تاحال عدم بازیابی پر تشویش کا اظہار

حکومت و انتظامیہ بحفاظت بازیابی کے لیے مؤثر اقدامات اٹھائے، بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ نے اپنے جاری کردہ پریس ریلیز میں عالم خان کاسی علاقائی یونٹ کلی بڑیچ آباد ابتدائی یونٹ کے سیکرٹری حاجی غفارخان خلجی کی 13 ستمبر 2026 سے تاحال گمشدگی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حاجی غفار خان خلجی ایک شریف، پُرامن اور سماجی طور پر باعزت شخصیت ہیں، جن کا کسی کے ساتھ کوئی ذاتی تنازع نہیں تھا۔ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ حاجی غفار خان خلجی 13 ستمبر 2026 کو اپنے گھر سے نکلے تھے، جس کے بعد سے ان کے بارے میں کوئی اطلاع نہیں مل سکی۔ ان کی گمشدگی کی اطلاع متعلقہ تھانے کو بھی دی جا چکی ہے، لیکن افسوسناک امر یہ ہے کہ اب تک نہ ان کی تلاش ممکن ہو سکی ہے، نہ بازیابی عمل میں آئی ہے اور نہ ہی ان کے بارے میں کوئی مستند اطلاع فراہم کی گئی ہے۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی مطالبہ کرتی ہے کہ متعلقہ پولیس حکام اور تمام قانون نافذ کرنے والے ادارے حاجی غفار خان خلجی کی گمشدگی کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ان کی تلاش اور بحفاظت بازیابی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر مؤثر اقدامات کریں۔ پارٹی نے خبردار کیا کہ اگر اس معاملے پر فوری اور سنجیدہ پیش رفت نہ ہوئی تو وہ اس مسئلے کو ہر متعلقہ فورم پر اٹھائے اور اپنے آئینی و جمہوری حق کے تحت آواز بلند کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

کے پی میں ایمرجنسی کا نفاذ اور گورنر راج قابل مذمت ہے، احمد خان

ملک میں جمہوریت کا نام و نشان تک نہیں ہے، افغان قومی موومنٹ

کوئٹہ (پ ر) افغان قومی موومنٹ کے مرکزی چیئرمین احمد خان نے خیبر پشتونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ اور گورنر راج کے اقدام کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ... کرنا مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی کے ماتھے پر کلنک کے مترادف اقدام ہے فارم 47 کے ذریعے اقتدار میں آنے کے الزامات کا سامنا کرنے والے حکمران آج عوامی مینڈیٹ کی بات کرتے ...

تعلیم، مطالعہ، محنت اور مستقل مزاجی کامیابی کی بنیادیں ہیں، پروفیسر برکت اسماعیل

ڈام میں دفعہ 144 کی مبینہ خلاف ورزی، تفریحی پارکوں کی تیاریاں جاری

عوامی اعتماد کی بحالی ناگزیر ہے، جے ڈبلیو پی

جمہوری وطن پارٹی کی صوبائی کابینہ کا اجلاس، تنظیمی فعالیت پر غور

عوامی مسائل کا حل پارٹی کی ترجیحات میں شامل ہے، ندیم کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کی صوبائی کابینہ کا ایک اہم اجلاس صوبائی جنرل سیکرٹری ندیم کاکڑ کی سربراہی میں منعقد ہوا، جس میں صوبے کی مجموعی سیاسی صورتحال، امن و امان کے مسائل، پارٹی کی تنظیمی فعالیت اور آئندہ کے سیاسی لائحہ عمل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی جنرل سیکرٹری ندیم کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان میں پائیدار امن، عوام کے بنیادی حقوق کا تحفظ، جمہوری اقدار کی بالادستی اور عوامی مسائل کا حل جمہوری وطن پارٹی کی ترجیحات میں شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں امن و امان کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے سنجیدہ اقدامات، مؤثر حکمت عملی اور عوامی اعتماد کی بحالی ناگزیر ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جمہوری وطن پارٹی کو صوبے کے مختلف علاقوں میں مزید فعال اور منظم بنانے کے لیے تنظیمی سرگرمیوں کا دائرہ وسیع کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں آئندہ چند روز کے دوران مختلف اضلاع میں پارٹی کنونشنز منعقد کیے جائیں گے، جن کے ذریعے کارکنوں کو متحرک، تنظیمی ڈھانچے کو مضبوط اور عوام کے ساتھ رابطوں کو مزید مؤثر بنایا جائے گا۔ ندیم کاکڑ نے واضح کیا کہ جمہوری وطن پارٹی آئندہ بلدیاتی انتخابات میں بھرپور حصہ لے گی اور عوامی نمائندگی کے ذریعے مقامی مسائل کے حل، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا کرے گی

آل پاکستان کول ٹریڈرز ایسوسی ایشن (ر) بلوچستان صوبائی چیئرمین احمد خان یارزئی کی سربراہی میں وفد کا نو منتخب کابینہ اور حاجی مرزا خلجی کو کوئٹہ چیمبر آف کامرس کے سینئر نائب صدر منتخب ہونے پر مبارکباد دے رہے ہیں

بلوچستان کے کھلاڑیوں میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں، خان محمد بڑیچ

نوجوانوں کو صحت مند سرگرمیوں کے مواقعوں کی فراہمی کو یقینی بنا رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما حاجی خان محمد بڑیچ، میر ثناء اللہ بنگلزئی، اختر بلوچ، پیپلز لیبر بیورو کے صدر شاہجہان گجر نے آل پاکستان وزیراعلیٰ بلوچستان گولڈ کپ فٹ بال ٹورنامنٹ کے کامیاب انعقاد پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، مشیر کھیل مینا مجید اور سیکرٹری سپورٹس درا بلوچ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ کی قیادت میں مخلوط صوبائی حکومت نوجوانوں کو کھیلوں کے بہتر مواقعوں کی فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے کھلاڑیوں میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی حکومت نوجوانوں کو کھیلوں کے بہترین مواقعوں کی فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے آل پاکستان وزیراعلیٰ بلوچستان گولڈ کپ فٹ بال ٹورنامنٹ اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گولڈ کپ میں ملک بھر سے ٹیموں نے بھرپور شرکت کی جس سے بلوچستان کے نوجوانوں کو کھیلوں کے بہترین مقابلے دیکھنے کو ملے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ کی خصوصی ہدایت پر محکمہ کھیل بلوچستان صوبے کے دور دراز علاقوں میں نوجوانوں کو صحت مند سرگرمیوں کے مواقعوں کی فراہمی کو یقینی بنا رہا ہے تاکہ نوجوان کو اپنی صلاحیتیں منوانے کے مواقع میسر آسکیں

کے پی میں گورنر راج اور گرفتاریاں قابل مذمت ہیں، صادق آغا

ایسے اقدامات جمہوری نظام میں سیاسی کشیدگی کو مزید بڑھا سکتے ہیں

کوئٹہ (اے این این) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے صوبہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ، وزیراعلیٰ سہیل خان ... قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے حل کیا جائے۔ سید صادق آغا نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف ایک عوامی سیاسی جماعت ہے جس نے ہمیشہ عوام کے حقوق، جمہوریت کی بالادستی، آئین ...

بلوچستان یوتھ انوویشن اینڈ انکیوبیشن مقابلہ 2026 کا اعلان

فارمنگ آرٹس، تھیٹر اور ثقافتی ترویج معاہدہ کے سلسلے میں آج تقریب منعقد ہوگا

آل پارٹیز کرسچن ریپریزنٹیو الائنس کی ایگزیکٹو باڈی کا اجلاس

طلبہ اور ملازمین کی صحت و ذہنی بہبود ترجیح ہے، وائس چانسلر ڈاکٹر گل حسن

ژوب میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی، چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد

ڈاکٹر حکیم لہڑی کی سیاسی و سماجی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی

اخبار فروش فیڈریشن کا ڈاکٹر عبدالحکیم لہڑی کی وفات پر اظہار تعزیت

سینٹ تریسہ سکول، اور بی ایچ یو بشیر آباد کا قبضہ ختم کرایا جائے، بشریٰ

ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے، چرچ مشنری ٹرسٹ ایسوسی ایشن

کلی سملی میں طبی مرکز نہ ہونے کے باعث مریضوں کو مشکلات

حقوق کے حصول پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، ڈاکٹر مقبول احمد

بزرگ شہریوں کیلئے مفت سفری سہولیات کا اعلان

حاجی مرزا خان کاکڑ کی والدہ ماجدہ انتقال کر گئیں

سوئیل کمیٹی گندا کے ترقیاتی منصوبوں میں مبینہ ناقص میٹریل اور اقرباپروری کی شکایات

فقیر محمد روڈ اندھیرے میں ڈوب گیا، طویل لوڈشیڈنگ سے شہریوں کا جینا محال کردیا

پی این پی عوامی یونٹ سازی، جوائنٹ روڈ یونٹ کا افتتاح

ڈاکٹروں کی عزت نفس پر حملہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، ینگ ڈاکٹرز

ڈیموں کی تعمیر سے بنجر علاقوں کو زرخیز بننے میں مدد ملے گی

موجودہ صورتحال سے پاکستانی عوام سخت پریشان ہیں، شفیق دولتزئی

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

مشرق وسطیٰ جنگ، توانائی کی قیمتوں میں اضافے اور معاشی دباؤ سے نمٹنے کیلئے 40 ممالک کی ہنگامی مالی مدد کرینگے، عالمی بینک

عالمی بینک کے منظور شدہ منصوبوں کے وسائل کا رخ موڑ کر مزید 35 ارب ڈالر حاصل کیے جا سکتے ہیں، جس سے مجموعی طور پر 60 ارب ڈالر تک کی امداد دستیاب ہوسکتی ہے، صدر اجے بنگا

عالمی معیشت اب تک خاصی مضبوط ثابت ہوئی، جس کی ایک وجہ مصنوعی ذہانت (اے آئی) میں بڑی سرمایہ کاری اور تیل کی طلب و رسد میں ہونے والی تبدیلیاں ہیں، بات چیت

واشنگٹن (م ڈ) عالمی بینک کے صدر اجے بنگا نے کہا ہے کہ ادارہ مشرق وسطیٰ کی جنگ کے باعث توانائی کی قیمتوں میں اضافے اور معاشی دباؤ سے نمٹنے کے لیے 30 سے 40 ممالک کے ساتھ ممکنہ ہنگامی مالی امداد پر بات چیت کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی معیشت اب تک خاصی مضبوط ثابت ہوئی ہے، جس کی ایک وجہ مصنوعی ذہانت (اے آئی) میں بڑی سرمایہ کاری اور تیل کی طلب و رسد میں ہونے والی تبدیلیاں ہیں۔ اسی باعث فروری کے اواخر میں جنگ شروع ہونے کے بعد عالمی بینک کی جانب سے ابتدائی طور پر دستیاب کرائے گئے 25 ارب ڈالر کے ہنگامی فنڈ سے بہت کم ممالک نے رجوع کیا۔ تاہم ان کے مطابق ڈیزل اور کھاد کی قیمتوں میں تیزی سے اضافے اور ممکنہ طور پر شدید ال نینو موسمی اثرات نے ترقی پذیر ممالک کے لیے مشکلات بڑھا دی ہیں۔ اجے بنگا نے کہا کہ ابتدائی 25 ارب ڈالر کے علاوہ عالمی بینک کے منظور شدہ منصوبوں کے وسائل کا رخ موڑ کر مزید 35 ارب ڈالر حاصل کیے جا سکتے ہیں، جس سے مجموعی طور پر 60 ارب ڈالر تک کی امداد دستیاب ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حالات مزید خراب ہونے کی صورت میں بینک اپنی مالی معاونت بڑھا کر 100 ارب ڈالر تک لے جا سکتا ہے، جو کووڈ 19 کی وبا کے دوران تقسیم کیے گئے 70 ارب ڈالر سے زیادہ ہوگی۔ عالمی بینک کے تخمینوں کے مطابق ترقی پذیر ممالک کو 2026 میں بیرونی قرض دہندگان کو تقریباً 400 ارب ڈالر ادا کرنے ہیں، جن میں ایک تہائی رقم صرف سود کی ادائیگیوں پر مشتمل ہے۔ اجے بنگا نے بتایا کہ عالمی بینک نے جون میں ختم ہونے والے مالی سال کے دوران نجی شعبے سے ریکارڈ 112 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری حاصل کی، جبکہ گزشتہ سال یہ رقم 69 ارب ڈالر تھی۔ اس کے علاوہ بینک نے اپنے وسائل سے 123 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کی، جس سے مجموعی رقم 235 ارب ڈالر ہوگئی۔ انہوں نے کہا کہ نجی سرمایہ کاری میں اضافہ ارجنٹینا، بھارت، بنگلہ دیش اور انگولا سمیت مختلف ممالک میں دیکھا گیا، تاہم کم آمدنی والے ممالک میں نجی سرمایہ کاری بڑھانے کے لیے مزید اقدامات درکار ہیں۔ اجے بنگا کے مطابق عالمی بینک اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) ترقی پذیر ممالک کے قرضوں کا بوجھ کم کرنے اور مقامی محصولات بڑھانے کے لیے مل کر کام کر رہے ہیں۔ بینک قرضوں کی لاگت کم کرنے کے لیے ضمانتوں اور قرضوں کے تبادلے کے منصوبوں پر بھی کام کر رہا ہے، تاکہ بچنے والے وسائل تعلیم، صحت، پانی اور ماحولیات پر خرچ کیے جا سکیں۔

بلوچستان میں رات کے سفر پر پابندی ختم کی جائے، ظاہر شاہ کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) آل پاکستان بس یونین اور پنجاب خیبرپختونخوا بس یونین کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ظاہر شاہ کاکڑ، جنرل سیکرٹری وزیر خان، نائب صدر اقبال سرگرد، ڈپٹی سیکرٹری حبیب اللہ خان اور سیکرٹری اطلاعات عبدالمتین نے کہا ہے کہ رات کے سفری بندش اور ٹائمنگ شیڈول نے ٹرانسپورٹ کے شعبے کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے، جس کے باعث نہ صرف ٹرانسپورٹرز کو مالی نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے بلکہ مسافروں کو بھی شدید پریشانی اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ ٹائمنگ شیڈول ختم کر کے ٹرانسپورٹ کے شعبے کو تباہی سے بچایا جائے۔

دہشتگردی میں عام شہریوں اور فورسز کا نشانہ بنایا جا رہا ہے، وزیراعظم

اسلام آباد پر چڑھائی کا ناپاک منصوبہ بنایا گیا، یہ نہیں چاہتے کہ ترقی اور سفارتی کامیابی آگے بڑھے، قانون ہر صورت لاگو کیا جائیگا

کے پی حکومت کو دہشتگردی کیخلاف 800 ارب روپے دیئے جاچکے، حکومت نے سی ٹی ڈی کو مضبوط نہیں کیا، شہباز شریف کا خطاب

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے دہشتگردی کے واقعات میں عام شہریوں اور سیکورٹی فورسز کو نشانہ بنایا جا رہا ہے لیکن خیبر پختونخوا حکومت دہشتگردوں کے خلاف ایک لفظ نہیں بولتی، پانی سر سے اوپر جا چکا، اب فیصلے کا وقت ہے۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا دو سال سے دہشتگردی میں عام شہریوں کو نشانہ بنایا جا رہا ہے، دن رات افواج پاکستان دہشتگردوں کے پیچھے جا رہی ہیں اور انہیں جہنم واصل کر رہی ہیں لیکن کے پی حکومت دہشتگردوں کا قلع قمع کرنے کے بجائے خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 10 سال میں کے پی حکومت کو دہشتگردی کے خلاف جنگ کے لیے 800 ارب روپے دیے جا چکے لیکن صوبائی حکومت نے سی ٹی ڈی کو مضبوط نہیں کیا۔ ان کا کہنا تھا خیبرپختونخوا حکومت وفاق کے ساتھ مل کر دہشتگردوں کا مقابلہ کرتا تو دورہ دہشتگردوں...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

ریاض ایئرپورٹ پر حوثیوں کا حملہ، 12 افراد جاں بحق، 309 زخمی

جاں بحق افراد میں چار سعودی، دو بنگلہ دیشی، امریکی، مصر، اردن، شام، فلسطین اور سوڈان کا شہری، زخمیوں میں پاکستانی بھی شامل

سعودی اتحاد کی جانب سے جوابی کارروائی کا اعلان، الخرج گورنریٹ کی جانب داغا گیا بیلسٹک میزائل تباہ کر دیا، سعودی حکام

شہریوں اور اہم تنصیبات کو نشانہ بنانا کسی صورت قابل قبول نہیں، حملے علاقائی امن و استحکام کیلئے سنگین خطرہ ہیں، شہباز شریف

ریاض، اسلام آباد (م ڈ) حوثیوں کے ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر حملے میں بارہ افراد جاں بحق اور تین سو نو زخمی ہوگئے۔ سعودی سول ڈیفنس نے ہلاکتوں اور زخمیوں کی تصدیق کر دی، جاں بحق افراد میں چار سعودی اور دو بنگلہ دیشی شہری شامل ہیں، حملے میں امریکا، مصر، اردن، شام، فلسطین اور سوڈان کا ایک، ایک شہری بھی جان سے ہاتھ دھو بیٹھا، زخمیوں میں متعدد کی حالت تشویشناک بتائی جا رہی ہے۔ سعودی اتحاد نے حملے کو دہشت گردی اور جنگی جرم قرار دیتے ہوئے جوابی کارروائی کا اعلان کر دیا، سعودی حکام کے مطابق الخرج...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ مسلم لیگ ن بلوچستان کے زیر اہتمام جلسے سے خطاب کر رہے ہیں

وفاقی وزراء عطا تارڑ، اعظم نذیر تارڑ، محسن نقوی و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کے پی میں گورنر راج کا نفاذ آئین کا حصہ ہے، عبدالخالق اچکزئی

موجودہ حالات میں کے پی حکومت کی کارکردگی اور امور چلانے کی صلاحیت پر سنجیدہ سوالات اٹھے، دہشت گردی کیخلاف صوبائی اور وفاقی حکومتوں کا ہم آہنگ ہونا ناگزیر ہے، اسپیکر بلوچستان

بلوچستان میں بھی 2013 میں گورنر راج نافذ کیا گیا، اس لیے گورنر راج کی بات کرنا کوئی انہونی یا غیر معمولی بات نہیں گورنر راج آئین میں موجود ایک انتظامی و آئینی طریقہ کار ہے، اظہار خیال

مزدوروں کو درپیش مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرینگے، گورنر

حکومت اور مزدور تنظیموں کے درمیان مؤثر رابطہ مزدوروں کی فلاح اور انکے جائز مسائل کے حل میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے

مزدور طبقہ ملکی معیشت اور ترقی میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے، نومنتخب نمائندے مزدوروں کیلئے اپنے دروازے کھلے رکھیں، خطاب

...شہریوں کو ریلیف کی فراہمی یقینی بنائیں۔ میاں محمد نواز شریف ہمیشہ مزدوروں کی فلاح و بہبود کو خصوصی اہمیت دیتے رہے ہیں۔ مزدور طبقہ ملکی معیشت اور ترقی میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے، اس لیے ان کے مسائل کا حل اور حقوق کا تحفظ ہماری ترجیحات میں شامل ہیں۔ انہوں نے نسیم الرحمن ملاخیل کو کنوینر منتخب ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ انہیں سیاست میں نچلی سطح سے لیکر اعلیٰ سطح تک کام کرنے کا وسیع تجربہ حاصل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

بدامنی کی سب سے بڑی وجہ خود حکمران ہیں، علامہ ناصر عباس

دو تہائی اکثریت والی حکومت کو گورنر راج اور ایمرجنسی سے ختم کر دیا گیا ہے

یمن جانیوالی تارکین وطن کی کشتی الٹ گئی، 15 بچوں سمیت 109 افراد ہلاک

مشرقی افریقی ملک جبوتی سے یمن جا رہی تھی، 350 افراد سوار تھے، 80 سے زیادہ مسافروں کو بچالیا گیا

اب تک برآمد کی گئی لاشوں میں 52 مردوں، 42 خواتین، 9 لڑکیوں اور 6 لڑکوں کی لاشیں شامل، آئی ایم او کی رپورٹ

...افراد لاپتا ہیں۔ رپورٹ کے مطابق زندہ بچ جانے والے 80 سے زائد تمام افراد ایتھوپیا کے شہری تھے۔ عالمی ادارہ برائے مہاجرین (آئی ایم او) کے مطابق ہر سال قرن افریقا (ایتھوپیا، صومالیہ، اریٹیریا، جبوتی) سے تعلق رکھنے والے ہزاروں تارکین وطن...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر راج، پی ٹی آئی کا احتجاج، کوئٹہ چمن شاہراہ بلاک

صوبائی صدر داؤد شاہ کاکڑ کی قیادت میں رہنماؤں کی شرکت

...کے کارکنوں نے احتجاج کرتے ہوئے کوئٹہ چمن...... کاکڑ کی...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرمپ کا حوثیوں کیخلاف کارروائیوں میں شامل ہونے پر غور

امریکی صدر کی جانب سے ریاض ایئرپورٹ پر حملے کی شدید مذمت

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ریاض ایئرپورٹ پر حملے کو خوفناک واقعہ قرار دیتے ہوئے حوثیوں کے خلاف کارروائیوں میں شامل ہونے پر غور کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے امریکی صدر نے کہا کہ سعودی بہادر لوگ ہیں...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

تاجر حاجی سمیع اللہ بلوچ کے قتل میں ملوث افراد کو گرفتار کیا جائے، ورثا کا مطالبہ

پنجگور (یو این اے) ضلع واشک کے علاقے ناگ اور پنجگور کے درمیان مسلح افراد کی فائرنگ سے قتل ہونے والے پنجگور کے معروف تاجر حاجی سمیع اللہ بلوچ کے ورثا نے حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے میں ملوث ملزمان کو فوری گرفتار کر کے خاندان کو انصاف فراہم کیا جائے۔ انہوں نے متعلقہ مسلح تنظیم سے بھی واقعے کے بارے میں اپنا موقف واضح کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ خدا آباد میں اپنی رہائش گاہ پر ہجوم پریس کانفرنس کرتے ہوئے مقتول کے بھائیوں نعمت اللہ بلوچ اور کفایت اللہ بلوچ، حاجی عبدالغفار شیہ زئی اور دیگر عزیز و اقارب نے بتایا کہ 8 اکتوبر 2026 کو حاجی سمیع اللہ بلوچ کو ناگ اور پنجگور کے درمیان فائرنگ کر کے قتل کیا گیا۔

ڈیرہ بگٹی: گیس پائپ لائن کیساتھ نصب دھماکہ خیز مواد ناکارہ بنا دیا گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی میں گیس پائپ لائن اڑانے کی کوشش سکیورٹی فورسز نے ناکام بنا دی بھاری مقدار میں دھماکہ خیز مواد ناکارہ بنا دیا گیا پولیس کے مطابق سوئی پولیس تھانے کی حدود سوئی دیار کالونی گیٹ نمبر پانچ میں مین گیس پائپ لائن کو دھماکہ خیز مواد سے اڑانے کی کوشش سیکورٹی فورسز نے ناکام بناتے ہوئے بھاری مقدار میں نصب دھماکہ خیز مواد کو ناکارہ بنا دیا گیا۔

ڈیرہ مراد جمالی میں بڑی ڈکیتی، شہریوں میں خوف و ہراس، ملزمان کی گرفتاری کا مطالبہ

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میں سب سے بڑی ڈکیتی پولیس کی وردی میں ملبوس افراد نے گھر میں گھس کر اسلحے کے زور پر اہل خانہ کو یرغمال بنا کر 20 لاکھ روپے، تین تولہ سونا، چاندی طلائی زیورات گھریلو سامان موٹر سائیکل تین قیمتی ٹچ موبائل فون لوٹ کر فرار ہوگئے واقعے کے بعد شہریوں میں سخت خوف و ہراس پھیل گیا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی سٹی پولیس تھانے کی حدود ڈیرہ مراد جمالی وارڈ نمبر میں نجو محلہ میں گزشتہ شب مبینہ طور پر پولیس وردی میں ملبوس افراد فرنٹیئر عبدالغفور ابڑو کے گھر میں گھس کر اہل خانہ کو اسلحے کے زور پر یرغمال بنا کر ایک کمرے میں بند کر کے گھر سے بیس لاکھ روپے کیش نقدی تین تولہ سونا چاندی طلائی زیورات تین قیمتی ٹچ موبائل فون موٹر سائیکل و دیگر قیمتی سامان لوٹ کر فرار ہوگئے۔

گورنر جعفر مندوخیل مسلم لیگ ن لیبر ونگ بلوچستان کی منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

گورنر راج غیر معینہ مدت کیلئے ہوسکتا ہے، رانا ثناء

نئے سیٹ اپ میں صوبائی حکومت سول انتظامیہ کی کمی کو پورا کرے گی

انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز جاری رہیں گے، معاون خصوصی برائے سیاسی امور

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف کے معاون خصوصی برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی غیر معینہ مدت کے لیے ہو سکتی ہے۔ ایک انٹرویو میں رانا ثناء اللہ نے کہا کہ کوئی بڑا آپریشن نہیں ہوگا، کسی کو تنگ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز جاری رہیں گے، نئے سیٹ اپ میں صوبائی حکومت سول انتظامیہ کی کمی کو پورا کرے گی۔ رانا ثناء اللہ نے دعویٰ کیا کہ پی ٹی آئی کے لوگ ٹی ٹی پی...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

خیبر پختونخوا سے ایڈمنسٹریٹو سروس کے 15 افسران تبدیل

تمام افسران کو اسٹیبلشمنٹ ڈویژن رپورٹ کرنے کا حکم دیا گیا ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا سے ایڈمنسٹریٹو سروس کے 15 افسروں کو تبدیل کر دیا گیا، تفصیلات کے مطابق، ذرائع کے مطابق گریڈ 21 کے اکرام اللہ، گریڈ 20 کے شاہد اللہ، گریڈ 19 کے شاہ فہد، گریڈ 18 کے کیپٹن (ر) زبیر خان، گریڈ 19 کے کیپٹن (ر) میاں عادل اقبال، گریڈ 18 کے وقار علی، گریڈ 21 کے تبریز علی خان، گریڈ...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد ایئرپورٹ، مسافروں کی رہنمائی کیلئے آفیشل ہیلپ لائن کی سہولت فراہم

پری ڈیپارچر فیسلیٹیشن ڈیسک سے سفری دستاویزات اور امیگریشن معلومات دستیاب ہونگی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کے پری ڈیپارچر فیسلیٹیشن ڈیسک، اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی جانب سے مسافروں کو سفری دستاویزات کی جانچ، رہنمائی اور امیگریشن سے متعلق سوالات کے لیے آفیشل ہیلپ لائن فراہم کر دی گئی ہے۔ مسافر دفتری اوقات، صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک، ہیلپ لائن نمبر 0303-5099581 پر رابطہ کر کے سفری دستاویزات اور امیگریشن سے متعلق معلومات اور...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد: ریڈ الرٹ جاری، پولیس کی بھاری نفری تعینات

شہر کے داخلی راستوں پر اہلکار موجود، حساس عمارتوں پر رینجرز تعینات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کے بعد وفاقی دارالحکومت میں پولیس کی اضافی نفری تعینات کرتے ہوئے ریڈ الرٹ جاری کر دیا گیا۔ ذرائع کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ اسلام آباد کے تمام چوک چوراہوں پر پولیس کی بھاری نفری تعینات کی گئی ہے۔ جبکہ شہر کے داخلی راستوں پر بھاری نفری پہنچا دی گئی، ریڈ زون میں غیر متعلقہ افراد کا داخلہ بند کر دیا گیا اور حساس عمارتوں پر رینجرز بھی تعینات کی گئی ہے۔ ذرائع کا...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

کے پی کا سسٹم ری سیٹ کردیا، عوام کو یوم نجات مبارک، اختیار ولی

صوبے میں لاقانونیت، کرپشن کا راج ہے، پولیس کو ربڑ اسٹیمپ بنا دیا گیا، گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم کے معاون خصوصی نے کہا کہ خیبر پختونخوا کا سسٹم ری سیٹ کر دیا گیا ہے، صوبے کے عوام کو یوم نجات مبارک ہو۔ وفاقی کابینہ اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اختیار ولی نے کہا کہ کے پی میں لاقانونیت، کرپشن، منشیات کے سوداگروں کا راج ہے۔ پولیس کو ربڑ اسٹیمپ بنا دیا گیا۔ وفاقی کابینہ کا یہ ایکشن بہت...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

کے پی، دہشت گردی میں 195 فیصد اضافہ

ڈرون حملوں کی تعداد 170 تک پہنچ گئی، خصوصی سیکورٹی رپورٹس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صوبہ خیبر پختونخوا میں حالیہ دو سالوں میں دہشت گردی کے واقعات میں 195 فیصد اضافہ ہوا جبکہ ڈرون حملوں کی تعداد 170 تک پہنچ گئی، پولیس میں 9 ہزار سے زائد آسامیاں خالی ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ میڈیا رپورٹ...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

بولان: قومی شاہراہ پر حادثات، خواتین و بچوں سمیت 11 افراد جاں بحق

19 مسافر زخمی ہوگئے، مزدا گاڑی اور مسافر وین میں تصادم سے وین پل سے نیچے گر گئی، لاشیں و زخمی ہسپتال منتقل

ڈھاڈر کے قریب دربی کے مقام پر آلٹو کار اور مزدا میں تصادم سے خاتون اور بچے سمیت 4 افراد موقع پر دم توڑ گئے

بولان (نامہ نگار) بولان قومی شاہراہ N65 پر دو مختلف حادثات میں خواتین بچوں سمیت 11 افراد جان کی بازی ہار گئے 19 مسافر زخمی ہوگئے تفصیلات کے مطابق بولان قومی شاہراہ N65 پر پہلا حادثہ مچھ کے قریب پیش آیا جہاں مزدا گاڑی اور مسافر وین میں تصادم ہوا تصادم کے نتیجے میں مسافر وین پل سے نیچے گر گیا جس کی وجہ سے موقع پر متعدد مسافر...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر



علی امین گنڈاپور گھر میں نظر بند، پولیس نفری تعینات

علاقے میں سیکورٹی کے انتظامات سخت کر دیے گئے، ذرائع

پشاور (م ڈ) سابق وزیراعلیٰ علی امین خان گنڈاپور کو گھر میں نظر بند کر کے پولیس کی بھاری نفری تعینات کر دی گئی۔ پولیس...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

جے یو آئی کے امیر مولانا فضل الرحمن پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پی ٹی آئی حکومت کو اپنی آئینی مدت پوری کرنے کا موقع دیا جائے، عرفان خلجی

جمہوری نظام میں حکومتوں کی تبدیلی کا راستہ عوامی مینڈیٹ، آئین اور قانون کے تحت طے ہونا چاہیے

کوئٹہ (اے این این) مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری مظلوم عوامی تحریک پاکستان محمد عرفان خلجی نے وفاقی حکومت کی جانب سے خیبر پختونخوا میں گورنر راج یا ایمرجنسی کے نفاذ کی کوششوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے میں منتخب پی ٹی آئی حکومت کو اپنی آئینی مدت پوری کرنے کا موقع دیا جائے۔ جمہوری نظام میں حکومتوں کی تبدیلی کا راستہ عوامی مینڈیٹ، آئین اور قانون کے تحت طے ہونا چاہیے، نہ کہ ایسے اقدامات کے ذریعے جو سیاسی عدم استحکام کو جنم دیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام نے اپنے ووٹ کے ذریعے...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

نیو دہلی: کاکروچ جنتا پارٹی کے رہنما 24 گھنٹے بعد رہا ہوگئے

1 سال تک امن عامہ کی خلاف ورزی نہ کرنے کی شرط پر رہا کیا گیا

نیو دہلی میں انٹرنیٹ سروس بحال ہوگئی، میٹرو اسٹیشن کھول دیئے گئے

نیو دہلی (م ڈ) بھارت میں چیف الیکشن کمشنر کے خلاف نئی دہلی میں احتجاجی مارچ کی کال دینے والے نوجوانوں کی جماعت کاکروچ جنتا پارٹی کے رہنماؤں کو 24 گھنٹے بعد رہا کر دیا گیا۔ نیو دہلی میں انٹرنیٹ سروس بحال کر دی گئی جبکہ میٹرو اسٹیشن کھول دیے گئے...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان معاہدہ خوش آئند ہے، سید امان شاہ

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان ایک ارب 21 کروڑ ڈالر کے معاہدے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کو موجودہ معاشی مشکلات سے نکالنے، مالی استحکام پیدا کرنے اور معیشت کو مستحکم بنیادوں پر استوار کرنے کے لیے مؤثر اور دیرپا پالیسیوں کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو درپیش معاشی چیلنجز کے تناظر میں عالمی مالیاتی اداروں کے ساتھ معاہدے اہمیت رکھتے ہیں، تاہم ان معاہدوں کے ثمرات عام شہری تک پہنچانا حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے۔

پشین: افغانستان سے گولہ بارود لانے کی کوشش ناکام

خفیہ اطلاع پر فورسز نے گودام سے اسلحہ و گولہ بارود سے بھری گاڑی برآمد کرلی

کوئٹہ (این این آئی) سکیورٹی فورسز نے پشین میں انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کرتے ہوئے افغانستان سے گولا بارود لانے کی کوشش ناکام بنا دی۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق ایف سی بلوچستان اور سکیورٹی فورسز کی جانب سے آپریشن ردالفتنہ کے تحت مشترکہ کارروائی کی۔ سکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ پشین میں انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی میں افغانستان سے گولا بارود...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

قلات کے علاقے چھپر سے 4 افراد کی لاشیں برآمد

تین افراد کا تعلق دشت گوران سے تھا، لاشیں ورثاء کے حوالے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) قلات اور خالو ابار سے چار لاشیں ملی تین ورثاء کے حوالے کر دی گئی، پولیس کے مطابق پولیس کو اطلاع ملی تھی کہ قلات کے علاقے چھپر میں سڑک کے کنارے تین لاش پڑی ہوئی ہے پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاشوں کو ہسپتال پہنچایا جہاں لاشوں...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

مسلم لیگ ن کے رکن بلوچستان اسمبلی زرک مندوخیل کی قیادت میں کے پی میں گورنر راج لگائے جانے کے بعد یوم نجات کی مناسبت سے ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

کے پی کے حکومت خاتمے کا فیصلہ ایک اہم سیاسی پیش رفت ہے، صلاح الدین زہری

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما و ڈسٹرکٹ چیئرمین خضدار حاجی صلاح الدین زہری نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یوم نجات خیبر پختونخوا کے عوام کے لیے امن، ترقی اور خوشحال مستقبل کی امید کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے تحریک انصاف کی حکومت کے خاتمے کا فیصلہ ایک اہم سیاسی پیش رفت ہے، جس سے صوبے میں بہتر طرز حکمرانی، امن و امان اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے نئی راہیں کھلیں گی۔ ان کا کہنا تھا کہ تحریک انصاف کی حکومت عوام کو روزگار، معیاری تعلیم، بہتر صحت کی سہولیات اور خوشحالی فراہم کرنے میں ناکام رہی، جبکہ عوام گزشتہ کئی برسوں سے بنیادی سہولیات کے منتظر ہیں۔

ایمرجنسی پورے صوبے میں نافذ کی گئی، وفاقی حکومت

صرف 12 اضلاع میں ایمرجنسی کی افواہ بے بنیاد اور گمراہ کن ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی تمام صوبے میں لگائی گئی ہے۔ ایمرجنسی صرف 12 ضلعوں میں لگنے کی سوشل میڈیا پر پھیلائی جاری افواہ بے بنیاد اور گمراہ کن ہے۔ خیبر پختونخوا میں وفاقی حکومت کے ذمہ دار ذرائع نے آج رات یہ وضاحت جاری کی ہے کہ ایمرجنسی کا نفاذ سارے صوبہ خیبر پختونخوا میں کیا گیا ہے۔ سوشل میڈیا کے بعض انفلوئنسرز یہ تاثر دینے کی کوشش کر رہے ہیں کہ خیبر پختونخوا کے صرف 12 اضلاع میں آئین کے آرٹیکل 232 کے تحت ایمرجنسی نافذ کی گئی ہے یہ تاثر درست نہیں ہے۔ حکومت پاکستان کی جانب سے جاری کردہ گزٹ نوٹیفکیشن کے مطابق آئین کے آرٹیکل 232 کے...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کوسٹ گارڈ کی پٹرولنگ گن بوٹس پر حملہ، 8 اہلکار زخمی

واقعہ جیونی کے ساحلی علاقے میں پیش آیا، زخمی گوادر ہسپتال منتقل

گوادر (یو این اے) بلوچستان کے ساحلی علاقے جیونی میں پاکستان کوسٹ گارڈ کی پٹرولنگ گن بوٹس پر مسلح افراد نے حملہ کیا، جس کے نتیجے میں 8 اہلکار زخمی ہوگئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق جیونی میں پاکستان کوسٹ گارڈ کی پٹرولنگ گن بوٹس کو مسلح افراد نے...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

حسن مشتاق سکھیرا کی قیادت میں راولپنڈی پولیس کا شہر بھر میں فلیگ مارچ

فلیگ مارچ میں ضلعی و ٹریفک پولیس، ڈولفن سکواڈ، ایلیٹ فورس اور دیگر یونٹس نے حصہ لیا

راولپنڈی (زاہد احمد خان) سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی قیادت میں راولپنڈی پولیس کا شہر بھر میں فلیگ مارچ، ایس ایس پی آپریشنز، ایس ایس پی انویسٹیگیشن، چیف ٹریفک آفیسر، ایس پی سیکورٹی، ایس پی ہیڈ کوارٹرز اور دیگر سینئر افسران بھی فلیگ مارچ میں شریک، فلیگ مارچ میں ضلعی و ٹریفک پولیس، ڈولفن سکواڈ، ایلیٹ فورس اور دیگر یونٹس نے حصہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی قیادت میں راولپنڈی پولیس کا شہر بھر میں فلیگ مارچ، ایس ایس پی آپریشنز، ایس ایس پی انویسٹیگیشن، چیف ٹریفک آفیسر، ایس پی سیکورٹی، ایس پی ہیڈ کوارٹرز اور دیگر سینئر افسران بھی فلیگ مارچ میں شریک، فلیگ مارچ میں ضلعی و ٹریفک پولیس، ڈولفن سکواڈ، ایلیٹ فورس اور دیگر یونٹس نے حصہ لیا، فلیگ مارچ پولیس لائنز سے شروع ہو کر عمار چوک، کورال، رحیم آباد، راول روڈ، مری روڈ، فیض آباد سے مریڑ چوک، مال روڈ، صدر، پشاور روڈ اور شہر کے دیگر علاقوں سے ہوتا ہوا پولیس لائنز میں اختتام پذیر ہوا۔

بلوچستان کا مستقبل بندوق نہیں، تعلیم، ترقی اور خوشحالی سے وابستہ ہے، بابر یوسفزئی

نور خان بگٹی اور ساتھیوں کی قومی دھارے میں واپسی بلوچستان میں امن کے لیے مثبت پیش رفت ہے، معاون برائے داخلہ

قانون کی حکمرانی، مذاکرات اور عوامی اعتماد کا فروغ بلوچستان میں پائیدار امن کے لیے عملی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، بیان

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے اقدامات قابل تحسین ہیں، ڈیرہ بگٹی کے فراری کمانڈر نور خان بگٹی اور ان کے ساتھیوں کی قومی دھارے میں واپسی بلوچستان میں امن و استحکام کے لیے مثبت پیش رفت ہے۔ ان خیالات کا اظہار معاون برائے داخلہ حکومت بلوچستان بابر یوسفزئی نے اپنے بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ فراری کمانڈر نور خان بگٹی کی اپنے ساتھیوں اور خاندان سمیت واپسی صوبے میں امن و استحکام کے لیے نیک شگون ثابت ہو سکتی ہے، جبکہ اس پیش رفت سے علاقے میں اعتماد کی فضا بہتر بنانے اور امن کی کوششوں کو تقویت ملنے کی امید ہے۔ بابر یوسفزئی نے کہا کہ بلوچستان کا مستقبل بندوق نہیں بلکہ امن، ترقی، تعلیم اور خوشحالی سے وابستہ ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی صوبے میں امن کے قیام اور عوام کو ترقی کے یکساں مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہیں، جبکہ صوبائی حکومت کی امن دوست پالیسیوں کا بنیادی مقصد عوام کو محفوظ، مستحکم اور خوشحال مستقبل فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست سے وابستگی اور آئین و قانون کی پاسداری ہی بلوچستان میں پائیدار امن کی ضمانت ہے۔ فراری عناصر کی قومی دھارے میں واپسی اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ امن، مفاہمت اور ترقی کا راستہ ہمیشہ کھلا رہنا چاہیے۔

پی پی بلوچستان کی نئی کابینہ کارکنوں کی محرومیوں کا ازالہ کرے، حیات اللہ کاکڑ

پیپلز پارٹی کے دیرینہ کارکنوں کو ملازمتوں اور ترقیاتی کاموں میں یکساں مواقع دیے جائیں، بیان

قلعہ سیف اللہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کی صوبائی کونسل کے رکن حیات اللہ خان کاکڑ نے اپنے ایک بیان میں بلوچستان میں پیپلز پارٹی کی نو تشکیل شدہ کابینہ، بالخصوص صوبائی وزراء سردار بابا عمرانی، سکینہ عبداللہ اور دیگر کابینہ اراکین کو مبارکباد پیش کی ہے۔ حیات اللہ خان کاکڑ نے امید ظاہر کی کہ نئی صوبائی کابینہ گوادر سے ژوب تک پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں کے مسائل حل کرنے کے لیے بھرپور کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ تین سال کے دوران پارٹی کارکنوں کے مسائل حل کرنے کے لیے خاطر خواہ اقدامات نہیں کیے گئے۔

پی ٹی آئی کی سیاست سے ملکی ترقی اور معاشی استحکام متاثر ہو رہا ہے، میر حمزہ زہری

خیبر پختونخوا میں امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے عملی اقدامات ناگزیر ہیں، صوبائی مشیر بلدیات

سیاسی نعروں کے بجائے عوامی خدمت، شفافیت اور روزگار کی فراہمی کو ترجیح دی جائے، کے پی کے میں ایمرجنسی پر ردعمل

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ میر حمزہ خان زہری نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی ملک کے لیے فتنہ بن چکی ہے اور اس کی سیاست سے ملکی ترقی اور معاشی استحکام متاثر ہو رہا ہے۔ پاکستان ہے تو ہم ہیں اور ہماری سیاست ہے یوم نجات خیبر پختونخوا کے عوام کے لیے نئے عزم، امن، ترقی اور خوشحال مستقبل کی امید کا دن ہے انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی حکومت کے خاتمے کا فیصلہ ایک اہم سیاسی پیش رفت ہے، جس سے صوبے میں بہتر طرز حکمرانی، امن و امان اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے نئی راہیں کھلنے کی توقع ہے۔ عوام گزشتہ کئی برسوں سے روزگار، معیاری تعلیم، بہتر صحت کی سہولیات اور خوشحالی کے منتظر ہیں، جن کی فراہمی حکومت کی اولین ذمہ داری ہے صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں سیاسی نعروں کے بجائے عملی کارکردگی، شفافیت اور عوامی خدمت کو ترجیح دی جانی چاہیے صوبے کے قدرتی وسائل، معدنی ذخائر اور سیاحتی امکانات کو مؤثر انداز میں بروئے کار لا کر روزگار کے مواقع پیدا کرنے، سرمایہ کاری بڑھانے اور معیشت کو مضبوط بنانے میں مدد مل سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوم نجات...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو: پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمدؒ
ٹیلی فون نمبر:۔ 2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:۔ 2835934-2830228
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

پیر 12 اکتوبر 2026ء

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کا نفاذ۔ قیام امن کے لئے ناگزیر آئینی اقدام!

وفاقی حکومت نے خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے بڑھتے ہوئے سنگین خطرات، صوبائی حکومت کی عدم دلچسپی اور آئینی مشینری کی ناکامی کے بعد آئین کے آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت صوبے میں فوری طور پر ایمرجنسی نافذ کر کے صوبائی حکومت کو غیر فعال کر دیا ہے اور تمام تر انتظامی اختیارات گورنر خیبر پختونخوا کے سپرد کر دیے ہیں۔ دو گھنٹے سے زائد طویل وفاقی کابینہ کے تفصیلی اجلاس میں گورنر خیبر پختونخوا کی تشویشناک رپورٹ اور سکیورٹی اداروں کے مواد کا جائزہ لینے کے بعد وزیراعظم نے صدر مملکت کو ایمرجنسی کے نفاذ کی ایڈوائس بھیجی، جس کی قانونی ضروریات پوری ہونے کے بعد وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وفاقی وزیر قانون سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا تارڑ، وزیر مملکت داخلہ سینیٹر طلال چوہدری اور شزہ فاطمہ خواجہ... کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس میں باضابطہ اعلان کیا اور ساری صورتحال کی تفصیلات بتائی ہیں وفاقی وزیر داخلہ کے مطابق صوبے کے بارہ اضلاع میں حالات اس قدر خراب ہو چکے ہیں کہ شام کے بعد شہریوں کا گھروں سے نکلنا بھی مشکل ہو جاتا ہے۔ پولیس اہلکاروں کو مسلسل ٹارگٹ کلنگ کا سامنا ہے، کسٹمز حکام اور سکیورٹی فورسز کو نشانہ بنایا جا رہا ہے، جبکہ الیکشن کمیشن کے ایک سینئر افسر کی شہادت بھی صورت حال کی سنگینی کو ظاہر کرتی ہے۔ حکومت کی جانب سے پیش کیے گئے اعداد وشمار کے مطابق گزشتہ ڈھائی سال کے دوران دہشت گردی اور انتہا پسندی کے واقعات میں تقریباً 196 فیصد اضافہ ہوا ہے، وفاقی حکومت کا کہنا ہے کہ ایمرجنسی کا فیصلہ اچانک نہیں کیا گیا۔ اس سے قبل ایک ماہ سے زائد عرصے تک مختلف سطحوں پر کوششیں جاری رہیں کہ خیبر پختونخوا حکومت کو اعتماد میں لے کر دہشت گردی کے خلاف مشترکہ حکمت عملی اختیار کی جائے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی کے مطابق وہ خود بھی پس پردہ رابطوں میں مصروف رہے اور حکومت کی کوشش تھی کہ سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر قومی سلامتی کے معاملے پر اتفاق رائے پیدا کیا جائے۔ وفاقی حکومت کے مطابق پی ٹی آئی کے لانگ مارچ سے قبل ملاقاتوں اور علاج سمیت مختلف مطالبات پر پیش رفت کی جا رہی تھی۔ وزیراعظم کے دورہ نیویارک سے پہلے بھی اپوزیشن رہنماؤں سے بات چیت طے کرنے کی کوشش کی گئی، لیکن اس سلسلے میں حتمی جواب نہیں مل سکا۔ بعدازاں صدر اور وزیراعظم کی قائم کردہ کمیٹی کے تحت پی ٹی آئی رہنماؤں سے مذاکرات ہوئے۔ ان مذاکرات میں اسد قیصر کی جانب سے دہشت گردی کے خلاف مل کر لڑنے کے عزم کا اظہار بھی کیا گیا، تاہم خیبر پختونخوا حکومت کو مشترکہ حکمت عملی میں شامل کرنے کے معاملے پر اتفاق نہ ہو سکا۔ محسن نقوی کے مطابق مذاکرات کے دوران تجاویز اور مسودے پر تین سے چار مرتبہ اتفاق رائے کی صورت پیدا ہوئی اور بعض تجاویز کو بھی شامل کیا گیا، لیکن ہر مرحلے پر صوبائی حکومت کی جانب سے نیا موقف سامنے آنے کے باعث معاملہ آگے نہ بڑھ سکا۔ ان کے بقول رات پونے بارہ بجے تک رابطے جاری رکھے گئے تاکہ کسی درمیانی راستے تک پہنچا جا سکے، لیکن کوئی قابل عمل نتیجہ سامنے نہیں آیا۔ مولانا فضل الرحمن کی وزیراعظم اور پی ٹی آئی قیادت سے ملاقاتیں بھی اس تعطل کو ختم نہ کر سکیں۔ ان تفصیلات سے وفاقی حکومت کا یہ موقف سامنے آتا ہے کہ اس نے سیاسی مکالمے کے ذریعے مسئلے کا حل نکالنے کی کوشش کی، مگر دہشت گردی کے خلاف عملی تعاون کے معاملے پر مطلوبہ پیش رفت نہ ہو سکی۔ اگر مذاکرات میں سیاسی مطالبات پر بات ہو سکتی ہے تو پھر شہریوں کے تحفظ اور دہشت گردی کے خاتمے کے لئے مشترکہ لائحہ عمل پر اتفاق کیوں ممکن نہ ہوا؟ یہ سوال صوبائی قیادت کے ساتھ ساتھ تمام سیاسی قوتوں کے لئے بھی اہمیت رکھتا ہے۔ جمہوری نظام میں سیاسی اختلافات، احتجاج اور حکومت پر تنقید ہر جماعت کا حق ہیں۔ وفاقی حکومت کے خلاف احتجاج کرنا یا سیاسی مطالبات پیش کرنا بذات خود کوئی غیر معمولی بات نہیں۔ تاہم، قومی سلامتی کے معاملات میں سیاسی اختلافات کو اس حد تک غالب نہیں آنا چاہئے کہ دہشت گردی کے خلاف مشترکہ کوششیں متاثر ہونے لگیں۔ گزشتہ دو سے تین ہفتوں کے دوران خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ کی جانب سے تند وتیز بیانات اور سخت لب ولہجے میں تقاریر نے وفاق اور صوبے کے درمیان سیاسی کشیدگی کو نمایاں کیا۔ ایسے ماحول میں جب ایک طرف دہشت گردی کے واقعات بڑھ رہے ہوں اور دوسری طرف سیاسی محاذ آرائی میں شدت آ رہی ہو تو حکومتوں کی ترجیحات پر سوالات اٹھنا فطری ہے۔ وفاقی حکومت کا اعتراض یہی ہے کہ صوبائی قیادت نے قومی سلامتی کے معاملے پر مطلوبہ توجہ دینے کے بجائے سیاسی معاملات کو زیادہ اہمیت دی۔ اس کے باوجود یہ بات واضح رہنی چاہئے کہ کسی صوبائی حکومت کی کارکردگی کا جائزہ اس کے اقدامات، پالیسیوں اور دستیاب شواہد کی بنیاد پر ہونا چاہئے، نہ کہ محض سیاسی اختلاف کی بنیاد پر۔ خیبر پختونخوا کی حکومت کو بھی اپنا موقف پیش کرنے اور اپنے فیصلوں کی وضاحت کرنے کا حق حاصل ہے۔ لیکن یہ حق اسی وقت عوامی اعتماد کو مضبوط بنائے گا جب سیاسی بیانات کے ساتھ ساتھ امن وامان کی بہتری کے لئے قابل پیمائش عملی اقدامات بھی دکھائی دیں۔ وزیر داخلہ نے پولیس کے لئے مختص ہیں ارب روپے کے بجٹ کا حوالہ دیتے ہوئے بھی صوبائی حکومت کی کارکردگی پر سوال اٹھائے ہیں جبکہ وفاقی وزیر قانون وانصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے مشترکہ پریس کانفرنس میں واضح کیا کہ صدر مملکت نے وزیراعظم کی ایڈوائس پر آئین کے آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کیا ہے۔ ان کے مطابق وفاقی کابینہ کے دو گھنٹے سے زائد طویل اجلاس میں گورنر خیبر پختونخوا کی رپورٹ اور سکیورٹی اداروں کی فراہم کردہ معلومات کا جائزہ لیا گیا، جس کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا۔ حکومت کا موقف ہے کہ موجودہ حالات میں آئینی اختیارات استعمال کیے گئے ہیں اور کوئی اقدام آئین وقانون سے ہٹ کر نہیں کیا گیا۔ اس فیصلے کے تحت وزیراعلیٰ، صوبائی کابینہ، مشیروں اور معاونین خصوصی کے اختیارات گورنر کو منتقل کیے گئے ہیں، جبکہ گورنر کی معاونت کے لئے گیارہ رکنی مشاورتی کونسل تشکیل دی گئی ہے۔ ایمرجنسی اور گورنر راج کے اعلان کے بعد سب سے اہم سوال یہ ہے کہ اس سے عام شہریوں کی زندگی میں کیا تبدیلی آئے گی۔ دہشت گردی سے متاثرہ علاقوں کے عوام کو صرف انتظامی ڈھانچے کی تبدیلی نہیں، بلکہ تحفظ، روزگار، تعلیم، صحت اور معمولات زندگی کی بحالی درکار ہے۔ شام کے بعد گھروں سے نکلنے میں خوف محسوس کرنے والے شہریوں کے لئے امن کی بحالی سب سے بڑی ضرورت ہے۔ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کا نفاذ بلاشبہ ایک غیر معمولی فیصلہ ہے، جس کے نتائج کا انحصار اس کے بعد اختیار کی جانے والی حکمت عملی پر ہوگا۔

حالیہ اقدامات پی ٹی آئی اور وفاقی حکومت دونوں کے لیے چیلنج

منظر نامہ

عمیر سلیمی

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے بعد وفاقی حکومت نے صوبے میں فوج کی تعیناتی اور صوبائی معاملات آگے بڑھانے کے لیے 11 رکنی مشاورتی کونسل کے قیام کا اعلان کیا ہے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے آئین کے آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت اٹھائے گئے اقدامات کے ذریعے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا، صوبائی وزرا، مشیران، معاونین، ایڈووکیٹ جنرل اور دیگر کئی آئینی عہدیداران کو فوری طور پر غیر فعال کر دیا گیا ہے۔ جبکہ آرٹیکل 245 کے تحت افواج پاکستان کو صوبائی حکومت (جو اب گورنر کی سربراہی میں صوبے کے معاملات سنبھالے ہوئے ہے) کی معاونت کے لیے تعینات کرنے کا حکم بھی جاری کیا گیا ہے۔ ...

اکتوبر ابھی ختم نہیں ہوا

مہمان کالم

زاہدہ حنا

...

ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ سے قبل پس پردہ کہانی

روزن

شہزاد ملک

پاکستان کی وفاقی حکومت نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کر دیا ہے، جس کے بعد صوبائی حکومت غیر فعال ہو گئی ہے اور اس کے بعد گورنر فیصل کریم کنڈی اور ان کی 11 رکنی کونسل صوبائی امور چلائے گی۔ یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ جب حکومت اور پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے درمیان مذاکرات سنیچر کی رات تک جاری تھے تو پھر معاملات خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی تک کیسے پہنچے؟ ...

بلوچستان من گھڑت بیانیے سے حقیقت تک

افکار زاہدی

نسیم الحق زاہدی
naseemulhaq.nuhz@gmail.com

ملک دشمن عناصر کی جانب سے ایک طویل مدت سے بلوچستان کے حوالے سے ایک من گھڑت پراپیگنڈا کیا جا رہا ہے کہ بلوچستان میں پسماندگی ہے، محرومیاں ہیں، یہاں کے وسائل پر دوسروں کا قبضہ ہے۔ ...

پاک فوج نے بھارت کا ایک اور فالس فلیگ آپریشن بے نقاب کر دیا

میڈیا آئی

عبدالباسط علوی

پاکستانی فوج نے ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کی حالیہ پریس کانفرنس کے ذریعے 29 ستمبر کو مقبوضہ کشمیر میں بھارت کے ایک اور مبینہ فالس فلیگ آپریشن کو مسترد کر دیا ہے۔ ...

دو لانگ مارچ: تاریخ کے آئینے میں

وفاق نامہ

رشید صافی

پاکستان تحریک انصاف کا ایک ہفتہ قبل شروع ہونے والا لانگ مارچ تادم تحریر چارسدہ پہنچا ہے۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کارکنوں کو صوابی پہنچنے کی ہدایت کی ہے جہاں سے وہ آئندہ لائحہ عمل کا اعلان کریں گے۔ ...

ہماری اجتماعی غفلت

سوچ وفکر

محمد محسن اقبال

انسان شاید دنیا کی واحد مخلوق ہے جو خطرے کو دیکھ کر بھی اکثر اس وقت تک بے فکر رہتی ہے جب تک خطرہ اس کے دروازے پر دستک نہ دے۔ ...

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆ سادہ رنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے نقلاً شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

اظہار لاتعلقی

میں اپنے بیٹے عبدالہادی ولد عبدالحق شناختی کارڈ نمبر 5420107294821 کو نافرمانی آئے روز لڑائی جھگڑے اور فساد کے اپنے منقولہ و غیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں عائلی فیصلہ 25 ستمبر 2025 کے تحت اس کو اس کا حصہ بھی ادا کر چکا ہوں لہذا آج کے بعد میرے دیگر چار بیٹوں و دیگر فیملی ممبران و خاندان کا مسمی عبدالہادی کے کسی بھی قول و فعل سے کوئی تعلق واسطہ نہیں جو بھی لین دین کریگا وہ اپنے نفع و نقصان کا از خود ذمہ دار ہوگا المشتہر عبدالحق ولد عبدالقادر سکنہ غوث آباد غفور ٹاؤن کوئٹہ
بازار ADVT ....

عالمی رجحانات، زمینی حقائق اور تعمیری مستقبل کا راستہ

تحریر: ضمیر احمد کرد

کرونا وائرس کی عالمگیر وبا نے دنیا پر واضح کر دیا کہ غیر یقینی صورت حال اور غفلت کی بھاری قیمت چکانی پڑتی ہے، جبکہ سخت نظم و ضبط اور بروقت فیصلے ہی بقا کا واحد راستہ ہیں۔ جس طرح اس وبا نے ایک ہی جھٹکے میں روایتی عالمی نظام، معاشی رویوں اور روزمرہ کے معمولات کو بدل کر رکھ دیا، اسی طرح پاکستان کے سیاسی منظر نامے میں بھی ایک گہری نظامی تبدیلی رونما ہو رہی ہے۔ ایک "نئے ریاستی نظام" کے فریم ورک کے تحت مقتدر حلقوں نے دہائیوں پرانے روایتی سیاسی جمود کو توڑتے ہوئے ریاستی و انتظامی امور کو ایک مرکزی کمانڈ اینڈ کنٹرول میکانزم کے تحت متحد کر دیا ہے۔ اگر اس صورت حال کا ایک وسیع تر سماجی و سیاسی زاویے سے جائزہ لیا جائے تو یہ نیا نظام در اصل نئے عالمی نظام کی ایک مقامی شاخ یا عکس معلوم ہوتا ہے۔ جس طرح بین الاقوامی معاشی، پالیسی اور دفاعی ترجیحات کو اقتدار کے مرکزی مراکز سے چلایا جا رہا ہے، بالکل اسی طرح مقامی سطح پر بھی حکمرانی کو ایک ہی مرکز سے فیصلوں کے تحت استوار کیا جا رہا ہے۔ اس منظم فریم ورک کے اندر سیاسی و سماجی اکائیوں کے پاس دو بنیادی راستے بچتے ہیں یا تو وہ اس نئے ڈھانچے کی مزاحمت کریں اور مزید عدم استحکام و بحران کا خطرہ مول لیں، یا پھر ریاستی ہدایات اور نئے ادارہ جاتی نظم و ضبط کو قبول کرتے ہوئے قومی استحکام میں اپنا کردار ادا کریں۔ یہ دیکھنا ابھی باقی ہے کہ اس نئے کی مختلف اقسام اور روپ، جو کرونا وائرس کی طرح پھیل چکے ہیں، وقت کے ساتھ کس طرح سامنے آتے ہیں۔ تاہم، اس تمام بحث اور تجزیے میں ایک واضح نقص یہ نظر آتا ہے کہ کچھ حلقے اپنی تمام تر تنقید کا رخ صرف ایک عنصر یا طاقت کے مرکز کی طرف موڑ دیتے ہیں۔ اگر مسلسل اور بلا جواز تنقید کا یہ سلسلہ جاری رہا تو ریاستی امور اور روزمرہ کی حکمرانی کا نظام جامد ہی رہے گا۔ یہ طریقہ کار ہمیشہ اسی روایتی "الزام تراشی" کی طرف لے جاتا ہے، جہاں مختلف سیاسی و سماجی فریق ایک دوسرے پر فائدے اٹھانے کا الزام لگاتے ہیں یا اس بات کا ماتم کرتے رہتے ہیں کہ انہیں کبھی کام کرنے کا موقع ہی نہیں دیا گیا۔ لہٰذا، موجودہ حالات میں دانشمندی و بصیرت کا تقاضا ہے کہ سیاست دان، بیوروکریٹس، ریاست کے تمام ستون اور مختلف مکاتب فکر بے سود بیان بازی پر توانائی ضائع کرنے کے بجائے اس زمینی حقیقت کو تسلیم کریں۔ وقت کی اہم ترین ضرورت یہ ہے کہ اس بات کا حل نکالا جائے کہ کس طرح اس نظام کا ایک تعمیری اور فعال حصہ بنا جائے، جس میں نوجوانوں کو بااختیار بنانے، بنیادی سطح پر صلاحیتوں کو نکھارنے اور ملک کو درپیش موجودہ چیلنجز سے نکلنے کے لیے قابل عمل حل پیش کرنے پر توجہ مرکوز کی جائے۔ جب تمام فریقین تعمیری نقطہ نظر اختیار کریں گے تو یہ امر قدرتی طور پر منتظمین کو عوام کی بنیادی ضروریات، معاشی ریلیف اور شہری مطالبات کو ترجیح دینے پر مجبور کرے گا۔ یہ باہمی مطابقت نظام میں بہتری کے عمل کو تیز کرے گی اور ریاستی مشینری کو ایک مستحکم و پائیدار بنیاد پر کام کرنے کے قابل بنائے گی۔ نتیجے کے طور پر آنے والی نسلیں واضح طور پر سمجھ سکیں گی کہ ملک ایک نئے فریم ورک میں داخل ہو چکا ہے، جس سے قوم لا حاصل سیاسی تنازعات میں قیمتی وقت ضائع کیے بغیر حقیقی اور دیرپا ترقی کی طرف گامزن ہو سکے گی۔

خضدار: ڈی سی عبدالرزاق ساسولی کی قیادت میں یوم نجات کے حوالے سے ریلی نکالی جا رہی ہے

گنداخہ کی مرکزی امام بارگاہ گلی اور بازار کی تعمیر نو جاری

فیصل جمالی کی تجویز پر امام بارگاہ گلی میں ٹف ٹائل اور سیوریج کا کام جاری

ترقیاتی منصوبے سے شہریوں، نمازیوں، عزاداروں، دکانداروں اور خریداروں کو سہولت ملے گی

گنداخہ (اے این این) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ میر فیصل خان جمالی، قبائلی و سماجی رہنما وڈیرہ میر نور حسین خان جمالی کی تجویز کردہ اسکیم اور میونسپل کمیٹی گنداخہ کے کونسلر استاد ذوالفقار علی چاوڑا کے فنڈ سے گنداخہ شہر کی مرکزی امام بارگاہ گلی اور مین بازار اسٹریٹ میں ٹف ٹائل اور سیوریج سسٹم کا بہترین کام جاری ہے۔ اس ترقیاتی کام کا مقصد شہریوں کو آمد و رفت کی بہتر سہولیات فراہم کرنا اور شہری گلیوں و بازاروں کو بہتر بنانا ہے۔ مرکزی امام بارگاہ گلی خصوصی اہمیت کی حامل ہے، جہاں روزانہ شہریوں کی آمد و رفت رہتی ہے، جبکہ محرم الحرام کے دوران ماتمی جلوس بھی اسی راستے سے گزرتے ہیں۔ ٹف ٹائل کی تنصیب سے مرکزی جامع مسجد و امام بارگاہ آنے جانے والے نمازیوں، شہریوں اور عزاداروں کو سہولت میسر آئے گی، جبکہ محرم الحرام میں ماتمی جلوسوں کی گزرگاہ بھی بہتر ہوگی۔ اس کے علاوہ مین بازار اسٹریٹ میں ٹف ٹائل لگنے سے دکانداروں، خریداروں اور عام شہریوں کو بھی فائدہ پہنچے گا، جبکہ شہر کی خوبصورتی میں بھی اضافہ ہوگا۔ اس موقع پر اہلیان علاقہ نے صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ میر فیصل خان جمالی، قبائلی و سماجی رہنما وڈیرہ میر نور حسین خان جمالی اور میونسپل کمیٹی گنداخہ کے کونسلر استاد ذوالفقار علی چاوڑا کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا گیا۔

جمعیت علمائے اسلام کی شرافت کو کمزوری نہ سمجھا جائے، قاری عبدالمالک

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور میں جمعیت علماء اسلام کا ایک اہم تنظیمی اجلاس تحصیل پنھور کے سہوری مدرسہ حمادیہ میں منعقد ہوا، جس کی صدارت مدرسہ کے مہتمم اور جے یو آئی کے سابق ضلعی امیر قاری عبدالمالک نے کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے قاری عبدالمالک نے دو ٹوک الفاظ میں کہا کہ جمعیت علماء اسلام ایک پر امن مذہبی اور سیاسی جماعت ہے جو شرافت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے، تاہم ہماری اس شرافت کو کمزوری نہ سمجھا جائے اور اس سے ناجائز فائدہ اٹھانے کی کوشش نہ کی جائے۔ انہوں نے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایسی کوئی دیوار نہیں بنی جو جمعیت کے کارکنان کا راستہ روک سکے۔ جب بھی مرکزی قیادت کی جانب سے احتجاج کی کوئی کال آئے گی، جے یو آئی کے جیالے کارکنان سر پر کفن باندھ کر میدان میں نکلیں گے۔ اجلاس کے آخر میں ملک و قوم کی سلامتی، استحکام اور امن کے لیے خصوصی دعائیں مانگی گئیں۔

میر احمد نواز کھوسہ کی سردار بابا غلام رسول عمرانی کو مبارکباد

پنجی پور (اختیار عباسی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما اور حلقہ پی بی 15 صحبت پور سے پیپلز پارٹی کے سابقہ امیدوار میر احمد نواز خان کھوسہ نے صوبائی مشیر برائے لیبر و مین پاور سردار بابا غلام رسول عمرانی کو پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کا نائب صدر منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں میر احمد نواز خان کھوسہ نے سردار بابا غلام رسول عمرانی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ اپنی نئی ذمہ داریوں کو احسن انداز میں نبھائیں گے اور پارٹی کو مزید منظم و فعال بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی عہدے کی ذمہ داریوں اور عوامی خدمت کے حوالے سے اہمیت رکھتے ہیں۔ امید ہے کہ سردار بابا غلام رسول عمرانی پارٹی قیادت اور کارکنوں کے درمیان رابطوں کو مزید مضبوط بنانے اور عوامی مسائل کے حل کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے۔ اس موقع پر میر احمد نواز خان کھوسہ نے سردار بابا غلام رسول عمرانی کے لیے مزید کامیابیوں اور نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا۔

لورالائی: بی ایس نرسنگ داخلوں کیلئے 120 امیدواروں کا ٹیسٹ مکمل

لورالائی (آن لائن) بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف انفارمیشن ٹیکنالوجی اینڈ مینجمنٹ سائنسز (BIITMS) لورالائی میں بی ایس نرسنگ پروگرام میں داخلوں کے لیے نرسنگ کالجز ایڈمیشن ٹیسٹ (NCAT) کامیابی اور خوش اسلوبی سے اختتام پذیر ہو گیا۔ ٹیسٹ میں 120 مرد و خواتین امیدواروں نے شرکت کی، جنہوں نے نرسنگ کے شعبے میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے اور مستقبل میں صحت کے شعبے میں اپنی خدمات انجام دینے کے لیے امتحان دیا۔ ٹیسٹ کا انعقاد بائٹمز لورالائی کے عملے کی زیر نگرانی کیا گیا، جس کے لیے ضروری انتظامی امور اور امتحانی انتظامات مکمل کیے گئے تھے۔ امتحان کے دوران امیدواروں کو مناسب ماحول فراہم کرنے اور ٹیسٹ کے عمل کو منظم انداز میں مکمل کرنے پر توجہ دی گئی۔ بائٹمز کے عملے نے امتحانی امور کی نگرانی کرتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں انجام دیں، جس کے نتیجے میں ٹیسٹ بغیر کسی ناخوشگوار واقعے کے کامیابی سے اختتام پذیر ہوا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (DHO) لورالائی ڈاکٹر فہیم اچکزئی اور پرنسپل نرسنگ کالج لورالائی نے امتحانی ہال کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ٹیسٹ کے انتظامات، امیدواروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور امتحانی عمل کا جائزہ لیا۔ انہوں نے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے بائٹمز لورالائی کے عملے کی محنت، تعاون، نظم و ضبط اور ذمہ دارانہ کردار کو سراہا۔ انہوں نے ٹیسٹ کے کامیاب انعقاد پر ادارے کے عملے کا شکریہ بھی ادا کیا۔ نرسنگ کا شعبہ صحت کے نظام میں بنیادی اہمیت رکھتا ہے، کیونکہ تربیت یافتہ نرسیں مریضوں کی دیکھ بھال، علاج معالجے میں معاونت، صحت عامہ کی بہتری اور طبی اداروں میں خدمات کی فراہمی میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

قبائلی عورت، محنت اس کی، فیصلے دوسروں کے......!!

محترم قارئین، قبائلی معاشرے کی خاموش محرومی، روایات کے نام پر ظلم اور عورت کے بنیادی حقوق کا سوال اٹھانا، بعض باتیں محض الفاظ نہیں ہوتیں بلکہ دل کی گہرائیوں سے نکلنے والی وہ صدائیں ہوتی ہیں جو پورے معاشرے کے ضمیر کو جھنجھوڑ کر رکھ دیتی ہیں۔ قبائلی عورت کی زندگی



بھی ایسی ہی ایک داستان ہے، جس میں محنت ہے، قربانی ہے، صبر ہے، مگر افسوس کہ اس کے حصے میں اختیار، عزت نفس اور بنیادی حقوق اکثر نہیں آتے۔ ہماری قبائلی خواتین کی قسمت کا المیہ یہ ہے کہ وہ پورے خاندان کی زندگی سنوارنے میں اپنی زندگی کھپا دیتی ہیں، لیکن جب حقوق اور فیصلوں کی بات آتی ہے تو اسے اکثر نظرانداز کر دیا جاتا ہے۔ قبائلی عورت صبح چار بجے اٹھتی ہے، پانی لاتی ہے، تنور جلاتی ہے، حتیٰ کہ بعض دیہاتی علاقوں کے خواتین بچوں کو کمر پر باندھتی ہے، کھیتوں میں گندم کاٹتی ہے، پہاڑوں سے لکڑیاں جمع کرتی ہے اور پھر مٹی کے گھر میں مہمان نوازی کے فرائض بھی انجام دیتی ہے۔ اس کی پوری زندگی محنت کی ایک مسلسل داستان ہے۔ وہ خاندان کے لیے پیٹ پالتی ہے، بچوں کی پرورش کرتی ہے اور گھر کی معیشت میں اپنا حصہ ڈالتی ہے، مگر جرگے میں اس کا نام نہیں، وراثت میں اس کا حق اکثر دبا دیا جاتا ہے اور خاندانی فیصلوں میں اس کی رائے کو وہ اہمیت نہیں ملتی جس کی وہ مستحق ہے۔ سوال یہ ہے کہ جو عورت گھر اور خاندان کی بنیاد ہے، اسے معاشرتی فیصلوں کی عمارت میں جگہ کیوں نہیں دی جاتی؟ اس کے ہاتھ پانی بھرنے سے پھٹ جاتے ہیں، مگر انگلیاں سونے کی انگوٹھیوں سے نہیں سجتیں۔ بوجھ اٹھاتے اٹھاتے اس کی کمر جواب دینے لگتی ہے، لیکن کوئی یہ پوچھنے کی زحمت نہیں کرتا کہ وہ تھکی ہوئی ہے یا اسے آرام کی ضرورت ہے۔ وہ بچے کو جنم دیتی ہے، بعض اوقات طبی سہولتوں اور تربیت یافتہ عملے کی عدم دستیابی میں، جہاں زچہ و بچہ کی صحت سنگین خطرات سے دوچار ہو سکتی ہے۔ ایسے حالات میں زندگی اور موت کا معاملہ محض قسمت پر چھوڑ دینا کسی معاشرے کی کامیابی نہیں بلکہ بنیادی سہولتوں کی فراہمی میں ہماری اجتماعی ناکامی ہے۔ المیہ اس وقت مزید سنگین ہو جاتا ہے جب عورت بیوہ ہو کر سماجی تنہائی کا شکار ہوتی ہے یا شادی جیسے مقدس رشتے کو بدلے، ولور اور جاوے کی روایت میں بدل دیا جاتا ہے۔ بعض علاقوں میں خواتین کی مرضی کے بغیر شادیوں کے فیصلے کیے جاتے ہیں، گویا ان کی اپنی کوئی شخصیت، پسند یا خواہش موجود ہی نہیں۔ حالانکہ عورت کوئی مال تجارت نہیں کہ ایک خاندان سے دوسرے خاندان کے درمیان اس کا تبادلہ کیا جائے۔ وہ ایک مکمل انسان ہے، جسے عزت، تحفظ، رضامندی اور آزادانہ زندگی گزارنے کا حق حاصل ہے۔ سب سے زیادہ تکلیف دہ پہلو یہ ہے کہ ظلم سہنے والی عورت اکثر شکایت بھی نہیں کرتی۔ وہ کہتی ہے، "یہ ہمارا رواج ہے، یہی ہماری قسمت ہے۔" لیکن حقیقت یہ ہے کہ ہر رواج مقدس نہیں ہوتا اور ہر صدیوں پرانی روایت انصاف کی ضمانت نہیں ہوتی۔ یہ نصیب نہیں، بلکہ وہ ناانصافی ہے جسے ہم نے روایت کا نام دے کر قبول کر لیا ہے۔ جب کسی انسان کو اس کے بنیادی حقوق سے محروم رکھا جائے اور اس محرومی کو تقدیر قرار دے دیا جائے تو در اصل ظلم کو جواز فراہم کیا جاتا ہے۔ ہماری مائیں اور بہنیں وہ ستون ہیں جن پر پورے خاندان کی عمارت کھڑی ہوتی ہے۔ وہ دن بھر بوجھ اٹھاتی ہیں، مگر جب یہی ستون بیمار پڑ جائے تو گھر کا نظام لڑکھڑا جاتا ہے۔ اس کے باوجود ہم نے عورت کی محنت کو اکثر اس کی ذمہ داری سمجھا اور اس کی قربانی کو معمول کا حصہ بنا دیا۔ ہم بھول جاتے ہیں کہ تعلیم یافتہ عورت صرف اپنا مستقبل نہیں سنوارتی بلکہ آنے والی نسلوں کی تربیت، صحت، معاشی ترقی اور سماجی شعور میں بھی بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔ اگر عورت تعلیم سے محروم ہو، اسے صحت کی سہولتیں میسر نہ ہوں اور اس کی آواز فیصلوں میں شامل نہ کی جائے تو پورا قبیلہ ترقی کی دوڑ میں پیچھے رہ جاتا ہے۔ اسلام نے عورت کو عزت، وراثت اور نکاح میں رضامندی سمیت واضح حقوق عطا کیے ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے منسوب مشہور ارشاد ہے، "تم میں بہترین وہ ہے جو اپنے گھر والوں کے لیے بہترین ہو۔" اس تعلیم کا تقاضا ہے کہ عورت کے ساتھ حسن سلوک محض زبانی دعویٰ نہ ہو بلکہ روزمرہ زندگی، خاندانی رویوں اور معاشرتی فیصلوں میں بھی نظر آئے۔ عورت کو وراثت سے محروم کرنا، اس کی مرضی کے بغیر شادی کرنا اور اس کی آواز دبانا نہ اخلاقی انصاف کے تقاضوں سے مطابقت رکھتا ہے اور نہ ہی اسلامی تعلیمات کی روح سے۔ قبائلی عورت کے مسائل کا حل صرف جرگوں، تقریروں اور وعدوں میں نہیں، بلکہ ان فیصلوں میں ہے جن میں عورت کی اپنی آواز شامل ہو۔ اگر جرگے عورت کے مسائل پر فیصلے کرتے ہیں تو خواتین کی نمائندگی، ان کی سلامتی اور ان کے حقوق کو بھی یقینی بنانا ہوگا۔ لڑکیوں کی تعلیم، بنیادی طبی مراکز، زچگی کی محفوظ سہولتیں، وراثتی حقوق کا تحفظ اور جبری شادیوں کی روک تھام ایسے اقدامات ہیں جن کے بغیر حقیقی تبدیلی ممکن نہیں۔ قبائلی روایات کی اچھی اقدار، مثلاً مہمان نوازی، وفاداری اور باہمی تعاون، قابل قدر ہیں، لیکن ان کے نام پر ناانصافی کو برقرار رکھنا کسی طور درست نہیں۔ اب وقت آ گیا ہے کہ ہم اپنی ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں کی خاموشی کو ان کی رضامندی نہ سمجھیں۔ ان کی محنت کو تسلیم کریں، ان کے حقوق ادا کریں اور انہیں اپنے مستقبل کے فیصلوں میں شریک بنائیں۔ اللہ تعالیٰ ہماری ان محنت کش، صابر اور بے آواز ماؤں اور بہنوں کی محنت قبول فرمائے اور ہمیں ان کے حقوق ادا کرنے کی سچی اور عملی توفیق دے۔ آمین۔

مستونگ: یوم نجات ریلی، حکومتی اقدامات کی حمایت کا اظہار

ڈپٹی کمشنر ہاؤس سے سراوان پبلک لائبریری تک ریلی نکالی گئی

تقریب میں کیک کاٹا گیا، مٹھائی تقسیم ہوئی، دہشتگردی کے خاتمے اور قومی استحکام پر زور دیا گیا

مستونگ (آن لائن) مستونگ میں یوم نجات کے سلسلے میں تقریب اور ریلی کا انعقاد، حکومتی اقدامات کی حمایت میں ڈپٹی کمشنر ہاؤس سے سراوان پبلک لائبریری تک ریلی نکالی گئی۔ امن و استحکام اور دہشت گردی کے خاتمے کے عزم کا اظہار وفاقی حکومت کی جانب سے امن و امان کی بحالی، دہشت گردی کے خاتمے اور ملک کو درپیش سیکیورٹی چیلنجز اور سیاسی عدم استحکام سے نمٹنے کے لیے کیے جانے والے اقدامات کی حمایت میں مستونگ میں یوم نجات منایا گیا۔ اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر ہاؤس مستونگ میں تقریب کا انعقاد کیک کاٹا گیا۔ جبکہ شرکاء میں مٹھائی بھی تقسیم کی گئی۔ تقریب کے بعد ڈپٹی کمشنر ہاؤس مستونگ سے سراوان پبلک لائبریری تک ریلی نکالی گئی جس میں شرکاء نے ملک میں امن و استحکام کے قیام، دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات کی حمایت کا اظہار کیا۔ اس موقع پر خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ سمیت حکومت کی جانب سے کیے گئے اقدامات کو امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے اور ملک کو درپیش سیکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کی کوششوں کا حصہ قرار دیتے ہوئے ان کی حمایت کی گئی۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ملک میں پائیدار امن، استحکام اور عوام کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں۔ جبکہ دہشت گردی کے خاتمے اور قومی سلامتی کے تحفظ کے لیے مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے۔

پنجی پور: سردار بابا غلام رسول عمرانی کو پیپلز پارٹی کا نائب صدر منتخب ہونے پر میر احمد نواز کھوسہ مبارکباد دے رہے ہیں

کوہلو: عوامی شکایت پر کارروائی، گاڑداوغ میں پانی کا مسئلہ حل

کوہلو (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہستان مری کے علاقے گاڑداوغ میں قلت آب کے مسئلے کا نوٹس لیتے ہوئے ایگزیکٹو انجینئر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (PHE) حاجی نیاز احمد بلوچ نے مکینوں کی شکایت کا ازالہ کر دیا۔ سرکاری بور کی بندش کے باعث پیدا ہونے والے پانی کے مسئلے کو حل کرنے کے لیے فوری اقدامات کیے گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق گاڑداوغ اور گرد و نواح کے مکینوں نے سوشل میڈیا کے ذریعے سرکاری بور کی بندش اور پانی کی قلت کی نشاندہی کی تھی۔ شکایت سامنے آنے پر ایگزیکٹو انجینئر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ حاجی نیاز احمد بلوچ نے فوری نوٹس لیا اور متعلقہ مسئلے کو حل کروا دیا۔ اس اقدام سے علاقے کے مکینوں کو پانی کی فراہمی میں درپیش مشکلات دور ہونے کی امید ہے۔ عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ سرکاری بور کو فعال رکھا جائے اور پانی کی بلا تعطل فراہمی یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات جاری رکھے جائیں تاکہ شہریوں کو دوبارہ قلت آب کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

سیبی: صدر پولیس کا جرائم کی روک تھام اور امن برقرار رکھنے کا عزم

ایس ایچ او کا شہریوں سے مشکوک سرگرمیوں کی فوری اطلاع دینے کی اپیل

سیبی (یو این اے) ایس ایچ او صدر پولیس عبدالعزیز سونگی نے کہا ہے کہ صدر تھانے کی حدود میں امن و امان ہر صورت برقرار رکھا جائے گا اور کسی کو بھی قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے پولیس کی جانب سے شام کے اوقات میں گشت میں اضافہ کر دیا گیا ہے، جبکہ مشکوک افراد کی چیکنگ کا سلسلہ بھی جاری ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ورکنگ جرنلسٹ میڈیا گروپ کے صدر اور بلوچستان میڈیا فورم کے جنرل سیکرٹری میر اللہ داد رند اور ڈپٹی جنرل سیکرٹری ندیم بابر مغل سے دوران گفتگو کیا ایس ایچ او صدر پولیس عبدالعزیز سونگی کا کہنا تھا کہ پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ اور شہر میں امن و امان قائم رکھنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری کر رہی ہے۔ صدر تھانے کی حدود میں جرائم کی روک تھام، مشکوک سرگرمیوں پر نظر رکھنے اور امن و امان کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے پولیس اہلکاروں کو متحرک رکھا گیا ہے انہوں نے کہا کہ شام کے اوقات میں گشت کا مقصد شہریوں کو تحفظ فراہم کرنا، جرائم پیشہ عناصر کی سرگرمیوں کی روک تھام اور کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے قبل مؤثر اقدامات کرنا ہے۔ پولیس مشکوک افراد اور سرگرمیوں پر نظر رکھے ہوئے ہے تاکہ علاقے میں امن و سکون کی فضا برقرار رکھی جا سکے۔ ایس ایچ او عبدالعزیز سونگی نے مزید کہا کہ قانون کی بالادستی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ شہریوں سے بھی اپیل ہے کہ وہ اپنے اردگرد مشکوک سرگرمیوں کی اطلاع فوری طور پر پولیس کو دیں تاکہ جرائم کی روک تھام اور عوام کے تحفظ کے لیے بروقت اقدامات کیے جا سکیں انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صدر پولیس عوام کے تعاون سے علاقے میں امن و امان برقرار رکھنے اور شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔

ہرنائی، تورخام تنگی میں شاہراہ کی خستہ حالی مسافروں کی جانوں کو خطرہ

ہرنائی سنجاوی قومی شاہراہ پر تنگ سڑک، گڑھوں اور حفاظتی دیواروں کی عدم موجودگی سے حادثات میں مسلسل اضافہ

تورخام تنگی کے مقام پر پنجاب سے اشیائے خورد و نوش لانے والا مال بردار ٹرک حادثے کا شکار، ٹریفک گھنٹوں معطل رہی

ہرنائی (اے این این) ہرنائی کو بلوچستان اور پنجاب سے ملانے والی مرکزی قومی شاہراہ ہرنائی۔سنجاوی روڈ تورخام تنگی کے مقام پر انتہائی خستہ حالی کا شکار ہے، جہاں آئے روز خوفناک حادثات رونما ہو رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ہرنائی۔پنجاب قومی شاہراہ ہرنائی کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ یہی وہ واحد شاہراہ ہے جو ہرنائی کو زیارت، لورالائی، کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر اضلاع اور پنجاب سے ملاتی ہے۔ کوئلے، سبزیوں، پھلوں اور دیگر اشیائے ضروریہ کی ترسیل اسی شاہراہ سے ہوتی ہے، مگر تورخام تنگی کے مقام پر سڑک کی تنگی، جگہ جگہ گڑھوں اور حفاظتی دیوار نہ ہونے کے باعث یہ شاہراہ موت کی وادی بن چکی ہے۔ گزشتہ شب بھی ہرنائی۔پنجاب قومی شاہراہ پر ہرنائی۔سنجاوی کے درمیان تورخام تنگی کے مقام پر پنجاب سے خوردنی اشیاء لانے والا ایک مال بردار ٹرک پہاڑی سلسلے میں حادثے کا شکار ہو گیا۔ خوش قسمتی سے ٹرک گہری کھائی میں گرنے سے بال بال بچ گیا، تاہم قیمتی سامان کو نقصان پہنچا اور گھنٹوں ٹریفک معطل رہی۔ ٹرک کو بعد ازاں کرین کی مدد سے نکالا گیا۔ مقامی لوگوں کے مطابق ہر ہفتے یہاں 2 سے 3 حادثات معمول بن چکے ہیں۔ عوامی و سماجی حلقوں، ٹرانسپورٹرز اور تاجر برادری نے وفاقی وزیر مواصلات، چیئرمین این ایچ اے اور ڈپٹی کمشنر ہرنائی سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ ہرنائی۔سنجاوی قومی شاہراہ، بالخصوص تورخام تنگی کے مقام پر ہنگامی بنیادوں پر کشادگی اور مرمت کا کام شروع کیا جائے اور حفاظتی پشتے تعمیر کیے جائیں، تاکہ آئے روز کے حادثات اور قیمتی جانوں کے ضیاع کو روکا جا سکے۔

صحبت پور: صحت مراکز فعال بنانے، غیر حاضر عملے کیخلاف کارروائی کا حکم

ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین کی زیر صدارت اجلاس، طبی سہولیات اور عملے کی حاضری کا جائزہ

بی ایچ یو نور پور کو چوبیس گھنٹے فعال بنانے اور نئے مراکز کو سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت

صحبت پور (خ ن) ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین کی زیر صدارت ضلعی صحت کمیٹی DHC کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ضلع بھر کے سرکاری مراکز صحت کی مجموعی کارکردگی عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات طبی عملے کی حاضری نئے قائم ہونے والے بنیادی مراکز صحت BHUs کو ضروری فرنیچر کی فراہمی اور صحت کے شعبے میں درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران نئے قائم ہونے والے بنیادی مراکز صحت میں فرنیچر اور دیگر ضروری سہولیات کی فراہمی بی ایچ یو نور پور کو 24 گھنٹے فعال بنانے، ڈیوٹی سے غیر حاضر ملازمین کے خلاف کارروائی مانیٹرنگ رپورٹس کی جانچ پڑتال اور متعلقہ افسران کے فیلڈ وزٹس سمیت مختلف اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر اس امر پر زور دیا گیا کہ ضلعی سطح پر صحت کی سہولیات کو مؤثر اور فعال بنانے کے لیے تمام متعلقہ افسران اپنی ذمہ داریاں پوری کریں اور عوام کو درپیش طبی مسائل کے حل کے لیے مربوط حکمت عملی اپنائی جائے۔ ڈپٹی کمشنر محترمہ فریدہ ترین نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ نئے قائم ہونے والے بنیادی مراکز صحت میں ضروری فرنیچر اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے تاکہ ان مراکز کو مکمل طور پر فعال بنا کر عوام کو ان کی دہلیز پر طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں انہوں نے خصوصی طور پر بی ایچ یو نور پور کو 24 گھنٹے فعال بنانے کے لیے عملی اقدامات کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ صحت کی سہولیات تک بروقت رسائی عوام کا بنیادی حق ہے، لہٰذا اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید ہدایت کی کہ ضلع بھر کے تمام سرکاری مراکز صحت میں ڈاکٹرز، پیرا میڈیکل اسٹاف اور دیگر متعلقہ ملازمین کی حاضری کو یقینی بنایا جائے

گنداخہ: امن و امان کیلئے پولیس گشت اور نفری بڑھا دی گئی

ایس ایچ او ظہیر عباس جمالی کا جرائم کی روک تھام کیلئے مؤثر اقدامات کی ہدایت

شہریوں سے مشکوک سرگرمیوں کی فوری اطلاع دینے اور امن برقرار رکھنے میں تعاون کی اپیل

گنداخہ (اے این این) پولیس تھانہ ہیڈ باغ کے ایس ایچ او انسپکٹر ظہیر عباس جمالی نے کہا ہے کہ علاقے میں امن و امان کے قیام، جرائم کی روک تھام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے پولیس گشت اور نفری میں اضافہ کر دیا گیا ہے، جبکہ امن و امان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے کے لیے حفاظتی اقدامات کو مؤثر بنایا جا رہا ہے۔ تحصیل پریس کلب گنداخہ کے صدر میجر جمالی سے ٹیلی فونک گفتگو کرتے ہوئے ایس ایچ او انسپکٹر ظہیر عباس جمالی نے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ذمہ داری ہے، جس میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ علاقے میں جرائم پیشہ عناصر کی سرگرمیوں پر نظر رکھنے، مشکوک نقل و حرکت کی نگرانی اور کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی روک تھام کے لیے پولیس گشت کو مزید فعال بنایا گیا ہے، جبکہ دستیاب نفری اور وسائل کو مؤثر انداز میں استعمال کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس امن و امان برقرار رکھنے اور شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری تندہی سے انجام دے رہی ہے۔ جرائم کے خاتمے اور عوام کے تحفظ کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا، تاکہ شہری بلاخوف و خطر اپنی روزمرہ سرگرمیاں انجام دے سکیں۔ ایس ایچ او انسپکٹر ظہیر عباس جمالی نے عوام سے اپیل کی کہ علاقے میں امن و امان برقرار رکھنے اور جرائم کی روک تھام کے لیے پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی یا مشتبہ شخص کے بارے میں فوری طور پر متعلقہ پولیس تھانے کو اطلاع دیں، تاکہ بروقت کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔

حب: سول ہسپتال میں مریضہ کو طبی سہولیات نہ ملنے کی تحقیقات شروع

ڈپٹی کمشنر جمعہ داد خان مندوخیل نے سوشل میڈیا پر وائرل خبر کا نوٹس لے لیا

ڈی ایچ او کی سربراہی میں کمیٹی مریضہ، لواحقین اور طبی عملے کے بیانات قلمبند کرے گی

حب (آن لائن) سوشل میڈیا پر سول ہسپتال جام غلام قادر حب میں مریضہ کو مبینہ طور پر طبی سہولیات فراہم نہ کرنے کی خبر وائرل کا ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد خان مندوخیل کا فوری نوٹس لے لیا اور انکوائری کمیٹی تشکیل دے دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق۔ جام غلام قادر سول ہسپتال حب میں گزشتہ روز ایک تشویشناک حالت میں مبتلا خاتون مریضہ کو مبینہ طور پر بروقت طبی سہولیات فراہم نہ کرنے اور آپریشن سے انکار کے حوالے سے سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی خبر کا ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ریٹائرڈ) جمعہ داد خان مندوخیل نے فوری نوٹس لیتے ہوئے واقعے کی حقائق پر مبنی تحقیقات کے لیے انکوائری کمیٹی تشکیل دے دی ہے ڈپٹی کمشنر حب کی جانب سے جاری کردہ باضابطہ حکم نامے کے مطابق واقعے کی مکمل اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کے لیے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (DHO) حب کو کنوینر جبکہ اسسٹنٹ کمشنر حب کو کمیٹی کا ممبر مقرر کیا گیا ہے انکوائری کمیٹی کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ واقعے سے متعلق تمام دستیاب ریکارڈ کا جائزہ لے، مریضہ اور ان کے لواحقین سمیت متعلقہ ڈاکٹرز اور طبی عملے کے بیانات قلمبند کرے اور اس بات کا تعین کرے کہ آیا مریضہ کو بروقت طبی امداد فراہم کرنے میں کسی قسم کی غفلت، کوتاہی یا فرائض سے غفلت کا مظاہرہ کیا گیا ہے ڈپٹی کمشنر حب کی جانب سے جاری کردہ باضابطہ حکم نامے کے مطابق واقعے کی مکمل اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کے لیے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (DHO) حب کو کنوینر جبکہ اسسٹنٹ کمشنر حب کو کمیٹی کا ممبر مقرر کیا گیا ہے۔ کمیٹی کو مزید ہدایت کی گئی ہے کہ اگر کسی افسر یا اہلکار کی غفلت یا ذمہ داری کا تعین ہوتا ہے تو متعلقہ قواعد و ضوابط کے تحت مناسب کارروائی کی سفارش بھی کی جائے

چمن: مولانا محمد حنیف کانفرنس کے آخری نشست سے جے یو آئی کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع مولانا آغا محمود شاہ مولانا مفتی محمد قاسم مولانا محمد یوسف و دیگر خطاب کر رہے ہیں

پنجی پور، تحریک منہاج القرآن کے اجلاس کی صدارت صدر کر رہے ہیں

جماعت اسلامی خضدار میں امیر ضلع کے انتخاب کیلئے استصواب مکمل

جامعہ اسلامیہ تفہیم القرآن میں سیشن 2026 تا 2028 کیلئے تنظیمی عمل منعقد ہوا

ارکان نے نظم و ضبط، دعوت دین، خدمت خلق اور اصلاح معاشرہ کے عزم کا اظہار کیا

خضدار (بیورو رپورٹ) جماعت اسلامی ضلع خضدار کے تحت سیشن 2026ء تا 2028ء کے لیے استصواب برائے امیر ضلع خضدار کا تنظیمی عمل جامعہ اسلامیہ تفہیم القرآن نیو قادر آباد خضدار میں نائب ناظم استصواب مولانا محمد اسلم گزگی کی زیر نگرانی منعقد ہوا، جس میں جماعت اسلامی ضلع خضدار کے تمام ارکان نے شرکت کی نائب ناظم استصواب مولانا محمد اسلم گزگی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی ایک منظم اور اصولی تحریک ہے، جس میں مشاورت، نظم و ضبط اور اجتماعی ذمہ داری کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ استصواب کا عمل جماعتی روایات کا اہم حصہ ہے، جس کے ذریعے ارکان کی رائے کو اہمیت دی جاتی ہے۔ انہوں نے ارکان پر زور دیا کہ وہ جماعتی اصولوں کی پاسداری کرتے ہوئے اخلاص اور ذمہ داری کے ساتھ اپنا کردار ادا کریں امیر جماعت اسلامی ضلع خضدار عبداللہ ساسولی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی قرآن و سنت کی تعلیمات کی روشنی میں معاشرے کی اصلاح، اسلامی نظام کے قیام اور عوامی مسائل کے حل کے لیے جدوجہد کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی، بے روزگاری اور بدامنی جیسے مسائل کے حل کے لیے کارکنان کو عوام کے درمیان رہ کر ان کی خدمت اور رہنمائی کرنی چاہیے۔ انہوں نے تنظیمی اتحاد، باہمی تعاون اور دعوت دین کی سرگرمیوں کو مزید مؤثر بنانے پر زور دیا نائب امیر جماعت اسلامی ضلع خضدار علی اکبر زہری نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جماعت کی کامیابی کے لیے کارکنان کا اخلاص، مسلسل محنت اور تنظیمی نظم و ضبط بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ارکان جماعت اپنے علاقوں میں دعوتی سرگرمیوں کو فعال بنائیں، عوام کے ساتھ رابطہ مضبوط کریں اور ان کے مسائل کے حل کے لیے بھرپور کردار ادا کریں۔ انہوں نے باہمی احترام، اتحاد اور اجتماعی فیصلوں کی پاسداری کو تنظیمی استحکام کے لیے ضروری قرار دیا اجلاس میں جماعت اسلامی ضلع خضدار کے تمام ارکان نے شرکت کی۔ استصواب کا عمل خوش اسلوبی، باہمی احترام اور جماعتی روایات کے مطابق مکمل ہوا۔ اس موقع پر تنظیمی استحکام، دعوت دین، اصلاح معاشرہ اور خدمت خلق کے مشن کو مزید آگے بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

گنداخہ: شاہوزئی محلے میں سیوریج منصوبے پر کام جاری

گنداخہ (نور حسن جمالی) گنداخہ شہر کے شاہوزئی محلے میں میونسپل کمیٹی گنداخہ کے چیئرمین ڈاکٹر جاوید جمالی کے فنڈ سے سیوریج سسٹم کی تعمیر کا بہترین کام جاری ہے۔ ترقیاتی کام چیف آفیسر میونسپل کمیٹی غلام سرور رند کی نگرانی میں انجام دیا جا رہا ہے۔ سیوریج سسٹم کی بہتری سے محلے کے رہائشیوں کو نکاسی آب کے مسائل سے نجات دلانے اور شہری سہولیات میں بہتری لانے میں مدد ملے گی۔ شاہوزئی محلے کے عوام نے چیئرمین میونسپل کمیٹی ڈاکٹر جاوید جمالی کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ محلے میں سیوریج سسٹم کا کام شروع کرانا خوش آئند اقدام ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ڈاکٹر جاوید جمالی آئندہ بھی شہر کی تعمیر و ترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے۔

گورنر راج سے خیبر پختونخوا میں استحکام کی نئی امید پیدا ہوئی، آفتاب خلجی

بختیار آباد (نمائندہ مشرق) قبائلی سیاسی و سماجی رہنما حاجی آفتاب احمد خلجی نے خیبر پختونخوا میں وفاقی حکومت کی جانب سے گورنر راج کے نفاذ کو خوش آئند اقدام قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس فیصلے سے صوبے میں امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے اور عوام کو درپیش مشکلات کم کرنے میں مدد ملنے کی امید ہے خیبر پختونخوا کے عوام کو امن، استحکام اور خوشحالی کی ضرورت ہے تاکہ وہ بلاخوف و خطر اپنی روزمرہ زندگی گزار سکیں اور ترقی کے عمل میں اپنا کردار ادا کر سکیں تفصیلات کے مطابق قبائلی رہنما حاجی آفتاب احمد خلجی نے پی بی 8 سیوی کے عوام کی جانب سے ورکنگ جرنلسٹ میڈیا آفس میں اپنے ہمدرد ساتھیوں کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے معاملے پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کے نزدیک وفاقی حکومت کا یہ اقدام صوبے میں امن و امان کی بہتری اور انتظامی استحکام کے حوالے سے اہمیت رکھتا ہے حاجی آفتاب احمد خلجی کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا کے عوام کو مختلف مسائل اور مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ امن و امان کی صورتحال کے باعث عام شہریوں کی زندگی بھی متاثر ہوتی ہے ان کے بقول، صوبے میں گورنر راج کے ذریعے ایسے اقدامات کیے جانے چاہئیں جن سے عوام کو ریلیف ملے، کاروباری سرگرمیوں کو فروغ حاصل ہو اور لوگوں میں تحفظ کا احساس پیدا ہو انہوں نے کہا کہ کسی بھی صوبے کی ترقی کے لیے امن، سیاسی استحکام اور عوامی مسائل کا حل بنیادی اہمیت رکھتا ہے وفاقی حکومت کو چاہیے کہ وہ خیبر پختونخوا کے عوام کے وسیع تر مفاد کو مد نظر رکھتے ہوئے ایسے اقدامات کرے

نصیرآباد: ایس ایس پی کا جرائم پیشہ عناصر کیخلاف سخت کارروائی کا حکم

معروف عثمان کا ڈکیتی اور پولیس اہلکار سے اسلحہ چھیننے کے واقعات میں ملزمان کی گرفتاری کی ہدایت

نصیرآباد (نامہ نگار) قائم مقام ایس ایس پی نصیرآباد معروف عثمان کا ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز اور اسٹاف کے ساتھ تعارفی اجلاس جرائم کی روک تھام اور عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے سخت ہدایات ایس ایس پی جعفرآباد معروف عثمان نے بطور قائم مقام ایس ایس پی نصیرآباد چارج سنبھال کر فرائض کی انجام دہی شروع کر دی۔ اس سلسلے میں آج بروز اتوار ایس ایس پی آفس نصیرآباد میں تمام ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز اور اسٹاف کے ساتھ تعارفی اجلاس منعقد کیا، جس میں انہوں نے افسران سے فرداً فرداً تعارف حاصل کرتے ہوئے امن و امان، جرائم کی روک تھام اور پولیس کارکردگی کو بہتر بنانے کے حوالے سے ہدایات جاری کیں۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے قائم مقام ایس ایس پی نصیرآباد معروف عثمان نے کہا کہ پولیس کا بنیادی فرض عوام کی خدمت، جان و مال کا تحفظ اور قانون کی بالادستی یقینی بنانا ہے تمام افسران عوام کے ساتھ خوش اخلاقی اور احترام سے پیش آئیں اور ان کی جائز شکایات کا فوری ازالہ کریں۔ انہوں نے ٹیم ورک، اچھی کارکردگی پر افسران کی حوصلہ افزائی اور فرائض میں غفلت، لاپرواہی، بدعنوانی، اختیارات کے ناجائز استعمال اور غیر قانونی اقدامات پر سخت محکمانہ کارروائی کی ہدایت کی۔ انہوں نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیاں، ملزمان کی گرفتاری اور عوام کے تحفظ کو پولیس کی اولین ترجیح قرار دیا۔

نصیرآباد: ڈی سی [illegible] ٹراما سینٹر میں جاری کام کا معائنہ کر رہے ہیں

ژوب: بلدیاتی فنڈز کی بندش پر میئرز اور چیئرمینوں کا دھرنے کا اعلان

آل بلوچستان لوکل کونسل فورم کا چار ماہ سے بند نان سیلری فنڈز فوری بحال کرنے کا مطالبہ

ژوب (یو این اے) آل بلوچستان لوکل کونسل فورم نے کہا ہے کہ صوبے کے بلدیاتی ادارے گزشتہ چار ماہ سے نان سیلری فنڈز سے محروم ہیں، جس کے باعث ملازمین شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں اور ان کے لیے روزمرہ اخراجات پورے کرنا مشکل ہو گیا ہے۔ فورم کے بیان میں کہا گیا کہ اگر بلدیاتی اداروں کو اسی رفتار اور انداز میں چلایا جاتا رہا تو وہ کچھ عرصے بعد مکمل طور پر مفلوج ہو جائیں گے۔ صوبے کے تمام بلدیاتی اداروں کے دفاتر لاکھوں روپے کے مقروض ہیں، جبکہ فنڈز کی عدم دستیابی کے باعث صفائی کی صورت حال بھی انتہائی خراب ہو چکی ہے۔ آل بلوچستان لوکل کونسل فورم نے مطالبہ کیا کہ بلدیاتی اداروں کے گزشتہ چار ماہ سے بند نان سیلری فنڈز فوری طور پر بحال کیے جائیں تاکہ ملازمین کو درپیش مالی مشکلات دور ہوں اور اداروں کی کارکردگی بحال ہو سکے۔ بیان میں خبردار کیا گیا کہ اگر ایک سے دو روز کے اندر نان سیلری فنڈز کا مسئلہ حل نہ کیا گیا تو صوبے بھر کے میئرز اور چیئرمین وزیر اعلیٰ ہاؤس کے سامنے دھرنا دیں گے۔

گوادر: ٹیچنگ اسپتال میں ڈائیلاسز سروس بلاتعطل جاری

گوادر (خ ن) میڈیکل سپرنٹنڈنٹ میر عبدالغفور کلمتی ٹیچنگ اسپتال گوادر ڈاکٹر حفیظ بلوچ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت بلوچستان کی گوادر صحت عامہ کی پالیسی اور مریضوں کو ان کی دہلیز پر معیاری و بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کے اقدامات کے تحت اسپتال میں ڈائیلاسز سمیت دیگر ضروری طبی خدمات تسلسل کے ساتھ فراہم کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گردوں کے مریضوں کے لیے ڈائیلاسز کی سہولت بلاتعطل جاری ہے اور مریضوں کو مقررہ شیڈول کے مطابق طبی نگرانی میں علاج فراہم کیا جا رہا ہے ڈاکٹر حفیظ بلوچ نے کہا کہ حکومت کی ترجیحات کے مطابق مریضوں کو علاج معالجے کے لیے کراچی یا دیگر دور دراز علاقوں کا سفر نہ کرنا پڑے، اس مقصد کے لیے اسپتال میں ڈائیلاسز سروس کو فعال اور مؤثر رکھا گیا ہے۔ مریضوں کے علاج میں تسلسل، طبی نگرانی اور ضروری سہولیات کی دستیابی کو خصوصی اہمیت دی جا رہی ہے جبکہ اسپتال انتظامیہ دستیاب وسائل کے مؤثر استعمال کے ذریعے مریضوں کو بہتر طبی سہولیات اور معیاری نگہداشت کی فراہمی کے لیے اقدامات کر رہی ہے، اور بروقت تشخیص، علاج اور مریضوں کی بہتر نگہداشت انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں

لسبیلہ: صحت کارڈ کی سہولت سے عوام کیلئے نئی امید پیدا

اوتھل (آن لائن) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان عالیانی، وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اور پارلیمانی سیکریٹری سیاحت و ثقافت نوابزادہ میر زرین خان مگسی کی کاوشوں سے لسبیلہ ڈویژن میں صحت کارڈ کی سہولت کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا۔ اس سلسلے میں صحت کارڈ انشورنس کمپنی کے نمائندگان نے اوتھل میں قائم نجی میڈیکل سینٹر کا دورہ کیا، جہاں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کی مہمان خصوصی اسسٹنٹ کمشنر اوتھل میر من صلاح الدین کاکڑ تھیں، جنہوں نے پرائیویٹ میڈیکل سینٹر میں صحت کارڈ دفتر کا باقاعدہ فیتہ کاٹ کر افتتاح کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر اوتھل میر من کاکڑ نے کہا کہ لسبیلہ میں صحت کارڈ کی سہولت کا آغاز ایک خوش آئند اور قابل تحسین اقدام ہے، جس سے غریب اور مستحق عوام کو علاج معالجے کی بہترین سہولیات اپنے ہی علاقے میں میسر آئیں گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے صحت کے شعبے میں عوام کو سہولیات کی فراہمی کے لیے کیے جانے والے اقدامات قابل ستائش ہیں

منہاج القرآن کا تعلیمی و تنظیمی سرگرمیاں وسعت دینے کیلئے اجلاس منعقد

اجلاس میں دینی تربیتی پروگراموں، تنظیم سازی اور تعلیمی منصوبوں پر تفصیلی مشاورت کی گئی

منہاج میلاد کانفرنس، عرفان القرآن دروس اور مدارس کی رجسٹریشن کیلئے لائحہ عمل زیر غور

پنجی پور (اختیار عباسی) منہاج شریعہ کالج ڈیرہ اللہ یار میں تحریک منہاج القرآن کے صوبائی نائب ناظم ڈاکٹر عبدالقادر کھوسہ اور صوبائی ناظم تربیت اسلامی اسکالر میر محمد قادری کی سربراہی میں قائدین کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں تنظیمی امور، تعلیمی سرگرمیوں، دینی و تربیتی پروگراموں اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں ڈویژنل ڈپٹی کوآرڈینیٹر اختیار احمد عباسی، تحریک منہاج القرآن ضلع جعفرآباد کے صدر بدل خان جتک، اوستہ محمد سے احسان علی بوبڑ، ضلع نصیرآباد کے صدر عبدالستار لاشاری، فقیر محمد حسن دھرپالی، ضلع صحبت پور کی کابینہ کے ناظم مالیات گلشیر علی کھوسہ، ناظم ویلفیئر ارباب خان بھنگر، نہال مصطفی، بابو کھوسہ سمیت دیگر قائدین نے شرکت کی۔ اجلاس میں منہاج القرآن اسلامک سینٹر چٹن پٹی کی مرمت کے حوالے سے مشاورت کی گئی، جبکہ ڈویژن بھر کے کالجز میں شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری کی کتب کی فراہمی کے لیے سروے کرنے کی تجویز پر بھی غور کیا گیا۔ اسی طرح جامعہ اسلامیہ ڈگری کالج گجرات کے اسکالرشپ پروگرام کے لیے طلباء و طالبات کے انٹرویوز کے سلسلے میں مشاورت کی گئی۔ اجلاس کے شرکاء نے ڈیرہ اللہ یار میں منہاج میلاد کانفرنس کے انعقاد، ڈویژن بھر میں مختلف مقامات پر درس عرفان القرآن کے پروگراموں کے اہتمام، تمام تحصیلوں میں تنظیم سازی کو مؤثر بنانے اور علاقے کے مدارس کو نظام المدارس میں رجسٹرڈ کرانے سے متعلق امور پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ تمام ایجنڈا امور پر سیر حاصل مشاورت کے بعد شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری کا ایک سبق آموز ویڈیو کلپ دکھایا گیا، جس نے اجلاس کے ماحول کو روحانی اور تربیتی رنگ بخش دیا۔ اس موقع پر میر محمد قادری نے تحریک منہاج القرآن کی تعلیمی خدمات کا مختصر تعارف پیش کرتے ہوئے تعلیم و تربیت کے فروغ اور نوجوان نسل کی فکری و اخلاقی رہنمائی کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ اجلاس کے اختتام پر تمام قائدین نے اپنی تنظیمی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کرنے، تحریک کی سرگرمیوں کو مزید مؤثر بنانے اور طے شدہ اہداف کے حصول کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھنے کے عزم کی تجدید کی۔

اوستہ محمد: جرائم پیشہ عناصر اور منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن

شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر چیکنگ اور پولیس گشت بڑھا دیا گیا، ایس ایچ او

امن و امان کے قیام کیلئے عوامی تعاون ضروری، منشیات فروشوں سے کوئی رعایت نہیں ہوگی

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) ایس ایچ او ندیم بہرانی نے کہا ہے کہ عوام کی جان و مال کی تحفظ پولیس فورس کا اولین فریضہ ہے مظلوم کی دادرسی کو ہر صورت میں یقینی بنایا گیا ہے امن و امان میں خلل ڈالنے والے عناصر حوالات کی ہوا کھائیں گے ان خیالات کا اظہار ایس ایچ او سٹی ندیم بہرانی نے مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سی آئی اے پولیس انچارج کرم حسین بہرانی، نارکوٹکس سیل کے انچارج محمد اسلم رند اینٹی مددگار فورس کے انچارج شاہنواز کھوسہ بھی موجود تھے ایس ایچ او ندیم بہرانی نے کہا کہ امن و امان کی صورتحال کو مزید بہتر کرنے کے لیے اوستہ محمد کے داخلی و خارجی راستوں پر چیکنگ سخت کر دی گئی ہے اور پولیس گشت میں اضافہ کر دیا گیا ہے ان کا کہنا تھا کہ آئی جی پولیس بلوچستان ڈی آئی جی نصیرآباد و ایس پی اوستہ محمد کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کا سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے، جس میں اوستہ محمد پولیس نے بڑی حد تک کامیابی حاصل کی ہے اور مزید جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے انہوں نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر ملک کے کسی بھی کونے میں چھپ جائیں انہیں قانون کی گرفت میں لائیں گے ایس ایچ او ندیم بہرانی نے ایک سوال پر کہا کہ منشیات فروش انسانیت کے قاتل ہیں ان کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی معاشرتی برائیوں کو جڑ سے ختم کرنے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جا رہے ہیں اس سلسلے میں عوام کو پولیس کے ساتھ مکمل تعاون کرنا ہوگا انہوں نے مزید کہا کہ اوستہ محمد پولیس جرائم پیشہ عناصر اور سہولت کاروں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ صحافی معاشرے کا آئینہ ہیں صحافی برادری کو چاہیے کہ وہ حقائق اور تصدیق شدہ خبریں شائع کریں زرد صحافت سے اجتناب کریں اوستہ محمد کے صحافیوں نے ہمیشہ پولیس کے ساتھ مکمل تعاون کی ہے اور عوامی مسائل کو اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کی ہے

نصیرآباد: یوم نجات پر پاک فوج سے اظہار یکجہتی کیلئے ریلی نکالی گئی

امداد حسین مری کی قیادت میں شہریوں، تاجروں اور سیاسی شخصیات کی شرکت

مقررین نے دہشتگردی کے خاتمے، قومی سلامتی اور خیبر پختونخوا میں گورنر راج کی حمایت کی

نصیرآباد (نامہ نگار) یوم نجات کے موقع پر پاک فوج سے اظہار یکجہتی اور افواج پاکستان کی حمایت میں سیاسی و سماجی رہنما میر امداد حسین مری کی قیادت میں مری ہاؤس ڈیرہ مراد جمالی سے ایک ریلی نکالی گئی، جس میں سیاسی و سماجی شخصیات، تاجر برادری اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء نے اپنے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر پاک فوج کی حمایت اور قومی یکجہتی کے حوالے سے نعرے درج تھے، جبکہ شرکاء پاکستان زندہ باد، پاک فوج پائندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگاتے رہے۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے میر امداد حسین مری نے کہا کہ پاک فوج اور دیگر مسلح افواج ملک کے دفاع، سلامتی اور عوام کے تحفظ کے لیے قابل قدر خدمات انجام دے رہی ہیں دہشت گردی کے خاتمے اور ملک میں پائیدار امن کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں قابل تحسین ہیں انہوں نے کہا کہ ملک کی سلامتی اور استحکام کے لیے پوری قوم کو متحد ہو کر افواج پاکستان کے ساتھ کھڑا ہونا چاہیے اور ملک دشمن عناصر کے عزائم ناکام بنانے کے لیے قومی یکجہتی کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ میر امداد حسین مری نے خیبر پختونخوا میں امن و امان کی صورتحال کے پیش نظر وفاقی حکومت کی جانب سے ایمرجنسی کے نفاذ اور گورنر راج کے اقدام کی حمایت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے، عوام کے جان و مال کے تحفظ اور امن و امان کی بحالی کے لیے مؤثر اقدامات ضروری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام ملک میں امن، استحکام اور سلامتی چاہتے ہیں اور اس مقصد کے لیے ریاستی اداروں کی کوششوں کی حمایت وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ان کی قیادت میں ریلی مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی پریس کلب ڈیرہ مراد جمالی پہنچی، جہاں شرکاء نے پاک فوج کے حق میں نعرے لگائے۔ بعد ازاں ریلی کے شرکاء مقررہ راستے سے واپس مری ہاؤس پہنچے، جہاں ریلی اختتام پذیر ہوگئی۔

ہانگ کانگ سکسز، پاکستان کرکٹ ٹیم کا اعلان کر دیا گیا

عباس آفریدی کپتان مقرر، ایونٹ میں 12 ٹیمیں شرکت کریں گی

کراچی (آن لائن) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے ہانگ کانگ سکسز کرکٹ ٹورنامنٹ کے لیے عباس آفریدی کی قیادت میں 7 رکنی قومی اسکواڈ کا اعلان کر دیا ہے۔ گرین شرٹس ٹائٹل کا دفاع کریں گے، 2025 کا فائنل پاکستان نے جیتا تھا۔ فیصلہ کن معرکے میں کویت کو شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کے مطابق ٹورنامنٹ 30 اکتوبر سے یکم نومبر 2026 تک ہانگ کانگ کے ٹن کوانگ روڈ ریکریشن گراؤنڈ میں کھیلا جائے گا۔ قومی ٹیم 28 اکتوبر کو ہانگ کانگ کے لیے روانہ ہوگی۔ پی سی بی کی جانب سے اعلان کردہ اسکواڈ میں محمد عباس آفریدی کو کپتان مقرر کیا گیا ہے جبکہ دیگر کھلاڑیوں میں عبدالصمد، احمد دانیال، محمد عرفان خان، خواجہ نافع، محمد شہزاد اور سعد مسعود شامل ہیں۔ ٹیم منیجر کی ذمہ داریاں رضا کچلو انجام دیں گے۔ ٹورنامنٹ میں شریک 12 ٹیموں کو تین، تین ٹیموں پر مشتمل چار گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے۔ گروپ اے میں آسٹریلیا، انگلینڈ اور ہانگ کانگ شامل ہیں جبکہ گروپ بی میں بنگلا دیش، اسکاٹ لینڈ اور سری لنکا شامل ہوں گے۔ اسی طرح گروپ سی میں پاکستان، بھارت اور یو اے ای کو رکھا گیا ہے، گروپ ڈی میں افغانستان، اومان اور جنوبی افریقا کی ٹیمیں شامل ہوں گی۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان ہائی وولٹیج میچ 30 اکتوبر کو کھیلا جائے گا۔

راولپنڈی: پاکستان اور سری لنکا کے مابین ٹی 20 انٹرنیشنل کرکٹ میچ کے دوران پاکستان ٹیم کے کپتان صاحبزادہ فرحان جارحانہ شارٹ کھیل رہے ہیں

سری لنکا آؤٹ کلاس، پاکستان نے سیریز جیت لی

پاکستان نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 3 وکٹوں کے نقصان پر 215 رنز بنائے، سری لنکا کی ٹیم 7 وکٹوں کے نقصان پر 133 رنز بنا سکی

معاذ صداقت نے 96 رنز کی اننگز کھیلی، 6 چوکے، 7 چھکے شامل تھے، کپتان صاحبزادہ فرحان نے 73 رنز بنائے، 4 چوکے، 5 چھکے لگائے

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے سیریز کے دوسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں سری لنکا کو 82 رنز سے شکست دے کر سیریز میں 0-2 کی فیصلہ کن برتری حاصل کرلی۔ راولپنڈی میں کھیلے گئے میچ میں پاکستان نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 3 وکٹوں کے نقصان پر 215 رنز بنائے، جواب میں سری لنکا کی ٹیم مقررہ 20 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 133 رنز بنا سکی، یوں پاکستان نے 82 رنز سے کامیابی حاصل کی۔ معاذ صداقت نے 96 رنز کی اننگز کھیلی۔ ان کی اننگز میں 6 چوکے، 7 چھکے شامل تھے، کپتان صاحبزادہ فرحان نے 73 رنز بنائے، 4 چوکے، 5 چھکے لگائے، فخر زمان نے 22 اور حسن نواز نے 19 رنز کی اننگز کھیلی۔ ایشان ملنگا، تھیکشانا اور داسن شناکا نے ایک ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔ سری لنکا کی جانب سے مہیش تھیکشانا نے 32، چندو وکرماسنگھے نے 29 رنز بنائے، کمیدو مینڈس نے 23 اور ستھ ہے سوریا نے 22 رنز کی اننگز کھیلی۔ عمران رندھاوا نے 3 اور سلمان مرزا نے 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا، صائم ایوب اور ابرار احمد نے ایک، ایک وکٹ حاصل کی۔ تین میچوں کی سیریز کا آخری مقابلہ منگل کو کھیلا جائے گا۔ میچ میں سری لنکا نے ٹیم میں تین جبکہ پاکستان نے ایک تبدیلی کی ہے، پاکستان کی ٹیم میں رضا اللہ کی جگہ سلمان مرزا کو شامل کیا گیا تھا۔

اسٹیو اسمتھ نے ٹیسٹ کرکٹ میں جو روٹ کا ریکارڈ توڑ دیا

انہوں نے یہ کارنامہ جنوبی افریقا کے خلاف پہلے ٹیسٹ میچ کے دوران انجام دیا

ڈربن (مانیٹرنگ ڈیسک) آسٹریلیا کے تجربہ کار کھلاڑی اسٹیو اسمتھ نے ٹیسٹ کرکٹ میں فیلڈر کی حیثیت سے سب سے زیادہ کیچز پکڑنے کا ریکارڈ اپنے نام کرلیا۔ اسٹیون اسمتھ نے ٹیسٹ میچز میں 221 کیچز پکڑ کر انگلینڈ کے جو روٹ کو پیچھے چھوڑ دیا، جن کے نام 220 کیچز کا ریکارڈ تھا۔ آسٹریلوی کھلاڑی اس اعزاز کے ساتھ ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ میں بطور فیلڈر سب سے زیادہ کیچز لینے والے کھلاڑی بن گئے ہیں۔ انہوں نے یہ کارنامہ جنوبی افریقا کے خلاف پہلے ٹیسٹ میچ کے دوران انجام دیا۔ زیادہ کیچز پکڑنے کی فہرست میں بھارت کے سابق کپتان راہل ڈریوڈ تیسرے نمبر پر موجود ہیں، جنہوں نے 210 کیچز تھامے تھے

ایف سی ناتھ یوتھ کرکٹ لیگ اختتام پذیر، فائنل جامعہ بلوچستان کے نام

ٹورنامنٹ کے دوران لیگ اور سیمی فائنلز سمیت مجموعی طور پر 16 میچز کھیلے گئے، فائنل میں جامعہ بلوچستان اور بیوٹمز مدمقابل

ٹورنامنٹ کا گرینڈ فائنل چاغی اسٹیڈیم کینٹ میں کھیلا گیا، مہمان خصوصی کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل عنایت حسین تھے

کوئٹہ (پ ر) یوتھ کرکٹ لیگ کوئٹہ ایف سی بلوچستان (نارتھ) کے زیر اہتمام کوئٹہ میں یکم تا 11 اکتوبر یوتھ کرکٹ لیگ کا انعقاد کیا گیا، جس میں مختلف تعلیمی اداروں کی ٹیموں نے حصہ لیا۔ ٹورنامنٹ کے دوران لیگ اور سیمی فائنلز سمیت مجموعی طور پر 16 میچز کھیلے گئے، جن میں نوجوان کھلاڑیوں نے بہترین کھیل، نظم و ضبط اور اسپورٹس مین اسپرٹ کا مظاہرہ کیا۔ ٹورنامنٹ کا گرینڈ فائنل چاغی اسٹیڈیم، کوئٹہ کینٹ میں بیوٹمز اور یونیورسٹی آف بلوچستان کے درمیان کھیلا گیا۔ شاندار مقابلے کے بعد یونیورسٹی آف بلوچستان نے یوتھ کرکٹ لیگ کوئٹہ کا گرینڈ فائنل اور چیمپئن ٹرافی کا ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔ فائنل تقریب کے مہمان خصوصی کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل عنایت حسین تھے، جنہوں نے یوتھ کرکٹ لیگ کوئٹہ کی فاتح ٹیم یونیورسٹی آف بلوچستان کو ونر ٹرافی سے نوازا اور نمایاں کارکردگی دکھانے والی ٹیموں اور کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے۔ بیسٹ بیٹسمین آف ٹورنامنٹ یسین جامعہ بلوچستان، بیسٹ باؤلر آف ٹورنامنٹ دلاور خان بیوٹمز، بیسٹ وکٹ کیپر آف ٹورنامنٹ ساجد جامعہ بلوچستان رہے۔ یوتھ کرکٹ لیگ کا مقصد بلوچستان میں کھیلوں کے فروغ، نوجوانوں کو صحت مند اور مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنے اور تعلیمی اداروں کے درمیان باہمی ہم آہنگی، ٹیم ورک اور صحت مند مسابقت کو فروغ دینا ہے۔

رونالڈو پر اپنے ساتھی کھلاڑی سادیو ما نے کا گول چوری کرنے کا الزام

نئے تعمیر شدہ جناح اسٹیڈیم کے فٹسال گراؤنڈز میں پہلی شی لیگ کا آغاز

سپین: تماشائیوں کا انوکھا احتجاج، کاغذ کے جہاز پھینک کر میچ ختم کروادیا

کانٹے دار مقابلہ، دانیال جان کبدانی کلب فائنل جیتنے میں کامیاب

رائیز پروگرام اور بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام کے مشترکہ تعاون سے جاری رخشان سپورٹس و کلچر فیسٹیول

مہمان خصوصی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر خاران عمر جمالی تھے، شائقین کی بڑی تعداد میں شرکت، دونوں ٹیموں کی جانب سے شاندار کھیل کا مظاہرہ

تقریب کے اختتام پر کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم، سپورٹس ایونٹس کا انعقاد وقت کی اہم ضرورت ہے، اختتامی تقریب سے عمر جمالی کا خطاب

خاران (رپورٹ محمد عیسیٰ محمد حسنی) حکومت بلوچستان کے رائیز پروگرام اور بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام کے مشترکہ تعاون سے جاری رخشان سپورٹس و کلچر فیسٹیول کے سلسلے میں والی بال (شوٹنگ) ٹورنامنٹ کا شاندار اور انتہائی سنسنی خیز فائنل میچ اختتام پذیر ہو گیا۔ فائنل مقابلہ دانیال جان کبدانی کی ٹیم اور شہید مصدق جان کی ٹیم کے درمیان کھیلا گیا، جس میں دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں نے اعلیٰ درجے کی کھیل کی مہارت، بہترین اسپورٹس مین شپ اور بے مثال جوش و جذبے کا مظاہرہ کیا۔ کانٹے دار مقابلے کے بعد دانیال جان کبدانی کی ٹیم نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے فائنل اپنے نام کر لیا اور ٹورنامنٹ کی چیمپئن بن گئی۔ فائنل میچ کے مہمان خصوصی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر خاران عمر جمالی تھے۔ انہوں نے فائنل جیتنے والی ٹیم کو مبارکباد دی اور تمام کھلاڑیوں کے کھیل کو سراہا۔ اپنے خطاب میں ان کا کہنا تھا کہ کھیلوں کی سرگرمیاں نہ صرف جسمانی اور ذہنی نشوونما کا ذریعہ ہیں بلکہ یہ نوجوانوں میں نظم و ضبط، ٹیم ورک، برداشت، باہمی ہم آہنگی اور مثبت مسابقت کے جذبے کو فروغ دینے میں کلیدی کردار ادا کرتی ہیں۔ ضلع خاران میں اس نوعیت کے ایونٹس کا انعقاد وقت کی اہم ضرورت ہے۔ جبکہ حکومت بلوچستان کے تعاون سے جاری رائیز پروگرام کے تحت ہونے والے کھیلوں کے اس طرح کے ایونٹس سے کھلاڑیوں کے حوصلہ افزائی ممکن ہوگی خاران کے نوجوانوں میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہیں کھیلوں کے میدانوں کو آباد کرنے کے لیے سماجی برائیوں کے خاتمے میں مدد مل سکتی ہیں۔ رائیز پروگرام کے منتظمین خراج تحسین کے لائق ہیں جنھوں نے ضلع خاران میں اس پروگرام کے توسط سے کھیلوں کے فروغ کیلئے ایسے اقدامات کر رہے ہیں اس موقع پر مانیٹرنگ آفیسر سید یسین شاہ احسان نے ٹورنامنٹ کے اہداف اور اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ اس فیسٹیول اور ٹورنامنٹ کے انعقاد کا بنیادی مقصد خاران اور رخشان ڈویژن کے نوجوانوں کو صحت مند و مثبت سرگرمیوں کے بھرپور مواقع فراہم کرنا ہے تاکہ ان کی چھپی ہوئی صلاحیتوں کو سامنے لایا جا سکے اور معاشرے میں مثبت رویوں کو فروغ دیا جا سکے۔ فائنل میچ کو دیکھنے کے لیے شائقین کھیل کی بڑی تعداد موجود تھی جنہوں نے ہر بہترین شاٹ پر کھلاڑیوں کو بھرپور داد دی۔ تقریب میں سرکاری آفیسران، بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام کی ضلعی ٹیم کے اراکین، ڈسٹرکٹ نیٹ ورک کے نمائندگان، علاقائی معتبرین اور سماجی شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کر کے ایونٹ کی رونق کو دوبالا کیا۔ رخشان سپورٹس و کلچر فیسٹیول کے تحت انعقاد پذیر مختلف کھیلوں اور ثقافتی مقابلے علاقے کے نوجوانوں کے لیے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوانے اور مثبت سرگرمیوں سے جڑے رہنے کے لیے ایک بہترین اور مضبوط پلیٹ فارم ثابت ہو رہے ہیں۔ تقریب کے اختتام پر نمایاں کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں اور ونر اور رنر ٹیموں میں ٹرافی اور دیگر مہمانان کو شیلڈ تقسیم کیے گئے۔

خاران: ایڈیشنل ڈی سی عمر جمالی حکومت بلوچستان کے رائیز پروگرام اور بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام کے مشترکہ تعاون سے جاری رخشان سپورٹس و کلچر فیسٹیول کے سلسلے میں والی بال (شوٹنگ) ٹورنامنٹ کے فائنل میچ کے ونر اور رنر ٹیموں کو ٹرافی دے رہے ہیں جبکہ دوسری جانب میچ سے لطف اندوز ہو رہے ہیں

رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم خان بازئی کلی کتیر کچلاک میں فٹبال ٹورنامنٹ کے اختتام پر ونر ٹیم و دیگر میں ٹرافیاں و شیلڈز تقسیم کر رہے ہیں

خضدار: یوم نجات کے ساتھ خواتین تھانے کے قیام پر پیش رفت

ڈپٹی کمشنر آفس میں تقریب اور ریلی، امن و استحکام کیلئے حکومتی اقدامات کی حمایت

خواتین کھلی کچہری کے بعد سابق لیویز تحصیل آفس ویمن پولیس اسٹیشن کیلئے مختص کر دیا گیا

خضدار (ن ن) وفاقی حکومت کی جانب سے ملک میں امن و امان کی بحالی، دہشت گردی کے خلاف موثر کارروائیوں اور ملک کو درپیش سیکیورٹی بحران اور سیاسی عدم استحکام پر قابو پانے کے لیے کیے گئے حالیہ اقدامات کی حمایت میں خضدار میں یوم نجات جوش و خروش سے منایا گیا۔ یوم نجات کے سلسلے میں تقریب ڈپٹی کمشنر آفس خضدار میں منعقد ہوئی، جہاں کیک کاٹنے کی تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ سمیت وفاقی حکومت کے تمام آئینی و انتظامی اقدامات کی بھرپور حمایت کا اعادہ کیا گیا۔ تقریب کے اختتام پر شرکاء میں مٹھائیاں بھی تقسیم کی گئیں۔ کیک کاٹنے کی تقریب کے بعد ڈپٹی کمشنر آفس خضدار سے ایک ریلی بھی نکالی گئی، جس میں شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ امن، استحکام اور دہشت گردی کے خاتمے کے حق میں نعرے لگائے گئے۔ شرکاء نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملک اس وقت جن چیلنجز سے گزر رہا ہے اس میں قومی یکجہتی اور ریاستی اداروں کے ساتھ کھڑا ہونا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے حکومت کے موثر اقدامات ناگزیر ہیں۔ تقریب اور ریلی میں ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی، ایس ایس پی خضدار محمد بلوچ، آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی کے عہدیداران ہندو پنچایت کے رہنما سیٹھ جواہری لال اور مختلف سرکاری محکموں کے افسران، قبائلی عمائدین اور عام شہریوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ خضدار میں گزشتہ روز منعقدہ تاریخی خواتین کھلی کچہری کے مثبت ثمرات سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں۔ ضلعی انتظامیہ نے خواتین کے دیرینہ مطالبے پر خضدار میں پہلے ویمن پولیس اسٹیشن کے قیام کے لیے عملی اقدامات کا آغاز کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں آج ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن خضدار وڈیرہ صالح محمد جاموٹ کے ہمراہ سابق لیویز تحصیل آفس کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر الیکشن لیاقت علی اور الیکشن سلیم عمرانی بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے اعلان کیا کہ سابق لیویز تحصیل آفس میں عمارت کو باقاعدہ طور پر ویمن پولیس اسٹیشن کے لیے مختص کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت جاری کی کہ عمارت کی فوری مرمت، تزئین و آرائش اور پولیس تھانہ کے قیام کے لیے درکار تمام اسٹیبلشمنٹ کا کام جلد از جلد مکمل کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ گزشتہ روز خواتین کھلی کچہری میں خواتین نے جن مسائل کی نشاندہی کی تھی، ان پر ترجیحی بنیادوں پر عمل درآمد شروع کر دیا گیا ہے۔

خضدار، ڈی سی عبدالرزاق ساسولی پہلی ویمن پولیس سٹیشن کیلئے مختص جگہ کا معائنہ کر رہے ہیں

ہرنائی: خسرہ اور چکن پاکس سے بچاؤ کیلئے محکمہ صحت متحرک

ماہانہ اجلاس میں بنیادی مراکز صحت کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

ویکسینیشن سے متعلق والدین میں آگاہی کیلئے ہنگامی مہمات چلانے کی ہدایت

ہرنائی (ن ن) پی پی ایچ آئی ہرنائی کے دفتر میں ماہ ستمبر 2026ء کا اہم ماہانہ جائزہ اجلاس (MRM) انعقاد پذیر ہوا، جس کی مشترکہ صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (DHO) ہرنائی اور ڈسٹرکٹ منیجر (DM) پی پی ایچ آئی نے کی۔ اجلاس میں ضلع کے اہم طبی و انتظامی حکام اور صحت کے شعبے میں کام کرنے والے شراکت دار اداروں کے نمائندوں نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس میں ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال ہرنائی، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر انڈس ہسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک (IHHN)، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر بے نظیر نشوونما پروگرام (BNP)، مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن (M&E) افسران برائے EPI، PPHI سمیت تمام بنیادی مراکز صحت (BHUs) کے انچارجز نے شرکت کی اجلاس کے دوران ستمبر کے مہینے میں ضلع بھر کے تمام بنیادی مراکز صحت (BHUs) کی کارکردگی کا پوائنٹ وائز تفصیلی تفتیشی جائزہ لیا گیا۔ انڈیکیٹرز کے مطابق درج ذیل شعبہ جات کا الگ الگ جائزہ لیا گیا تمام بی ایچ یوز میں مریضوں کی آمد اور علاج و معالجے کی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ، دوران حمل دیکھ بھال، زچگی کے حفاظتی اقدامات اور نومولود بچوں کی نگہداشت سے متعلق سروسز پر اطمینان کا اظہار، بچوں کو موذی بیماریوں سے بچاؤ کی ویکسینیشن کوریج کا باریک بینی سے معائنہ اور کوریج بڑھانے پر زور، سوء تغذیہ (Malnutrition) کے شکار بچوں کو بروقت شناخت کر کے انہیں بے نظیر نشوونما پروگرام اور انڈس نیٹ ورک کے غذائی پروگرامز میں ریفر کرنے کے طریقہ کار کو مزید موثر بنانے کا اعادہ۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر ارشد حسین جمالی ہرنائی کی زیر صدارت ہونے والے گئے خصوصی ہیلتھ کانفرنس کے فیصلوں سے تمام شرکاء کو تفصیل سے آگاہ کیا گیا، جس میں ضلع میں خسرہ (Measles) اور چکن پاکس (Chickenpox) کے مشتبہ کیسز سے متعلق حکمت عملی طے کی گئی تھی۔

تمپ کو ضلعی شناخت ملنے پر عوامی ترقی کی نئی امیدیں وابستہ

تمپ (آئی این پی) رئیس ماجد شاہ نے ضلع تمپ کے قیام و ڈسٹرکٹ کونسل حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم ڈسٹرکٹ کونسل تمپ کے قیام اور تمپ کو الگ ضلعی شناخت ملنے پر صوبائی مشیر توانائی میر اصغر رند کی کاوشوں کو سراہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میر اصغر رند ایک وسیع النظر اور دوراندیش عوامی رہنما ہیں۔ ان کے دور میں تمپ کو ضلع کا درجہ ملنا اہل تمپ کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے۔ تمپ کے عوام اپنے منتخب نمائندوں سے مزید امیدیں وابستہ رکھتے ہیں اور توقع کرتے ہیں کہ اس نئی ضلعی شناخت کو عملی ترقی، عوامی سہولتوں اور بنیادی ضروریات کی فراہمی میں تبدیل کیا جائے گا۔ رئیس ماجد شاہ نے کہا کہ تمپ ہمارا گھر ہے، اور اس کی تعمیر و ترقی ہم سب کی مشترکہ خواہش اور ذمہ داری ہے۔ ہم روز اول سے ہر دور میں، ہر حکومت اور متعلقہ حکام کے سامنے یہ مطالبہ اٹھاتے رہے ہیں کہ تمپ ایک قدیم شہر ہے، اس لیے اسے ضلع کا درجہ دیا جائے

کوہلو: نیوکلی میں برساتی سیلاب سے بچاؤ کیلئے حفاظتی دیواروں کی تعمیر جاری

محکمہ اریگیشن کی نگرانی میں گنجان آباد علاقے کو سیلابی ریلوں سے محفوظ بنانے کے اقدامات

کوہلو (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہستان مری کے سب سے گنجان آباد علاقے نیوکلی میں محکمہ اریگیشن کی جانب سے برساتی پانی کے خطرات سے بچاؤ کے لیے پروٹیکشن والز کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری ہے۔ منصوبے کی نگرانی ایگزیکٹو انجینئر محکمہ اریگیشن محمود خان مندوخیل کر رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق نیوکلی میں برساتی پانی کی گزرگاہوں کے اطراف پر پروٹیکشن والز کی تعمیر کا مقصد آبادی کو بارشوں کے دوران ممکنہ سیلابی ریلوں اور پانی سے ہونے والے نقصانات سے محفوظ رکھنا ہے۔ مقامی عوامی و سماجی حلقوں کے مطابق ان حفاظتی دیواروں کی تعمیر سے برساتی پانی کے خطرات میں کمی آنے کی امید ہے، جس سے علاقے کے مکینوں کو تحفظ فراہم ہوگا۔ عوامی و سماجی حلقوں نے منصوبے پر جاری کام کو سراہتے ہوئے کہا کہ نیوکلی جیسے گنجان آباد علاقے میں برساتی پانی سے بچاؤ کے لیے حفاظتی اقدامات انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔ انہوں نے سیکرٹری اریگیشن بلوچستان اور ایگزیکٹو انجینئر محمود خان مندوخیل سے اپیل کی کہ نیوکلی کی طرز پر ضلع کوہستان مری کے دیگر حساس علاقوں میں بھی برساتی پانی کی گزرگاہوں پر پروٹیکشن والز تعمیر کی جائیں تاکہ عوام کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔

موسیٰ خیل: بیماریوں سے بچاؤ کیلئے ہیلتھ ورکرز کی تربیت شروع

موسیٰ خیل (ن ن) بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام (B.R.S.P) کے زیر اہتمام، ملیریا پروگرام کے تحت انٹیگریٹڈ کمیونٹی کیس مینجمنٹ (ICCM) کی مہارتوں کی منتقلی کے لیے دو روزہ تربیتی سلسلے کے پہلے بیچ کا آغاز 6 اکتوبر 2026 کو BRSP آفس، دراز اشم، ضلع موسیٰ خیل میں کیا گیا۔ تربیت کا انعقاد انڈس ہسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک (IHHN) کے تعاون سے کیا جا رہا ہے، جس کا مقصد کمیونٹی ہیلتھ ورکرز کی استعداد کار میں اضافہ اور بنیادی صحت کی سہولیات کو کمیونٹی کی سطح پر موثر بنانے کے لیے ان کی تکنیکی مہارتوں کو فروغ دینا ہے۔ تربیت کے پہلے روز شرکاء کو تربیتی مقاصد اور ICCM پروگرام کے مختلف پہلوؤں سے آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر ملیریا، ٹی بی (ٹی بی) اور ایچ آئی وی جیسے امراض کی روک تھام اور کنٹرول کے لیے کمیونٹی کی موثر شمولیت کی اہمیت پر روشنی ڈالی گئی، جبکہ صحت کے شعبے میں کمیونٹی ہیلتھ ورکرز کے کردار اور ذمہ داریوں پر بھی تفصیلی گفتگو کی

نیشنل پارٹی خضدار کے تنظیمی بحران پر کارکنوں میں مایوسی بڑھنے لگی

تحصیل کابینہ نے صوبائی و مرکزی قیادت کو مسائل سے آگاہ کیا، مگر عملی پیش رفت نہ ہو سکی

خضدار کے تنظیمی معاملات کا جائزہ لینے کیلئے فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی تشکیل دینے کا مطالبہ کیا گیا

خضدار (بیورو رپورٹ) نیشنل پارٹی تحصیل خضدار کابینہ کا ایک اہم اجلاس تحصیل صدر نادر بلوچ کی زیر صدارت منعقد ہوا جبکہ اجلاس کی کارروائی تحصیل جنرل سیکرٹری کریم بلوچ نے چلائی۔ اجلاس میں تحصیل پریس سیکرٹری ریاض احمد شاہوانی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری سعید احمد مردوئی اور فنانس سیکرٹری یوسف مینگل نے شرکت کی اجلاس میں تنظیمی امور، پارٹی کی مجموعی سیاسی صورتحال، تحصیل کابینہ اور پارٹی کارکنوں کو درپیش مسائل سمیت دیگر اہم معاملات پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں سابقہ اجلاس کے فیصلوں اور ان پر ہونے والی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا سابق اجلاس میں خضدار میں نیشنل پارٹی کی تحصیل کابینہ اور کارکنوں کو درپیش مجموعی تنظیمی و سیاسی مسائل کے حل کے لیے صوبائی اور مرکزی قیادت سے رابطہ کاری کی غرض سے تحصیل پریس سیکرٹری ریاض احمد شاہوانی کی سربراہی میں تین رکنی کمیٹی تشکیل دی گئی تھی۔ کمیٹی کے سربراہ ریاض احمد شاہوانی نے اجلاس میں اپنی رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ کمیٹی نے پارٹی کی اعلیٰ صوبائی و مرکزی قیادت سے رابطہ کیا اور خضدار میں نیشنل پارٹی کی تحصیل کابینہ اور کارکنوں کو درپیش تنظیمی مسائل، تحفظات اور خدشات سے قیادت کو تفصیلی طور پر آگاہ کیا اور قیادت سے یہ بھی کہا کہ نیشنل پارٹی خضدار میں ایک طبقہ ہے جو تمام اختیارات اپنے پاس رکھنا چاہتا ہے اور اداروں کو کمزور کرنا چاہتا ہے تاکہ پارٹی کے ذریعے اپنے ذاتی مفادات حاصل کیے جا سکیں۔ کمیٹی کی جانب سے صوبائی و مرکزی قیادت سے یہ مطالبہ بھی کیا گیا کہ خضدار میں پارٹی کے تنظیمی معاملات اور کارکنوں کے تحفظات کا جائزہ لینے کے لیے ایک فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی تشکیل دی جائے، جو تحصیل کابینہ سمیت پارٹی کے تمام کارکنوں سے ملاقات کرے، ان کے موقف اور تحفظات سنے اور زمینی حقائق کی روشنی میں خضدار میں پارٹی کو درپیش مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات تجویز کرے اس سلسلے میں تحصیل کابینہ کی جانب سے خضدار میں پارٹی کو درپیش تمام اہم تنظیمی و سیاسی مسائل، کارکنوں کے تحفظات اور خدشات کو ایک باقاعدہ ڈرافٹ دستاویز کی شکل میں مرتب کر کے صوبائی و مرکزی قیادت کو پیش کیا گیا۔ مذکورہ ڈرافٹ صوبائی جنرل سیکرٹری کو بھی فراہم کیا گیا تاکہ اسے صوبائی ورکنگ کمیٹی کے اجلاس میں پیش کیا جائے اور خضدار میں پارٹی کے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات اٹھانے کی راہ ہموار کی جا سکے۔ تاہم تحصیل کابینہ کے مطابق، ان تمام رابطوں، کوششوں اور تحریری طور پر مسائل کی نشاندہی کے باوجود تاحال کوئی موثر اور عملی پیش رفت سامنے نہیں آ سکی

بھاگ میں امن کیلئے عملی اقدامات کیا جائے: مولانا ارشد شاہ

بھاگ (یو این اے) جمعیت علماء اسلام ضلع کچھی کے امیر مولانا سید محمد ارشد شاہ بخاری نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے بھاگ میں قیام امن کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں پولیس چوکیوں کو فعال اور گشت کو بڑھایا جائے گزشتہ روز آل پارٹیز ایکشن کمیٹی بھاگ کی جانب سے احتجاج اور شٹر ڈاؤن کا مقصد محض ایس ایچ او بھاگ کا تبادلہ کرانا ہرگز نہیں تھا بلکہ اس احتجاج کا بنیادی مقصد بھاگ شہر میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال آئے روز ہونے والی چوری ڈکیتی رہزنی اور دن دیہاڑے دکانداروں اور تاجروں کو لوٹ مار کے واقعات کے خلاف بھرپور آواز بلند کرنا تھا انہوں نے کہا کہ ایکشن کمیٹی بھاگ عوامی اعتماد کی حامل کمیٹی ہے جو ہمیشہ تحصیل بھاگ کے عوام کے بنیادی مسائل اور حقوق کے لیے آواز بلند اور جدوجہد کرتی رہی ہے۔ بھاگ میں جاری بدامنی کے خلاف ہونے والا احتجاج بھی عوامی تحفظ اور امن کے قیام کے لیے تھا

سیوی: پی ایچ ای منصوبوں کی پیش رفت، کمشنر کا معیار یقینی بنانے کا حکم

محکمہ پی ایچ ای کی کارکردگی کا جائزہ، منصوبوں میں شفافیت برقرار رکھنے پر زور

صاف پانی کی فراہمی سے متعلق اسکیموں کی بروقت تکمیل پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت

سیوی (ن ن) کمشنر سیوی ڈویژن عرفان اللہ خان کی زیر صدارت محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (PHE) کی کارکردگی اور پیش رفت کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں محکمہ پی ایچ ای کے ایس ای اور ایگزیکٹو انجینئرز نے شرکت کی اور کمشنر سیوی ڈویژن کو محکمانہ امور اور جاری منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس کے دوران محکمہ پی ایچ ای کی مجموعی کارکردگی، جاری ترقیاتی منصوبوں، پانی کی فراہمی سے متعلق اسکیموں اور مختلف محکمانہ امور میں ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ محکمہ پی ایچ ای کے افسران نے کمشنر سیوی ڈویژن کو جاری منصوبوں کی پیش رفت، تکمیل کی صورتحال اور عوام کو صاف پانی کی فراہمی کے حوالے سے کیے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا۔ کمشنر عرفان اللہ خان نے جاری منصوبوں کی بروقت تکمیل، تعمیراتی کام کے معیار کو یقینی بنانے اور عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے لیے موثر اقدامات کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ عوامی نوعیت کے منصوبوں میں معیار اور شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور جاری اسکیموں کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے۔ واضح رہے کہ کمشنر سیوی ڈویژن عرفان اللہ خان کی جانب سے ڈویژن کے تمام محکموں کی کارکردگی اور پیش رفت کا مرحلہ وار جائزہ لیا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں مختلف محکموں کی پروگریس ریویو میٹنگز ان دنوں روزانہ کی بنیاد پر جاری رہیں گی۔

خضدار: چائے کا کاروبار روزانہ لاکھوں روپے کی معاشی سرگرمی جاری

زیرو پوائنٹ سے سٹی تک 130 ہوٹلوں میں روزانہ 52 ہزار کپ چائے فروخت ہونے کا تخمینہ

چائے کی ممکنہ سالانہ فروخت ایک ارب روپے سے تجاوز، ہزاروں افراد کا روزگار اس کاروبار سے وابستہ

خضدار (یو این اے) خضدار شہر میں چائے کا کاروبار بھی معاشی سرگرمیوں کا ایک اہم حصہ بن چکا ہے۔ زیرو پوائنٹ سے لے کر سٹی تک تقریباً 130 چھوٹے بڑے ہوٹلوں میں روزانہ ہزاروں کپ چائے فروخت ہونے کا اندازہ لگایا جا رہا ہے۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق اگر ہر ہوٹل میں روزانہ اوسطاً 40 کلو دودھ چائے بنانے کے لیے استعمال ہوتا ہے تو ان 130 ہوٹلوں میں مجموعی طور پر 5 ہزار 200 کلو دودھ روزانہ صرف چائے کی تیاری میں استعمال ہوتا ہے، جبکہ ماہانہ یہ مقدار ایک لاکھ 56 ہزار کلو اور سالانہ تقریباً 19 لاکھ کلو تک پہنچ جاتی ہے۔ اگر ایک کپ چائے میں اوسطاً 100 ملی لیٹر دودھ استعمال ہونے کا حساب لگایا جائے تو ان ہوٹلوں میں روزانہ تقریباً 52 ہزار کپ چائے تیار ہونے کا تخمینہ بنتا ہے۔ اسی حساب سے روزانہ تقریباً 520 کلو چینی اور 104 کلو چائے کی پتی استعمال ہونے کا اندازہ ہے۔ اگر ایک کپ چائے کی اوسط قیمت 60 روپے فرض کی جائے تو ان ہوٹلوں میں صرف چائے کی روزانہ مجموعی فروخت تقریباً 31 لاکھ 20 ہزار روپے، ماہانہ 9 کروڑ 36 لاکھ روپے اور سالانہ ایک ارب 13 کروڑ 88 لاکھ روپے تک پہنچ سکتی ہے۔ یہ اعداد و شمار صرف چائے کی ممکنہ فروخت کے ہیں، جن میں ہوٹلوں پر فروخت ہونے والی روٹی، پراٹھے، انڈے، سالن، کھانے پینے کی دیگر اشیاء اور مشروبات کی آمدنی شامل نہیں۔ اسی طرح یہ رقم ہوٹل مالکان کا خالص منافع بھی نہیں، کیونکہ اس میں دودھ، چینی، چائے کی پتی، گیس، بجلی، پانی، دکانوں کے کرایے، ملازمین کی تنخواہوں اور دیگر اخراجات شامل ہیں، جنہیں منہا کرنے کے بعد ہی اصل منافع کا تعین کیا جا سکتا ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ یہ تخمینہ صرف زیرو پوائنٹ سے سٹی تک کے 130 ہوٹلوں کا ہے، جبکہ شہر کے دیگر علاقوں، گھروں، دفاتر، دکانوں اور مختلف کاروباری مراکز میں روزانہ استعمال ہونے والی چائے اس حساب میں شامل نہیں۔ چائے کے اس کاروبار سے ہوٹل مالکان کے علاوہ دودھ فراہم کرنے والے، چینی اور چائے کی پتی کے تاجر، مزدور اور دیگر کئی افراد کا روزگار بھی وابستہ ہے۔ تاہم ہوٹلوں کی اصل تعداد، روزانہ دودھ کی کھپت، چائے کی فروخت اور قیمتوں سے متعلق باقاعدہ سروے موجود نہ ہونے کے باعث ان اعداد و شمار کو حتمی نہیں کہا جا سکتا۔ یہ تخمینہ فی ہوٹل روزانہ 40 کلو دودھ کے استعمال اور فی کپ 60 روپے کی فرضی قیمت کی بنیاد پر تیار کیا گیا ہے۔ اگر متعلقہ ادارے یا تاجر تنظیمیں اس کاروبار کا باقاعدہ جائزہ لیں تو خضدار میں چائے کی حقیقی کھپت، اس سے وابستہ روزگار اور روزانہ ہونے والی مالی سرگرمیوں کی مزید واضح تصویر سامنے آ سکتی ہے۔

صحبت پور: ڈی سی فریدہ ترین منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نصیرآباد: پچھی پلیین واٹر اسکیم میں غیر قانونی کنکشنز کیخلاف کریک ڈاؤن

نصیرآباد (ن ن) پچھی پلیین واٹر سپلائی اسکیم ڈیرہ مراد جمالی میں غیر قانونی واٹر کنکشن لگانے والوں کی خلاف کارروائی کی گئی درجنوں غیر قانونی واٹر کنکشن منقطع کر دیے گئے گیارہ افراد کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا پولیس کے ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپے جاری پچھی پلیین واٹر سپلائی اسکیم ڈیرہ مراد جمالی سے غیر قانونی واٹر کنکشن لگانے اور زرعی اباوی کے مقاصد کیلئے استعمال کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے ملوث افراد قطعی کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ان کو معاف نہیں کیا جائے گا ایگزیکٹو انجینئر پچھی پلیین واٹر سپلائی اسکیم انجینئر ذاکر حسین جمالی کی قیادت میں جونیئر انجینئر محمد ایوب کھوسو کی نگرانی میں پی ایچ ای کے عملے نے پچھی پلیین واٹر سپلائی اسکیم ڈیرہ مراد جمالی میں لگے درجنوں غیر قانونی واٹر کنکشن کاٹ کر سیل کر دیے گئے اور پائپ ضبط کر لیے گئے غیر قانونی واٹر کنکشن جو کہ تین ایچ ڈی اور دو ایچ ڈی ڈیڈ ہائی ڈی اور ایک ایچ ڈی ربی صدر پولیس تھانے کی حدود عزیز آباد عرفان کوٹ بلال کالونی برکانی آباد وحید آباد مینگل و دیگر علاقوں میں لگائے گئے تھے

ہرنائی: امن و امان کیلئے پولیس کی پیٹرولنگ مزید سخت

ہرنائی (ن ن) ہرنائی میں امن و امان کے قیام اور شہریوں کے جانی و مالی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ایس پی ہرنائی انجینئر عبدالحفیظ جعفرانی کی خصوصی ہدایات پر پولیس کی جانب سے ضلع بھر میں سیکیورٹی اقدامات مزید سخت کر دیے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں تھانہ سٹی ہرنائی کی حدود میں واقع مختلف اہم اور حساس مقامات پر پولیس کا اسپیشل پیٹرولنگ کیا گیا۔ پیٹرولنگ کے دوران پولیس کی ٹیموں نے شہر کے اہم چوراہوں، حساس تنصیبات اور سرکاری و عوامی املاک کا تفصیلی دورہ کر کے سیکیورٹی کا جائزہ لیا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ اس تمام تر عمل کا مقصد کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے نمٹنے کے لیے موثر حکمت عملی قائم رکھنا اور علاقے میں پرامن فضا کو یقینی بنانا ہے۔ ترجمان پولیس کے مطابق اسپیشل پیٹرولنگ کے دوران ضلع بھر میں مجموعی صورتحال مکمل طور پر پرامن اور کنٹرول میں رہی، جبکہ کہیں سے بھی کسی غیر معمولی یا ناخوشگوار واقعے کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔

نصیرآباد: طبی عملے کی تعیناتی، کمشنر کا کارکردگی کا سخت جائزہ

غیر تسلی بخش کارکردگی پر بعض ڈاکٹرز کی مدت تعیناتی میں توسیع روک دی گئی

دور دراز علاقوں میں ڈاکٹرز کیلئے رہائشی سہولیات بہتر بنانے کی ہدایت

نصیرآباد (ن ن) کمشنر نصیرآباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی زیر صدارت ڈویژنل ہیلتھ کمیٹی کا اہم اجلاس ویڈیو لنک کے ذریعے منعقد ہوا، جس میں سال 2025 میں فیز ٹو کے تحت مختلف اضلاع میں تعینات کیے گئے ڈاکٹرز، اسٹاف نرسز اور دیگر طبی عملے کی کارکردگی، حاضری، جائے تعیناتی پر موجودگی اور فرائض کی انجام دہی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ، ڈپٹی کمشنر نصیرآباد و ریذیڈنٹ کچھی، ڈپٹی کمشنر استا محمد محمد رمضان پلال، ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان، ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ سمیت محکمہ صحت اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی اجلاس کے دوران فیز ٹو کے تحت سال 2025 میں مختلف اضلاع کے ہسپتالوں اور مراکز صحت میں تعینات کیے گئے ڈاکٹرز اور اسٹاف نرسز کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ افسران نے کمشنر نصیرآباد ڈویژن کو طبی عملے کی حاضری، جائے تعیناتی پر موجودگی، فرائض کی انجام دہی اور مجموعی کارکردگی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اس جائزے کا مقصد بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ڈاکٹرز اور اسٹاف نرسز کی مدت تعیناتی میں توسیع کے حوالے سے سفارشات مرتب کرنا تھا اجلاس کے دوران ضلع نصیرآباد، جعفرآباد، استا محمد اور جھل مگسی کے ڈپٹی کمشنرز نے بعض ڈاکٹرز کی کارکردگی اور ان کی جائے تعیناتی پر موجودگی کے حوالے سے عدم اطمینان کا اظہار کیا، جس کے باعث متعلقہ ڈاکٹرز کی مدت تعیناتی میں توسیع فی الحال روک دی گئی کمشنر نصیرآباد نے کہا کہ دور دراز علاقوں میں تعینات ڈاکٹرز اور طبی عملے کو بہتر رہائشی سہولیات کی فراہمی کیلئے رہائشی عمارتوں کی نشاندہی کر کے پی ایس ڈی پی پروگرام کے تحت ان کی مرمت، تزئین و آرائش اور بحالی کے اقدامات کیے جائیں۔ کمشنر صلاح الدین نورزئی نے مزید کہا کہ نئے تعینات ہونے والے ڈاکٹرز کو رہائش کی سہولت فراہم کرنے کے لیے ہسپتالوں میں موجود مناسب عمارتوں یا سرکاری کوارٹرز کو بیچلر ہاسٹل کی طرز پر تیار کیا جائے۔

ہرنائی: میونسپل کمیٹی کا صفائی آپریشن، بازاروں اور گلیوں سے کچرا اٹھا لیا گیا

ہرنائی (ن ن) شہر کو صاف ستھرا بنانے اور عوام کو صحت بخش ماحول کی فراہمی کے پیش نظر میونسپل کمیٹی ہرنائی کے سینیٹیشن عملے کی جانب سے روزمرہ کی صفائی ستھرائی کی سرگرمیاں بلاتعطل جاری ہیں۔ اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ اور بلدیاتی حکام کی خصوصی ہدایات پر شہر کے اہم تجارتی و رہائشی علاقوں میں روزانہ کی بنیاد پر جامع صفائی ڈرائیو چلائی جا رہی ہے آج مورخہ 30 ستمبر 2026 کو سینیٹیشن ٹیموں نے ہرنائی بازار کے مرکزی تجارتی مراکز اور علاقوں کے علاوہ نیو جلال آباد اور گنج روڈ میں خصوصی صفائی آپریشن میں حصہ لیا ہرنائی بازار مرکزی بازار اور دکانوں کے اطراف جمع شدہ کوڑا کرکٹ اور کچرے کے ڈھیر فوری طور پر تلف کر دیے گئے، جبکہ نالیوں کی صفائی کر کے نکاسی آب کے نظام کو رواں رکھا گیا۔ رہائشی گلیوں اور عوامی شاہراہوں پر سینیٹیشن عملے نے کچرا اٹھا کر صفائی ستھرائی کے بہترین انتظامات کو یقینی بنایا گنج روڈ اور اس کے ملحقہ راستوں سے ملبہ و کچرا جمع کر کے مخصوص مقامات پر منتقل کیا گیا میونسپل کمیٹی انتظامیہ نے شہریوں اور تاجر برادری سے اپیل کی ہے

بقیہ 1 صوبیدار شہید

جبکہ فائرنگ کے تبادلے میں پاک فوج کا ایک افسر بھی شہید ہوگیا۔فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق 10 اکتوبر کو افغانستان سے بین الاقوامی سرحد کی جانب آنے والے خوارج کے ایک گروہ کی نقل وحرکت کا پتا چلا، جو سرحد عبور کرکے پاکستان میں داخل ہونے کی کوشش کررہا تھا۔سیکیورٹی فورسز نے گروہ کو نشانہ بنایا اور دراندازی کی کوشش ناکام بنا دی۔آئی ایس پی آر نے بتایا کہ دراندازوں کی مدد کے لیے افغان طالبان کی چوکیوں سے بھی فائرنگ کی گئی۔ پاکستانی فوجیوں کی جانب سے مؤثر جوابی کارروائی کے نتیجے میں 12 خوارج اور افغان طالبان ہلاک ہوگئے۔بیان کے مطابق شدید فائرنگ کے تبادلے کے دوران نائب صوبیدار ہدایت امان، عمر 40 سال، بہادری سے لڑتے ہوئے شہید ہوگئے آئی ایس پی آر نے کہا کہ یہ واقعہ پاکستان کے اس مؤقف کو مزید تقویت دیتا ہے کہ افغان طالبان حکومت افغان سرزمین کو دہشت گرد تنظیموں کے استعمال سے روکنے میں ناکام رہی ہے، بلکہ اس نے سرحد پار دہشت گردی کو سہولت فراہم کی اور اس کی سرپرستی کی ہے۔بیان میں مزید کہا گیا کہ افغان طالبان حکومت مسلسل اپنی بین الاقوامی انسداد دہشت گردی کی ذمہ داریاں پوری کرنے میں ناکام رہی ہے۔بیان کے مطابق، علاقے میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم باقی ماندہ خوارج کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔فوج نے مزید کہا کہ سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے قومی ایکشن پلان کی وفاقی اپیکس کمیٹی کے منظور کردہ وژن عزم استحکام کے تحت ملک سے بیرونی سرپرستی اور معاونت سے ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے اپنی انسداد دہشت گردی مہم جاری رکھیں گے۔

بقیہ 2 فراری کمانڈر

بگٹی اور ان کے ساتھیوں نے پاکستان سے وفاداری کا حلف بھی اٹھایا۔ یہ پیش رفت وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی سوئی میں منعقدہ کھلی کچہری کے دوران سامنے آئی۔ نور خان بگٹی گزشتہ 20 سال سے پہاڑوں میں روپوش تھے اور ماضی میں متعدد دہشت گردی کی کارروائیوں میں ملوث رہے ہیں۔قومی دھارے میں واپسی کے بعد نور خان بگٹی اپنے خاندان سمیت سوئی میں آباد ہوں گے۔ ان کی واپسی کو علاقے میں امن وامان کی بہتری اور پائیدار استحکام کی کوششوں کے لیے اہم پیش رفت قرار دیا جارہا ہے اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ریاست پاکستان کے ساتھ وفاداری، آئین وقانون کی پاسداری اور قومی یکجہتی ہی پائیدار امن اور ترقی کی بنیاد ہیں۔ بلوچستان سمیت ملک کے ہر علاقے میں امن و استحکام کا قیام قومی ذمہ داری ہے اور اس مقصد کے لیے ریاست کی رٹ کو تسلیم کرنا اور تشدد کا راستہ ترک کرکے قومی دھارے میں واپس آنا ناگزیر ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ پاکستان ہم سب کا مشترکہ وطن ہے اور اس کی سلامتی، خودمختاری اور استحکام پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔ ریاست پاکستان کے ساتھ کھڑے ہوکر ہی عوام کے جان و مال کا تحفظ، معاشی ترقی، تعلیم کے فروغ اور نوجوانوں کے روشن مستقبل کو یقینی بنایا جاسکتا ہے۔ تشدد اور بدامنی کسی مسئلے کا مستقل حل نہیں، بلکہ قومی تعمیر وترقی کا راستہ امن، باہمی احترام، قانون کی بالادستی اور اجتماعی کوششوں سے ہو کر گزرتا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام امن، ترقی اور خوشحالی چاہتے ہیں۔ صوبے کے نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ اپنی صلاحیتیں قومی ترقی کے لیے بروئے کار لائیں اور پاکستان کی تعمیر وترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 3 کے پی ایمرجنسی نافذ

ہونے والے وفاقی کابینہ کے اجلاس کے اعلامیہ میں کہا گیا کہ وفاقی کابینہ کو خیبرپختونخوا میں امن وامان کی صورت حال اور دہشت گردی کی بگڑتی صورتحال پر بریفنگ دی گئی۔کابینہ نے کے پی میں امن وامان کی بگڑتی صورتحال کا جائزہ لیا۔کابینہ نے دہشت گردی کے خلاف جنگ سے کے پی حکومت کی دانستہ لاتعلقی کے پیش نظر حالات کا جائزہ لیا، کابینہ نے وزیراعظم کی تجویز پر صدر مملکت کو مشورہ دیں کہ صدر مملکت آئینی اختیار استعمال کریں، صدر مملکت آئینی اختیار استعمال کرتے ہوئے صوبہ کے پی میں ایمرجنسی کا نفاذ کریں۔ اعلامیہ کے مطابق صدر کو مشورہ دیں کہ خیبرپختونخوا میں آئین کے آرٹیکل 232، 234 کے تحت ایمرجنسی نافذ کریں، آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت خیبرپختونخوا میں ایمرجنسی لگا دی جائے۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ اس ضمن میں وزیراعظم ہاؤس سے ایڈوائس ایوان صدر بھجوادی گئی۔ بعد ازاں صدر مملکت آصف علی زرداری نے خیبرپختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کی سمری پر دستخط کردیے۔ ذرائع کے مطابق صدر مملکت نے آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت ایمرجنسی اور گورنر راج کی سمری پر دستخط کیے۔ ایوان صدر کے اعلامیے کے مطابق دہشت گردی کے واقعات میں غیر معمولی شدت سے عوام کے جان و مال کو سنگین خطرات ہیں، صدر پاکستان نے خیبرپختونخوا میں آرٹیکل 232 کے تحت ایمرجنسی نافذ کرنے کا فیصلہ کیا۔ اعلامیے کے مطابق خیبرپختونخوا میں دہشت گردی کے بڑھتے واقعات، امن وامان کی سنگین صورتحال پر ایمرجنسی کا اعلان کیا گیا۔ ایوان صدر نے کہا کہ سرکاری تنصیبات، بنیادی ڈھانچے اور قانون نافذ کرنے والے اداروں پر دہشت گرد حملے بڑھے، صوبائی حکومت دہشت گردی اور لاقانونیت کے مؤثر تدارک میں ناکام رہی۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ ایمرجنسی کے نفاذ کے ساتھ اعلان کیا گیا کہ صوبائی حکومت موجودہ حالات میں آئین کے مطابق نہیں چلائی جاسکتی، وفاقی حکومت گورنر کے پی کو تمام یا بعض صوبائی امور اپنے اختیار میں لینے کی ہدایت دے سکے گی۔ ایوان صدر کی جانب سے کہا گیا کہ صوبائی اسمبلی کے علاوہ صوبے کے دیگر اداروں، حکام کے اختیارات گورنر استعمال کرسکیں گے، وزیراعلیٰ، صوبائی وزراء، مشیران، معاونین خصوصی اور ایڈووکیٹ جنرل اپنے عہدے فوری طور پر چھوڑ دیں گے، صدارتی اعلان فوری طور پر نافذ العمل ہو گا، صدر نے کے پی میں سنگین صورت حال کے پیش نظر فوری آئینی اقدام ضروری قرار دیا۔قبل ازیں ذرائع کے مطابق حساس اداروں کی رپورٹس کے بعد وفاقی کابینہ کے اجلاس میں مختلف تجاویز پیش کی گئیں۔ اجلاس میں تجویز پیش کی گئی کہ سیکیورٹی صورت حال کے تناظر میں آرٹیکل 232 کے تحت پورے صوبے میں ایمرجنسی لگائی جائے، بدامنی کا شکار خیبرپختونخوا کے 12 اضلاع کے انتظامی امور کا معاملہ الگ سے دیکھا جائے جبکہ سابق فاٹا کے 8 اور ڈی آئی خان، لکی مروت، کرک، کوہاٹ اضلاع کا کنٹرول وفاق کے پاس ہو گا۔ ذرائع کے مطابق گورنر فیصل کریم کنڈی کو ہی صوبے کے چیف ایگزیکٹو کے اختیارات سونپے جانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، وفاقی کابینہ کی جانب سے منظوری کے بعد گورنر صوبے کا کنٹرول سنبھال لیں گے۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں کے پی پولیس اور حساس اداروں کی 2 خصوصی سیکیورٹی رپورٹس پیش کی گئیں۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ 2 برس کے دوران خیبر پختونخوا میں دہشت گرد حملوں کی تعداد میں اضافہ ہوا، دہشت گردی میں مسلسل اضافہ کے پی کی سیکیورٹی صورت حال کے لیے سنگین اور تشویشناک چیلنج بن گیا۔ حساس اداروں کی رپورٹ کے مطابق افغانستان میں دہشت گرد عناصر اور سہولت کاروں کے ساتھ صوبائی حکومت کی پالیسی ناقص ہے، ناقص پالیسی اور دہشت گروہوں کے لیے نرم گوشے نے خطرات میں اضافہ کیا۔رپورٹ میں کہا گیا کہ تیاری، توجہ اور مؤثر انسداد دہشت گردی اقدامات میں کمی سے دہشت گرد عناصر کو جگہ بنانے کا موقع ملا۔یکم مارچ 2024 تا 23 ستمبر 2026 خیبر پختون خوا میں دہشت گردی واقعات میں 195 فیصد اضافہ ریکارڈ ہوا۔ دہشت گرد نیٹ ورکس، سہولت کاری، غیرقانونی سرگرمیوں کے باہمی روابط کو بھی سیکیورٹی کے لیے چیلنج قرار دیتے ہوئے رپورٹ میں کہا گیا کہ 2026 میں ہونے والے دہشت گرد حملوں میں سے 73 فیصد کا نشانہ پولیس اور سیکیورٹی ادارے بنے، خیبر پختون خوا میں دہشت گردوں کی جانب سے ڈرون کے استعمال میں تشویشناک اضافہ ہوا۔ رپورٹ کے مطابق 2024 میں پولیس اور سیکیورٹی اداروں پر کوئی ڈرون حملہ رپورٹ نہیں ہوا، جبکہ 2026 میں دہشت گردوں کے ڈرون حملوں کی تعداد 170 تک پہنچ گئی، ایک سال کے دوران دہشت گردوں کے ڈرون حملوں میں تقریباً 107 فیصد اضافہ ہوا۔ حساس اداروں کی رپورٹ کے مطابق آئی ای ڈی حملوں کی تعداد 2025 میں بڑھ کر 181 ہو گئی، رواں سال ستمبر تک 159 حملے ریکارڈ کیے گئے، بدلتے دہشت گرد طریقہ کار کے مقابلے میں پولیس، قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعداد بڑھانا ناگزیر ہے، پورے خیبر پختونخوا کے لیے سیف سٹی منصوبہ تاحال صرف پشاور تک محدود ہے۔ وفاقی حکومت نے خیبر پختونخوا میں فوج تعینات کردی ہے۔ وفاقی وزارت داخلہ نے خیبر پختونخوا میں فوج کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق آئین کے آرٹیکل 245 کے تحت فوج کی تعیناتی کی منظوری دی گئی، فوج کی تعیناتی انتظامیہ کی معاونت کے لیے ہوگی، فوج شہریوں کی جان کے تحفظ کے لیے تعینات کی جارہی ہے، شہریوں کے جان و مال، سرکاری تنصیبات کی سیکیورٹی فوج کے ذمہ ہوگی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق فوج کی تعیناتی 11 اکتوبر 2026 کا نافذ کی گئی ایمرجنسی کی مدت تک ہوگی۔ گورنر خیبر پختونخوا جی ایچ کیو سے مشاورت سے نفری کا تعین کریں گے۔ ملٹری آپریشنز ڈائریکٹوریٹ کے ساتھ مل کر دستوں کی تعداد تشکیل دی جائیگی۔ پاک فوج کی تعیناتی سے متعلق حکم نامہ آئندہ گزٹ آف پاکستان پارٹ ٹو میں شائع کیا جائیگا۔ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کا نفاذ ہوتے ہی وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کو گرفتار کرلیا گیا۔ صوبائی صدر جنید اکبر نے سوشل میڈیا پر تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی اور جنید اکبر کو گرفتار کرلیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے بعد وزیراعلیٰ سہیل آفریدی سے ملاقاتوں پر پابندی کر دی گئی ہے۔ وزیراعلیٰ ہاؤس میں کسی کو بھی اجازت نہیں تھی جبکہ وزیراعلیٰ ہاؤس کا اسٹاف بھی محدود کر دیا گیا۔ دریں اثنا پی ٹی آئی کے ممبرقومی اسمبلی شاہد خٹک نے بھی کہا ہے کہ سہیل آفریدی اور جنید اکبر کو حراست میں لے لیا گیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر پوسٹ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی، جنید اکبر سمیت دیگر ساتھیوں کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ انہوں نے عوام کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانیوں اب آپ کی باری ہے، میں پشاور میں موجود ہوں، نکلو پشاور کی عوام اپنے محبوب لیڈر عمران خان کے لیے، اس کے سپاہی کے لیے، سب گھروں سے نکلو، خیبر کی عوام پشاور کا رخ کرے آپ کی تعداد جہاں بڑھتی جائے گی میں وہاں موجود ہوں گا۔

بقیہ 4 کامران مرتضیٰ

کے نفاذ پر حیرت اور تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے حکومت کے اس قدم کو لائحہ عمل کی ناکامی اور جلد بازی قرار دیا ہے۔ سینیٹر کامران مرتضیٰ نے گفتگو کرتے ہوئے اہم انکشافات کیے اور سوالات اٹھائے کہ حکومت نے یہ تمام عمل انتہائی جلد بازی میں کیا ہے جو کہ سیاسی اور جمہوری روایات کے منافی ہے کیونکہ مذاکراتی عمل کے دوران بیک ڈور چینلز میں معاملات تقریباً طے پاچکے تھے، چیزوں کے طے ہونے کے قریب ہوتے ہوئے حکومت کا اچانک رخ بدل لینا تکلیف دہ عمل ہے۔

بقیہ 5 شاہراہیں بند

پشاور میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے بعد سیکیورٹی ہائی الرٹ ہے، بی آر ٹی سروس بھی معطل کردی گئی۔ ترجمان ٹرانس پشاور کا کہنا ہے کہ سڑکوں کی بندش اور سیکیورٹی صورتحال کے پیش نظر سروس معطل کی گئی۔ ادھر سوات کی بھی مختلف سڑکیں بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، پولیس کے مطابق بری کوٹ، خوازہ خیلہ اور مدین میں کنٹینرز پہنچادیے گئے ہیں۔

بقیہ 6 ایمل ولی

کہا کہ حالات کو یہاں پہنچانے کے ذمہ دار پی ٹی آئی حکومت اور ان کو لانے والے ہیں۔ ایمل ولی نے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت گزشتہ ڈھائی سال میں ہر لحاظ سے بدترین طور سے ناکام رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کو ایک مسلسل ہیجانی کیفیت میں مبتلا رکھ کر کرپشن کا ایک بازار گرم رکھا ہوا ہے، یہ حکومت دہشت گردی سے نمٹنے میں بھی سنجیدہ نہیں رہی۔ اے این پی رہنما نے کہا کہ ہم تحریک انصاف اور اس کو لانے والوں، دونوں کے احتساب کا مطالبہ کرتے ہیں۔

بقیہ 7 وفاقی وزراء

کے باوجود کوئی نتیجہ نہیں نکل سکا۔ اسلام آباد میں وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ، وزیراطلاعات عطا اللہ تارڑ اور شہر یار بلور کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ وفاقی حکومت کی کوشش تھی کہ خیبرپختونخوا حکومت کو ساتھ ملا کر دہشت گردی کا مقابلہ کیا جائے کیونکہ دہشت گردی کے خلاف جنگ تمام حکومتوں کو مل کر لڑنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت خیبرپختونخوا حکومت کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہی اور مختلف معاملات پر پیشرفت بھی جاری تھی۔ پاکستان تحریک انصاف کے لانگ مارچ کے اعلان سے پہلے ہی اس کے بیشتر مطالبات پر کام ہورہا تھا اور ملاقاتوں سمیت دیگر معاملات پر بھی بات چیت جاری تھی۔ محسن نقوی نے سوال اٹھایا کہ جب مطالبات پر پیشرفت ہورہی تھی اور مسائل کے حل کے لیے کوششیں جاری تھیں تو پھر لانگ مارچ کا اعلان کیوں کیا گیا؟۔ وفاقی وزیرداخلہ نے کہا کہ حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان دو روز تک مذاکرات ہوئے، اس دوران مذاکراتی مسودے کو چار مرتبہ حتمی شکل دی گئی۔ پی ٹی آئی کی جانب سے تجویز کردہ پانچ سے چھ ترامیم بھی قبول کرلی گئیں تاہم تمام نکات پر اتفاق ہونے کے بعد اچانک ایک نیا مسودہ سامنے آ گیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی اپوزیشن رہنماؤں سے ملاقات 15 یا 16 ستمبر کو طے کرنے کی کوشش کی گئی تھی تاکہ ان کے بیرون ملک روانہ ہونے سے پہلے ملاقات کرا کے صورتحال معمول پر لائی جاسکے، اپوزیشن کے ساتھ مذاکرات کے لیے کمیٹی تشکیل دینے پر بھی بات چیت ہوئی، جس کے بعد وزیراعظم اور اپوزیشن رہنماؤں کی ملاقات ہوئی اور مذاکراتی کمیٹی قائم کی گئی۔

بقیہ 8 فضل الرحمان

فضل الرحمان نے خیبرپختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی نافذ کرنے کی تجویز پر سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ اگر ایمرجنسی نافذ کرنی ہے تو پھر وفاق میں نافذ کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی جماعت اس فیصلے کو مسترد کرتی ہے اور پارٹی کی سطح پر اس کے خلاف عملی حکمت عملی مرتب کی جائے گی۔ اسحاق ڈار نے رات ساڑھے دس بجے انہیں فون کیا اور خیبرپختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی نافذ کرنے کے حوالے سے بات کی۔ انہوں نے کہا کہ اسحاق ڈار کا موقف تھا کہ صوبائی حکومت دہشت گردی کے خلاف جنگ میں تعاون نہیں کر رہی۔ سربراہ جے یو آئی کا جواب میں کہا کہ خیبرپختونخوا اور بلوچستان کے حالات یکساں نہیں ہیں، تاہم انہوں نے سوال اٹھایا کہ اگر یہی اقدام ضروری ہے تو بلوچستان میں ایمرجنسی کیوں نافذ نہیں کی جا رہی۔ مولانا فضل نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف حکومتی حکمت عملی پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ بار بار آپریشنز کے باوجود مطلوبہ نتائج حاصل نہ ہونا حکمت عملی کی ناکامی کو ظاہر کرتا ہے، انہیں آپریشن کی حمایت کرنے کے لیے کہا جا رہا ہے لیکن پہلے یہ بتایا جائے کہ اب تک کیے گئے آپریشنز کے نتائج کیا نکلے ہیں۔

بقیہ 9 حافظ نعیم

نے خیبرپختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کی مخالفت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اقدامات مسائل کا حل نہیں ہیں۔ حافظ نعیم الرحمان نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں کہا کہ جب اقتدار میں موجود قوتیں ہی گورنر راج اور ایمرجنسی کے ذریعے حکومت کرنے کی کوشش کریں تو اس کا صاف مطلب ہے کہ ان کی حکومت کا چراغ بجھنے والا ہے۔

بقیہ 10 مذمت

صدر جنید اکبر خان کی مبینہ گرفتاریوں کی بھی مذمت کی۔ پی ٹی آئی کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان نے فیصلے کو "سنگین سیاسی غلطی" اور غیر جمہوری اقدام قرار دیتے ہوئے خبردار کیا کہ صوبے کے عوام اپنے آئینی حقوق کی خلاف ورزی قبول نہیں کریں گے۔ ایک بیان میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام کو اپنے انتخابی مینڈیٹ کے تحفظ کا آئینی اور قانونی حق حاصل ہے۔

بقیہ 11 تصفیہ کرادیا

باہمی احترام کے فروغ پر زور دیا۔ اس موقع پر قبائلی تنازعات کے پرامن حل کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے اس امر پر زور دیا گیا کہ باہمی دشمنیوں اور خونریزی کا خاتمہ علاقے میں دیرپا امن کے قیام اور سماجی استحکام کے لیے ضروری ہے۔

بقیہ 12 ایچ آر سی پی

گورنر راج کے نفاذ پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ بیان میں ایچ آر سی پی نے خبردار کیا کہ ایمرجنسی یا گورنر راج سیاسی کشیدگی میں اضافے اور جمہوری عمل کمزور کرنے کا باعث بن سکتا ہے۔

بقیہ 13 اسد قیصر

حقوق پڑا کہ ہے، جو نامنظور ہے۔ ہم اپنی آئینی اور جمہوری جدوجہد جاری رکھیں گے۔ ایکس اکاؤنٹ پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ہم نے ہمیشہ دہشت گردی کے خلاف آواز اٹھائی ہے۔ وفاقی حکومت کی پالیسیوں پر سنجیدہ سوالات ہیں، جن کے باعث موجودہ حالات پیدا ہوئے۔ امن جرگے کی متفقہ قرارداد پر عمل درآمد کیا جائے۔

بقیہ 14 وزیراعظم

کے خلاف ایک لفظ بھی نہیں بولتی۔ وزیراعظم کا کہنا تھا افغانستان کو بھی بار بار سمجھایا گیا لیکن انہیں بات سمجھ نہیں آئی، پانی سر سے اوپر جاچکا، اب یہ فیصلے کا وقت ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ اسلام آباد پر چڑھائی کا ناپاک منصوبہ بنایا گیا، جھتہ اسلام آباد آکر پاکستان کو دوبارہ تباہی کے دہانے پر لانا چاہتا ہے، کیا ملک دشمنی پر خاموش تماشائی بنے بیٹھے رہیں، یہ نہیں چاہتے کہ ترقی اور سفارتی کامیابی آگے بڑھے، ایسا کسی صورت نہیں ہونے دیں گے، قانون ہر صورت میں لاگو کیا جائے گا۔

بقیہ 15 ریاض حملہ

گورنریٹ کی جانب داغا گیا بیلسٹک میزائل تباہ کردیا گیا، دمام میں شاہ فہد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے قریب ایک پروجیکٹائل بھی گرا۔ دوسری جانب خلیج تعاون کونسل نے حوثیوں کے حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سعودی عرب کی سلامتی کونسل کے تمام رکن ممالک کی سلامتی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ریاض کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر حوثی ملیشیا کے حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے جاں بحق افراد کے اہلخانہ سے دلی تعزیت اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ اپنے بیان میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ شہریوں اور اہم تنصیبات کو نشانہ بنانا کسی صورت قابل قبول نہیں، ایسے حملے علاقائی امن و استحکام کے لیے سنگین خطرہ ہیں۔

بقیہ 16 تارکین وطن

محفوظ پناہ گاہوں اور روزگار کی امید میں خلیجی ممالک پہنچنے کے لیے یہ خطرناک سفر کرتے ہیں۔ آئی ایم او کے مطابق اب تک برآمد کی گئی لاشوں میں 52 مرد، 42 خواتین، 9 لڑکیاں اور 6 لڑکے شامل ہیں۔

بقیہ 17 علامہ ناصر عباس

۔ہمارے دشمن ایسی ضرب نہیں لگا سکتے جیسے ہمارے اپنے سلوک کررہے ہیں۔ علامہ ناصر عباس نے کہا، پاکستان میں نیشنل ایکشن پلان پر عمل ہونا چاہیے۔ مذاکرت کو سات دن گزر گئے ہم ان دنوں میں بات کر سکتے تھے۔ ہم ایسے آپریشن کی حمایت نہیں کر سکتے جہاں عام شہری شکار ہے۔

بقیہ 18 گورنر

مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ اور دیگر لیبر یونینز کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ لیبر ونگ کی تقریب میں صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو، رکن قومی اسمبلی اختر بی بی، وزیراعلیٰ بلوچستان کے مشیر نسیم الرحمن ملاخیل، رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل، عامر خان مندوخیل، زمان ملاخیل، یونس بلوچ، چوہدری شبیر اور وحید کاسی سمیت مزدور رہنماؤں، لیبر ونگ کے عہدیداروں، مختلف یونینز کے نمائندوں اور کارکنوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ لیبر ونگ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کوئٹہ میں رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل کے سب سے متحرک کردار کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ تمام منتخب نمائندوں نے اپنے دفاتر کے دروازے عوام کیلئے کھلے رکھے ہیں

بقیہ 19 11 جاں بحق

جان بحق ہوگئے مسافر وین کوئٹہ سے مچھ جارہی تھی حادثے میں 7 افراد جاں بحق 19 زخمی ہوگئے افسوسناک حادثے کے بعد مقامی پولیس، ایف سی اور عوام نے ریسکیو میں حصہ لیکر زخمیوں اور لاشوں کو سول اسپتال مچھ منتقل کردیا جہاں زخمیوں کو طبی امداد جبکہ شدید زخمیوں کو مزید علاج معالجہ کیلئے کوئٹہ منتقل کردیا گیا دوسری جانب بولان قومی شاہراہ پر ڈھاڈر کے قریب دربی کے مقام پر ایک اور خوفناک حادثے میں آلٹو کار مزدا سے تصادم ہو

بقیہ 20 اختیارولی

پہلے ہو جانا چاہیے تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ امن خیبر پختونخوا کے عوام کا بھی حق ہے۔ صوبے کے معاملات کو بہت پہلے حل کرلینا چاہیے تھا۔

بقیہ 21 گورنر کے پی

کے پی فیصل کریم کنڈی کا کہنا تھا خیبرپختونخوا کے عوام صدارتی اعلامیے کا اس امید کے ساتھ خیرمقدم کرتی ہے کہ اس فیصلے سے صوبے میں امن، ترقی اور خوشحالی کا دور شروع ہوگا۔ فیصل کریم کنڈی کا کہنا تھا صوبے کے عوام نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ مزید فتنہ الخوارج کے ساتھ نہیں رہ سکتے، کے پی کی عوام اپنے اداروں کے ساتھ مل کر دہشتگردوں کا مقابلہ کریں گے، کے پی کی عوام یہ بھی چاہتی ہے کہ ہمارے وفاق اور دوسرے صوبوں کے ساتھ برادرانہ تعلقات ہوں اور ہم ایک دوسرے کے تجربات سے مستفید ہوسکیں۔

بقیہ 22 دہشتگردی

کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت کابینہ کمیٹی کے اہم اجلاس میں خیبر پختونخوا پولیس اور حساس اداروں کی دو اہم خصوصی سیکیورٹی رپورٹس پیش کی گئیں۔ رپورٹ کے مطابق دو برس کے دوران خیبر پختونخوا میں دہشت گرد حملوں کی تعداد میں بے پناہ اضافہ ہوا، دہشت گردی میں مسلسل اضافہ صوبے کی سیکیورٹی صورتحال کیلئے سنگین اور تشویشناک چیلنج بن گیا۔

بقیہ 23 علی امین نظر بند

ذرائع کے مطابق سابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا اور پاکستان تحریک انصاف کے سابق صوبائی صدر سردار علی امین خان گنڈاپور کو ڈیرہ اسماعیل خان میں پولیس کی جانب سے اپنے گھر میں نظر بند کر کے رہائشگاہ کے باہر پولیس کی بھاری نفری تعینات کر دی گئی ہے۔ علاقے میں بھی سیکیورٹی کے انتظامات سخت کیے گئے ہیں تاہم پولیس اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے اس حوالے سے باضابطہ مؤقف سامنے آنے کا انتظار ہے۔ اس حوالے سے علی امین خان گنڈاپور نے سوشل میڈیا پر پیغام دیا ہے کہ پولیس نے گھر میں نظر بند کردیا ہے یہ انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت عمل ہے۔ اس سب سے ڈرنے والے نہیں، جدوجہد جاری رہے گی۔

بقیہ 24 گورنر راج

اپنی قیادت کا انتخاب کیا ہے، اس لیے ان کے فیصلے اور جمہوری حقوق کا احترام کرنا وفاقی حکومت سمیت تمام ریاستی اداروں کی آئینی ذمہ داری ہے۔ گورنر راج یا ایمرجنسی جیسے غیر معمولی اقدامات، اگر آئینی تقاضوں اور قانونی جواز کے بغیر کیے جائیں، تو اس سے نہ صرف صوبے میں سیاسی کشیدگی بڑھے گی بلکہ جمہوری عمل پر عوام کے اعتماد کو بھی شدید نقصان پہنچ سکتا ہے۔ محمد عرفان خلجی نے کہا کہ مظلوم عوامی تحریک پاکستان نے ہمیشہ جمہوریت، آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی اور عوامی مینڈیٹ کے احترام کی حمایت کی ہے۔

بقیہ 25 کوشش ناکام

دلانے کی کوشش ناکام بنادی گئی، سراوان میں سیکیورٹی فورسز نے گودام پر چھاپہ مار کر اسلحہ وگولہ بارود سے بھری گاڑی پکڑ لی، گاڑی سے 3 آر پی جی، 4 لائٹ مشین گنز، مشین گن، دستی بم، راکٹس اور گولہ بارود برآمد ہوئے۔

بقیہ 26 کاکروچ جنتا

تاہم پولیس اور پیرا ملٹری فورس کے ہزاروں اہلکار بدستور تعینات ہیں سی جے پی لیگل ٹیم کے مطابق گزشتہ روز حراست میں لیے گئے سی جے پی رہنما ابھیجیت ڈپکے، ساہرو اس اور اشوتوش رانا کو مجسٹریٹ کے سامنے پیش کیے جانے کے بعد ایک سال تک امن عامہ کی خلاف ورزی نہ کرنے کی شرط پر رہا کردیا گیا۔

بقیہ 27 رانا ثنا

کے ساتھ مل کر بھتہ، مافیا، اسمگلنگ اور کرپشن میں شامل ہیں، جس کے ثبوت بھی موجود ہیں۔

بقیہ 28 تبادلہ

18 کے کیپٹن (ر) ثنا اللہ خان اور گریڈ 20 کے سہیل خان کاکی کا بی کے سے تبادلہ کردیا گیا ہے۔

بقیہ 29 ڈیسک

رہنمائی حاصل کرسکتے ہیں۔ دستاویزات کی جانچ اور رہنمائی کے لیے مسافر اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر قائم ایف آئی اے پری ڈیپارچر فسیلیٹیشن ڈیسک تشریف لاسکتے ہیں۔

بقیہ 30 ریڈالرٹ

بتانا ہے کہ تمام ایس پیز، ڈی ایس پیز اور ایس ایچ اوز کو فیلڈ میں رہنے اور کسی بھی جگہ جتھہ یا ہجوم نظر آنے پر فوری کارروائی کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ دفعہ 144 کی خلاف ورزی کرنے والوں کو گرفتار کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

بقیہ 31 لاشیں برآمد

کی شناخت سعید احمد ولد نور دین قوم سمالانی، اسمٰعیل احمد ولد عبدالعزیز قوم جتال اور عبدالرسول ولد عبدالرشید قوم زہری ناموں سے ہوئی جن کا تعلق دشت گوران قلات سے بتایا جارہا ہیں ہسپتال میں ضروری کارروائی کے بعد لاشیں کو ورثا کے حوالے کردی گئیں قلات خالق آباد منگوچر کے علاقے ملنگزئی روڈ سے بھی ایک لاش ملی۔ قلات پولیس کے مطابق خالق آباد منگوچر کے علاقے ملنگزئی روڈ سے ایک شخص کی لاش برآمد ہوئی ہے، جس کی شناخت بخت محمد کے نام سے ہوئی ہے متوفی کی جیب سے 19-COVID (کورونا ویکسینیشن) کارڈ برآمد ہوا۔ پولیس کے مطابق متوفی کی جیب سے این ایچ اے ٹول ٹیکس کی ایک پرچی بھی برآمد ہوئی ہے، جس پر 10 اکتوبر 2026 کی تاریخ درج ہے۔ پولیس نے لاش کو ضروری کارروائی کے لیے آر ایچ سی ہسپتال منڈے حاجی منتقل کردیا ہے۔

بقیہ 32 وفاقی حکومت

تحت ایمرجنسی پورے صوبے خیبر پختونخوا میں نافذ کی گئی ہے۔

بقیہ 33 اہلکار زخمی

نشانہ بنایا۔ حملے میں زخمی ہونے والے 8 اہلکاروں کو طبی امداد کے لیے گوادر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ واقعے سے متعلق مزید تفصیلات تاحال سامنے نہیں آئیں۔

بقیہ 34 عوامی مفادات

کو قومی یکجہتی، جمہوری استحکام اور عوامی خدمت کے نئے عزم کی علامت بنانا چاہیے سیاسی اختلافات سے بالاتر ہوکر عوامی مفادات، ملکی استحکام اور قومی ترقی کے لیے کام کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے عوام کی خوشحالی، امن کا قیام اور ترقی کے یکساں مواقع یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں تاکہ خیبر پختونخوا کے عوام کی توقعات پوری ہوسکیں۔

بقیہ 35 شاہراہ بلاک

ہدایت پر کوئٹہ ڈویژن کے سابق صدر عارف کاکڑ کی قیادت میں کیا گیا، جس میں پی ٹی آئی ضلع قلعہ عبداللہ کے صدر حاجی نصیب اللہ اچکزئی سمیت کارکنان نے شرکت کی۔ مظاہرین نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ کے خلاف احتجاج جاری رکھا جائے گا اور اس وقت تک احتجاج ختم نہیں ہوگا جب تک یہ فیصلہ واپس نہیں لیا جاتا۔

بقیہ 36 ٹرمپ غور

اپنا دفاع خود کرسکتے ہیں، امریکا اس معاملے میں شامل ہوگا یا نہیں جلد فیصلہ کریں گے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے مزید کہا کہ ایران انتخابات سے پہلے مزید اقدامات کرسکتا ہے، تہران سمجھتا ہے کہ اس طرح وہ امریکا کو نقصان پہنچا سکتا ہے، امریکا ایران کے معاملے کو جلد ختم کرسکتا ہے، ایران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے سے روک دیا گیا ہے۔ امریکی وزیرخارجہ مارکو روبیو نے حملے میں امریکی شہری کی مرنے کی تصدیق کی، کہا سعودی عرب اور اسکے عوام کے ساتھ کھڑے ہیں، حملوں میں جان گنوانے والوں کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی ہے۔

بقیہ 37 علی مدد جتک

کے خاتمے اور ایمرجنسی کے نفاذ کا خیرمقدم کرتے ہوئے اس کے حق میں نکالی گئی جشن ریلی کی قیادت اور شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پارٹی کے دیگر رہنما اور جیالے ورکر بھی شریک تھے جنہوں نے پارٹی کے جھنڈے اٹھار کھے تھے ریلی سریاب کے علاقے سے شروع ہوئی جو مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی بلوچستان اسمبلی چوک پر پہنچ کر احتجاج کی شکل اختیار کرگئی ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے حاجی علی مدد جتک نے پاکستان تحریک انصاف پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ یہ جماعت پاکستان کیلئے فتنہ بن چکی ہے اور پی ٹی آئی ملک کو معاشی طور پر غیر مستحکم کرنا چاہتی ہے کیونکہ ان کی اس کی سیاست اور انتشار سے ملک کی تعمیر وترقی اور استحکام شدید متاثر ہے انہوں نے کہا کہ صوبہ خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کی حکومت ختم کرکے ایمرجنسی کے نفاذ کا خیر مقدم کرتے ہیں کہ اس اقدام سے فتنے سے عوام کو چھٹکارا ملا ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان ہے تو ہم اور ہماری سیاست ہے ریلی میں جیالوں نے خیبر پختونخوا پی ٹی آئی کی حکومت کے خاتمے اور ایمرجنسی کے حق میں ڈھول پر رقص کیا ریلی کے شرکاء ایمرجنسی کے حق اور پی ٹی آئی کے خلاف نعرہ بازی کرتے ہوئے بعد ازاں پرامن طور پر منتشر ہوگئے۔

بقیہ 38 قاری مہراللہ

ملک کو ہر لحاظ سے تباہ کردیا انہوں نے کہا کہ غلام حکمرانوں نے ملک کی سلامتی اور خودمختاری کو داؤ پر لگا دیا اور قوم کو یکے بعد دیگرے دلدل کی طرف دھکیل رہے ہیں ملک قرضوں کے مزید بوجھ تلے دبے چلے جارہے ہیں انہوں نے کہا کہ قیام امن میں ملک کی تعمیر ترقی کا راز مضمر ہے بدامنی اور نفرتوں کی عفریت اور ردعمل سے ملک میں مسائل کے انبار لگ گئے انہوں نے کہا کہ جاگیردارانہ اور سرمایہ دارانہ سیاست نے قوم کو بنیادی حقوق سے محروم اور عوام کا استحصال جاری ہے غربت، بے روزگاری اور مہنگائی سے نجات کے لئے ملک میں کرپٹ جماعتوں کی سیاست اور کرپٹ ٹولہ کو مسترد کرنا ہوگا۔

بقیہ 39 ایچ ڈی پی

انتخابی دھاندلی اور بوگس حکومت کے ذریعے ملک کے بڑے بڑے فیصلے کئے جارہے ہیں جو کسی صورت جمہوریت اور ملکی مفاد میں نہیں بیان میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ پر پیپلز پارٹی کے کردار کو جمہوریت دشمن قرار دیتے ہوئے کہا کہ مسلم لیگ نے ہمیشہ اقتدار کے حصول کیلئے تمام جمہوری و اخلاقی اقدار کو پاؤں تلے روندا ہے مگر اس مرتبہ پیپلز پارٹی بھی فارم 47 کے اقتدار کے حصول اور جمہوریت کو داغدار بنانے میں کسی طرح مسلم لیگ سے پیچھے نہیں رہی بیان میں ہر طرح کے غیر جمہوری عمل کی مخالفت اور عوام کے حق حاکمیت کی جدوجہد میں شامل رہنے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ 40 رحیم آغا

ہے، جس کی تکمیل سے علاقے میں گیس پریشر کی کمی کے دیرینہ مسئلے کے حل میں مدد ملنے کی امید ہے گزشتہ روز رحیم آغا نے جامع خطیب اور علاقہ کے معززین کے ہمراہ گیس پائپ لائن کا باقاعدہ افتتاح اور دعائے خیر کی گئی۔ انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم آغا نے اپنے بیان میں کہا کہ کرد کالونی اور اس کے مضافاتی علاقوں کے رہائشی طویل عرصے سے گیس پریشر کی کمی کے باعث شدید مشکلات کا سامنا کررہے تھے۔ علاقے کے عوام کی اس بنیادی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے انہوں نے گزشتہ دو سال سے مسلسل کوششیں کیں، متعلقہ حکام سے رابطے کئے اور گیس پریشر کے مسئلے کے مستقل حل کے لیے بھرپور انداز میں اپنا کردار ادا کیا، جس کے نتیجے میں بالآخر علاقے کے لیے نئی گیس پائپ لائن کی منظوری حاصل ہوئی اور اب اس پر عملی کام بھی شروع ہوچکا ہے۔ رحیم آغا نے کہا کہ یہ منصوبہ علاقے کے عوام کے لیے انتہائی اہمیت کا حامل ہے، کیونکہ گیس پریشر کی کمی کے باعث گھریلو صارفین کو روزمرہ امور کی انجام دہی میں مشکلات پیش آرہی تھیں۔

بقیہ 41 پشتونخوا میپ

کیلئے کوئی آئینی اور قانونی جواز موجود نہیں ایک منتخب صوبائی حکومت کو محض سیاسی اختلافات یا وفاقی حکمرانوں کے مخصوص مفادات کی بنیاد پر ختم کرنا جمہوری اصولوں، آئین کی بالادستی اور عوام کے حق حکمرانی کی صریح خلاف ورزی ہے صوبے کے عوام نے اپنے ووٹ کے ذریعے جس حکومت کو منتخب کیا ہے، اس کے مینڈیٹ کا احترام کرنا وفاقی حکومت کی آئینی ذمہ داری ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ اگر امن و امان کی صورتحال یا حکومتی رٹ کی عدم موجودگی کو ایمرجنسی یا گورنر راج کے نفاذ کا جواز بنایا جائے تو بلوچستان سمیت دیگر علاقوں کی صورتحال بھی سب کے سامنے ہے، جہاں عوام بدترین بدامنی، دہشت گردی اور حکومتی رٹ کے سنگین بحران کا سامنا کررہے ہیں۔ اس کے باوجود وفاقی حکومت کا خیبر پختونخوا کو نشانہ بنانا کئی اہم سوالات کو جنم دیتا ہے۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مطابق اس اقدام کے پس پشت سیاسی مفادات اور صوبے کے وسائل پر کنٹرول حاصل کرنے کے عزائم کارفرما ہیں۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ خیبر پختونخوا کو تقسیم کرنے اور معدنی وسائل سے مالا مال علاقوں کی قدرتی وسائل پر اختیار حاصل کرنے کیلئے اس قسم کے اقدامات اٹھانا قومی وحدتوں کے حقوق، صوبائی خودمختاری اور وفاقی نظام کے بنیادی اصولوں کے منافی ہے۔ کسی بھی صوبے کے عوام کو اپنے وسائل، سیاسی مستقبل اور منتخب حکومت کے بارے میں فیصلہ کرنے کا بنیادی حق حاصل ہے، جسے کسی صورت سلب نہیں کیا جاسکتا۔

بقیہ 42 ظہور احمد بلیدی

نسل کی صلاحیتوں کو نکھارنے کیلئے موثر اقدامات کر رہی ہے۔ سائنسی مضامین کی بہتر تدریس کیلئے سبجیکٹ اسپیشلسٹس کی تعیناتی اور تعلیمی اداروں کی بہتری حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ صوبائی وزیر کے مطابق اعلیٰ جامعات کیلئے 10 ارب روپے کی گرانٹ، بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کے ذریعے ہر سال 20 ہزار نوجوانوں کو تعلیمی وظائف اور متعدد طلبہ کیلئے بیرون ملک اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کرنا بھی حکومت کے تعلیمی وژن کا حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ معیاری تعلیم پر سرمایہ کاری درحقیقت بلوچستان کے مستقبل پر سرمایہ کاری ہے۔ ان اقدامات کا مقصد نوجوانوں کو جدید تعلیم اور بہتر مواقع فراہم کرنا، ان کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا اور صوبے کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرنا ہے۔

بقیہ 43 عبدالقادر لونی

بعد جشن منارہی ہے عوام کا جمہوری نظام سے اعتماد اٹھ چکا ہے۔ مسلم لیگ نے ہمیشہ انتقامی سیاست اور آئین کی دھجیاں اڑا کر غیر جمہوری قوتوں کو راستہ دیا ہے۔ بلکہ میثاق جمہوریت کو دفن کرنے کی سوچی سمجھی سازش ہے غیر آئینی اور غیر جمہوری اقدامات تاریخ کے ہر دور میں کسی بھی ملک کو پائیدار ترقی اور استحکام دینے کی بجائے مزید سنگین بحرانوں اور دلدل میں دھکیلنے کا باعث بنتے ہیں۔ غیر جمہوری رویوں نے ملک کو دو لخت کردیا۔

بقیہ 44 مینا مجید بلوچ

میں اختلاف رائے ہر شہری کا حق ہے، لیکن اس حق کو انتشار، قانون شکنی اور ریاستی رٹ کو چیلنج کرنے کا ذریعہ نہیں بنایا جاسکتا محترمہ مینا مجید بلوچ نے کہا کہ کسی سیاسی رہنما کی رہائی یا بحالی کے نام پر ہجوم کو قانون ہاتھ میں لینے، سرکاری نظام کو مفلوج کرنے اور ریاست کو دباؤ میں لانے کیلئے استعمال کرنا کسی طور قابل قبول نہیں دنیا کی سیاسی تاریخ اس امر کی گواہ ہے کہ بڑے سے بڑے سیاسی رہنماؤں نے بھی قید و بند اور قانونی کارروائیوں کا سامنا کیا، مگر اپنے دفاع اور سیاسی جدوجہد کیلئے آئینی و قانونی راستے اختیار کئے متعلقہ سیاسی قیادت کو بھی چاہیے تھا کہ وہ انتشار اور تصادم کی بجائے Frameworkconstitutional میں رہتے ہوئے اپنی قانونی جنگ لڑتا ریاستی اداروں کو چیلنج کرنے اور امن و امان کی صورت حال کو خراب کرنے سے مسائل حل نہیں ہوتے بلکہ قومی استحکام کو نقصان پہنچتا ہے

بقیہ 45 مولانا عبدالواسع

خطرناک سازش ہیں جمہوریت کو اس کے نام نہاد علمبرداروں سے بچانے کی ضرورت ہے، کیونکہ عوامی مینڈیٹ پر شب خون مارنے والے کسی صورت عوام کے غیض وغضب اور تاریخ کے بے لاگ احتساب سے نہیں بچ سکیں گے سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ بلوچستان میں حکومتی رٹ کی صورت حال کسی سے پوشیدہ نہیں، صوبائی حکومت کی عملداری اور امن و امان کے دعوؤں پر سنجیدہ سوالات موجود ہیں، یہاں تک کہ وزراء کیلئے بھی بلاخوف وخطر سفر کرنا مشکل ہوچکا ہے، لیکن جب سیاسی بیانیہ اقتدار کے حلقوں کی خواہشات سے ہم آہنگ ہو تو ہر طرف سب اچھا کی تصویر پیش کی جاتی ہے۔

بقیہ 46 پاکستان

سے دلی تعزیت اور زخمیوں کی جلد اور مکمل صحتیابی کے لیے دعا گو ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق حوثی ملیشیا کا شہری آبادی اور اہم تنصیبات کو مسلسل نشانہ بنانا ناقابل قبول ہے، شہری آبادی اور اہم تنصیبات پر حوثی حملوں کی عالمی برادری کو بلا امتیاز مذمت کرنی چاہیے، جارحیت کی کسی صورت قابل جواز نہیں، حملے فوری بند کیے جائیں۔ دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ پاکستان سعودی عرب کی قیادت اور عوام کے ساتھ غیر متزلزل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے، کہ معاہدے اور اسٹریٹجک، سیاسی ودفاعی کمیٹی کے حالیہ فیصلوں کا اعادہ کرتے ہیں، سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت، سلامتی اور استحکام کا اعادہ کرتے ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا ہے کہ سعودی عرب کے دفاع، عوام کے تحفظ اور اہم تنصیبات محفوظ رکھنے کے حق کی حمایت کرتا ہے، پاکستان حوثی ملیشیا سے دشمنانہ حملے فوری بند کرنے کا مطالبہ کرتا ہے، ایسے اقدامات بیگناہ جانوں کو خطرے میں ڈالتے اور علاقائی استحکام کو نقصان پہنچاتے ہیں، عالمی برادری ایسے اقدامات کیخلاف واضح دوٹوک مؤقف اختیار کرے، پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری، سلامتی، ودفاع کے لیے کندھے سے کندھا ملا کر کھڑا رہیگا۔

بقیہ 47 علی احمد کرد

کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے بدترین آمریت قرار دیا ہے اپنے مذمتی بیان میں کہا کہ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن کی جمہوریت عوام کے سامنے عیاں ہوچکی ہے اور عوامی مینڈیٹ کی توہین ہے ایک منتخب وزیراعلیٰ صوبے کے ممبران پارلیمنٹ کو گرفتار کرنا صوبے میں غیر آئینی گورنر راج اس بات کی غمازی ہے کہ ملک میں آج بدترین آمریت قائم ہے ظاہری طور پر ملک میں نام نہاد وزیراعظم نام نہاد صدر اور سپریم کورٹ موجود ہیں آج ملک سیاسی معاشی بحران سے دوچار ہے امن وامان کی مخدوش صورتحال بے تحاشا مہنگائی بے روزگاری اپنے عروج پر ہیں بیان میں خیبر پختونخوا میں گورنر راج کو غیر آئینی اقدامات قرار دیکر اسے مسترد کرتے ہیں اور ان غیر آئینی اقدامات کے خلاف آئندہ کا لائحہ عمل طے کریں گے۔

بقیہ 48 میر علی حسن زہری

سالہ تاریک دور میں عوام کو جن محرومیوں، پسماندگی اور بنیادی سہولیات کی کمی کا سامنا رہا، اب اس صورتحال کو بدلنے کا وقت آگیا ہے۔ ہم نے سب کو ترقی، خوشحالی اور روشن مستقبل کی راہ پر گامزن کرنے کے عزم کیا تھا، وہ اب عملی شکل اختیار کررہا ہے۔ جاری اور مکمل ہونے والے ترقیاتی منصوبے اس بات کا ثبوت ہیں کہ اگر نیت عوام کی خدمت اور مقصد علاقے کی خوشحالی ہو تو برسوں کی محرومیوں کو بھی ترقی کی روشنی میں بدلا جاسکتا ہے۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ ہماری سیاست اقتدار کے حصول کی نہیں، بلکہ عوام کی تقدیر بدلنے، محرومیوں کا ازالہ کرنے اور آنے والی نسلوں کا مستقبل محفوظ بنانے کی سیاست ہے۔ ہم کھوکھلے نعروں اور وقتی دعوؤں پر یقین نہیں رکھتے

بقیہ 49 نجی اسکولوں

اسکول سیل کرنے، رجسٹریشن منسوخی کی سفارش اور توہین عدالت کی کارروائی عمل میں لائی جاسکتی ہے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کوئٹہ ویسٹ کو بھی ہدایت کی گئی ہے کہ تمام نجی اسکولوں کو ان احکامات پر عمل درآمد کا پابند بنایا جائے اور تین دن کے اندر تفصیلی رپورٹ ڈپٹی کمشنر آفس میں جمع کرائی جائے مراسلے میں مزید کہا گیا ہے کہ موسم سرما کی تعطیلات کے دوران کلاسز جاری رکھنے والے اسکول حاضری کا ریکارڈ اور تعلیمی سرگرمیوں کے ثبوت متعلقہ ڈائریکٹوریٹ کو فراہم کرنے کی شرط پر اس مدت کی فیس وصول کرسکتے ہیں۔

بقیہ 50 ولی محمد نورزئی

بلکہ ایک فتنہ ہے فتنہ کو ختم کرنا ہی ملک اور قوم کے مفاد میں ہے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ ریلی کے شرکاء نعرہ بازی کرتے ہوئے پرامن طور پر منتشر ہوگئے۔

بقیہ 51 زرک خان مندوخیل

ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم سیاسی لوگ ہیں اور سیاست پر یقین رکھتے ہیں کیونکہ صوبوں کی ذمہ داری ہے کہ امن وامان کی بحالی اور وفاق کے ساتھ تعاون کرکے دہشت گردی کے خاتمے کو ممکن بناکر صوبے اور ملک کی سالمیت کو برقرار رکھتے ہوئے مستحکم پاکستان کو یقینی بنائیں پاکستان کی عدالتیں آزاد ہیں ان کے بانی اپنا کیس عدالت میں لڑیں ریلی کے شرکاء نعرہ بازی کرتے ہوئے پرامن طور پر منتشر ہوگئے۔

بقیہ 52 محمد عبدالقادر

کہ حکومت رواں سال کراچی اور کوئٹہ میں آئی ٹی پارکس کے قیام کو یقینی بنائے اور انہیں فری لانسنگ، سافٹ ویئر ڈویلپمنٹ، مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل کاروبار کے فعال مراکز بنائے، تاکہ نوجوان عالمی منڈی میں اپنی صلاحیتوں سے روزگار حاصل کرسکیں اور ملک کیلئے زرمبادلہ کما سکیں۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ صرف تربیت فراہم کرنا کافی نہیں، معیاری اور قابل اعتماد انٹرنیٹ، بجلی کی بلاتعطل فراہمی، جدید آلات، آسان قرضوں اور نجی شعبے کی سرمایہ کاری کا انتظام بھی ضروری ہے۔

بقیہ 53 محمد عمر گورگیج

پارلیمانی سیکرٹری آئی ٹی محمد خان گورگیج بھی موجود تھے۔ نومنتخب عہدیداروں نے پارٹی کی اعلیٰ قیادت بالخصوص صوبائی صدر سینیٹر سردار محمد عمر گورگیج کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے ان پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے اہم ذمہ داریاں سونپیں۔ اس موقع پر پارٹی کے سینئر رہنماؤں ثناء اللہ جتک، اختر بلوچ، شاہ جہاں گجر، شہزادہ خان کاکڑ، ندیم احمد خان، غلام جان حسن زئی، جبار بلیدی، اسد گجر، بشیر لانگو، قیصر بلوچ، [illegible]

بقیہ 54 ثناء اللہ خان زہری

[illegible]

بقیہ 55 بخت محمد کاکڑ

[illegible]

بقیہ 56 فیصل خان جمالی

[illegible]

بقیہ 57 لشکری رئیسانی

[illegible]

بقیہ 58 حراست میں لیا

[illegible]

بقیہ 59 اے این پی

[illegible]

بقیہ 60 جمال شاہ کاکڑ

[illegible]

بقیہ 61 ہاؤسنگ فنانس

[illegible]

بقیہ 62 بحری جہاز حملہ

[illegible]

بقیہ 63 گیس کا مطالبہ

[illegible]

بقیہ 64 پی اے پی

[illegible]

بقیہ 65 مولانا محمد حنیف

[illegible]

بقیہ 66 پشتونخوا میپ

[illegible]

بقیہ 67 امتحانات ملتوی

[illegible]

بقیہ 68 ہدایت الرحمان بلوچ

[illegible]

بقیہ 69 مولانا عبدالرحمان

[illegible]

نبی کریمؐ کے بتائے راستے پر چل کر دنیا و آخرت سنوار سکتے ہیں، جمال شاہ کاکڑ

ہم اس وقت تک ترقی نہیں کر سکتے جب تک آپؐ کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر آگے نہیں بڑھیں گے' رکن قومی اسمبلی

کسی بھی صوبے کی جانب سے تعاون نہ کرنے پر آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت وفاق کو گورنر راج نافذ کرنے کا اختیار حاصل ہے

پاکستان میں سپریم ادارہ پارلیمنٹ جس میں ملک بھر سے عوام کے منتخب کردہ نمائندے موجود ہیں' اجتماعی شادی کی تقریب و میڈیا سے گفتگو

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ ہم اسلامی تعلیمات اور حضور پاکؐ کے بتائے ہوئے راستے پر چل کر دنیا اور آخرت سنوار سکتے ہیں کیونکہ آپؐ نے معاشرے کے تمام طبقات کو صحیح راہ پر چلنے کیلئے سمت بتائی ہم اس وقت تک ترقی نہیں کر سکتے جب تک دین اسلام پر عمل پیرا ہو کر آگے نہیں بڑھیں گے ان خیالات کا .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

ہاؤسنگ فنانس کیلئے جائیداد کی دستاویزات کی شرائط نرم

جائیداد رہن رکھنے کیلئے درکار دستاویزات میں ترمیم کردی گئیں

کراچی (م ڈ) اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) نے ہاؤسنگ فنانس سے متعلق ضوابط میں ترمیم کرتے ہوئے جائیداد کی دستاویزات کی شرائط آسان بنادی ہیں، تاکہ قرض لینے والوں کو سہولت فراہم کرنے اور رہن کے طریقہ کار کو معیاری بنانے میں مدد مل سکے۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے جاری کردہ سرکلر کے مطابق، ہاؤسنگ فنانس حاصل کرنے والے صارفین کو سہولت فراہم کرنے کے لیے ضابطہ پی آر ایچ ایف 7 (ملکیتی دستاویزات اور ضمانتی .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

تربت: نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی ٹرکوں پر فائرنگ

تربت (این این آئی) تربت کے علاقے میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے 2 ٹرکوں پر فائرنگ کر کے ٹائر برسٹ کردیے۔ پولیس کے مطابق اتوار کو تربت کے علاقے ناصر آباد میں دو موٹر سائیکلوں پر سوار 4 نامعلوم مسلح افراد نے 10 وہیلر 2 ٹرکوں پر فائرنگ کر کے ان کے ٹائر برسٹ کردیے اور موقع سے فرار ہو گئے تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ پولیس مزید کارروائی کر رہی ہے۔

خلیج عمان: امریکی طیارے کا مال بردار بحری جہاز پر حملہ

پاناما کے پرچم بردار بحری جہاز نے بار بار وارننگ کو نظرانداز کیا

اسلام آباد (م ڈ) خلیج عمان میں امریکی لڑاکا طیارے نے مال بردار بحری جہاز پر حملہ کر دیا۔ امریکی سینٹرل کمانڈ سینٹ کام کے مطابق پاناما کے پرچم بردار مال بردار جہاز ایم وی اوشن مولیکا نے بار بار وارننگ کو نظرانداز کیا، امریکی ناکہ بندی توڑنے کی کوشش پر بحری جہاز کو نشانہ بنایا گیا، حملے میں بحری جہاز ناکارہ ہوگیا تاہم عملے کے ارکان کو کوئی نقصان .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز کا بجلی نرخوں میں کمی کا مطالبہ

موجودہ 12 سینٹ کا نرخ مخصوص صنعتی شعبوں کیلئے عارضی اقدام ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کے صدر عاطف اکرام شیخ نے گزشتہ دو برس کے دوران صنعتی بجلی کے نرخ 16 سینٹ سے کم کر کے 12 سینٹ فی یونٹ کرنے کے حکومتی اقدام کو سراہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ برآمدات بڑھانے اور درآمدات کم کرنے کے لیے ضروری ہے کہ صنعتی .... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

حوثیوں نے ریاض ایئرپورٹ پر حملوں کی ذمہ داری قبول کرلی

اسلام آباد (م ڈ) یمن کے حوثیوں کا کہنا ہے کہ انہوں نے ہفتے کے روز ریاض کے ایئرپورٹ کو اپنا 'ہدف' بنا کر حملے کیے، جس کے نتیجے میں 12 افراد ہلاک اور 300 سے زائد زخمی ہوئے۔ حوثی گروہ نے ایک بیان میں کہا کہ اس نے 'تین مراحل میں ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں فضائی آمد و رفت معطل ہوگئی اور ہوائی اڈہ مکمل طور پر بند کردیا گیا'۔

تعاون کے فقدان کے باعث وفاق کو مشکل فیصلہ کرنا پڑا' بی اے پی

خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کا نفاذ آئینی اقدام جس کی بھرپور تائید کرتے ہیں

دہشتگردی کی جنگ میں ریاستی اداروں کے ساتھ سب کو مل کر آگے بڑھنا چاہیے' ترجمان

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی ترجمان نے خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کو آئینی اقدام قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ وفاقی حکومت نے متعدد بار پاکستان تحریک انصاف کی قیادت کو مذاکرات کی دعوت دی، تاہم غیر سنجیدہ سیاسی رویے اور دہشت گردی کے خلاف موثر تعاون کے فقدان کے باعث وفاقی حکومت کو ایک اہم اور مشکل فیصلہ کرنا پڑا اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشت گردی جیسے سنگین .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ہتھیار ڈال کر قومی دھارے میں شامل ہونے والے کمانڈر اور ان کے ساتھیوں سے گفتگو کر رہے ہیں، اس موقع پر قبائلی عمائدین بھی موجود ہیں

مولوی کی سیاست ختم کرنے والوں کی اپنی کشتیاں ڈوب چکی، مولانا عبدالواسع

شہید مولانا محمد حنیف "مظلوم مسلمانوں کی توانا آواز رہے" ملک کو سیکولر بنانے والوں کو شکست کا سامنا ہوگا' صوبائی امیر جمعیت

سیاست دینیہ علماء کی ذمہ داری' مولوی کو مسجد و منبر تک محدود کرنے والوں کا خواب کبھی پورا نہیں ہوگا' سینئر

چمن (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے زیر اہتمام گلشن شہید اسلام جامعہ دارالعلوم اسلامیہ میں عظیم الشان شہید اسلام مولانا محمد حنیف کانفرنس منعقد ہوا کانفرنس میں ہزاروں افراد نے شرکت کی کانفرنس سے شہید اسلام مولانا محمد حنیف کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا گیا شہید اسلام مولانا محمد حنیف کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع، صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا آغا محمود شاہ، جمعیت علماء اسلام تحصیل صدر چمن کے امیر مولانا مفتی محمد قاسم، مولانا حافظ محمد یوسف، مولانا مفتی غلام حیدر، .... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی سے اپنے دفتر میں مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ کا کوئی آئینی جواز نہیں' پشتونخوا میپ

مسلم لیگ کا نعرہ "ووٹ کو عزت دو" تھا لیکن 8 فروری کے انتخابات میں ووٹ کی توہین کر کے 25 کروڑ عوام کے سامنے ......

جمہوریت کا دعویٰ کرنے والی پارٹیاں پیپلز پارٹی اور ن لیگ عوام کے ووٹوں کا سنگین مذاق اڑا رہی ہیں' مرکزی سیکرٹریٹ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ بیان میں ...... خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ .... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

مسلم لیگ ن کے جنرل سیکرٹری جمال شاہ کاکڑ و دیگر اتحاد بین السادات ویلفیئر آرگنائزیشن کے تحت اجتماعی شادی پروگرام سے خطاب کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا میں میٹرک امتحانات تاحکم ثانی ملتوی ہوگئے

مختلف شہروں میں آج اسکول بند رہیں گے، متعلقہ افسران کو ہدایت جاری

پشاور (م ڈ) خیبر پختونخوا کے تعلیمی بورڈز نے میٹرک امتحان تاحکم ثانی ملتوی کر دیے ہیں۔ صوبے میں ایمرجنسی اور گورنر راج لاگو ہو جانے کے بعد تمام تعلیمی بورڈز نے صوبے ہنگامی صورت حال کے تحت امتحانات ملتوی کر دیے ہیں۔ اس ضمن میں تمام تعلیمی بورڈز نے اپنی طرف سے باقاعدہ اعلامیے جاری کر دیے ہیں۔ مذکورہ امتحان پہلے 7 اکتوبر سے شروع ہونا تھا تاہم صوبے میں جاری لانگ مارچ کے پیش نظر اسے 7 کی بجائے .... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

مولانا ہدایت الرحمان کا ڈی ایم جمالی میں "الخدمت بنو قابل" لیب کا دورہ

نوجوانوں کو جدید تقاضوں کے مطابق اپنی صلاحیتوں کو نکھارنا ہوگا' صوبائی امیر جماعت اسلامی

عملی اقدامات ضروری صرف دعوؤں سے نوجوانوں کے مسائل حل نہیں ہوں گے' موقع پر گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان بشیر احمد ماندائی کے ہمراہ ڈیرہ مراد جمالی میں الخدمت بنو قابل نصیر آباد لیب کا دورہ کیا اور بنو قابل پروگرام کے تحت مختلف کورسز سے مستفید ہونے والے طلبہ سے ملاقات کی۔ اس موقع پر انہوں نے الخدمت فاؤنڈیشن کے ذمہ داران، طلبہ اور اساتذہ کرام سے گفتگو کرتے ہوئے نوجوانوں کو جدید تعلیم ٹیکنالوجی اور فنی مہارتوں سے آراستہ کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ موجودہ دور میں عصری و دینی تعلیم کے .... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر سینیٹر عمر گورگیج سے پارٹی رہنما سید اقبال شاہ، سربلند جوگیزئی، ثناء اللہ و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ کو راہزنوں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑ سکتے' مولانا عبدالرحمان رفیق

عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی آئینی و قانونی ذمہ داری ہے' عین اللہ شمس

مولانا محمد شعیب جدون کو ہراساں کرنا قابل مذمت ہے' مولانا خورشید احمد

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمان رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد اور دیگر رہنماؤں نے کہا کہ کوئٹہ کو راہزنوں کے رحم و کرم پر چھوڑ نہیں سکتے، مولانا محمد شعیب جدون کو ہراساں کرنے کی مذمت کرتے ہیں۔ عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی آئینی و قانونی ذمہ داری ہے، مگر شہر میں جرائم کی بڑھتی ہوئی وارداتیں حکومتی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ چیک پوسٹوں پر شہریوں کی تذلیل، بلاجواز روک ٹوک اور ہراسانی کا سلسلہ فوری بند کیا جائے، جبکہ اغبرگ، ہنجپائی، ہنہ، نوحصار اور دیگر علاقوں کے پرامن عوام کو دہشت گردی کے خلاف کارروائیں .... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

سوئی، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی دو فریقین میں قبائلی رنجش کے خاتمے کے بعد دعا کر رہے ہیں

کے پی کے میں گورنر راج کا نفاذ قابل مذمت ہے' علی احمد کرد

ن لیگ کی جمہوریت عیاں ہوچکی' ایمرجنسی کا نفاذ عوامی مینڈیٹ کی توہین ہے' راحب بلیدی

امن وامان کی صورتحال مخدوش' مہنگائی' بیروزگاری عروج پر ہیں' وکلاء ایکشن کمیٹی

کوئٹہ (آن لائن) آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی کے چیئرمین علی احمد کرد اور راحب خان بلیدی نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی گورنر راج کا نفاذ اور منتخب وزیراعلیٰ سہیل آفریدی تحریک انصاف کے صوبائی صدر جنید اکبر اور دیگر ممبران پارلیمنٹ کی گرفتاریوں .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

حب کو ترقی یافتہ ضلع بنانا ہمارا عزم ہے' میر علی حسن زہری

ماضی میں عوام کو محرومیوں، پسماندگی اور بنیادی سہولیات کی کمی کا سامنا رہا' رہنما پی پی

حب (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما، ترجمان صدر آصف علی زرداری و سینئر صوبائی نائب صدر پی پی بلوچستان میر علی حسن زہری نے کہا ہے کہ ضلع حب کو ایک مثالی، ترقی یافتہ اور خوشحال ضلع بنانا ان کا پختہ عزم ہے۔ ماضی میں جاہلیں .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

نجی تعلیمی ادارے موسم سرما کی تعطیلات کی مکمل فیس وصول نہ کریں' ڈی سی ویسٹ

احکامات کی خلاف ورزی کرنے پر اسکول سیل، رجسٹریشن منسوخی کی سفارش اور توہین عدالت کی کارروائی عمل میں لائی جاسکتی ہے

تعطیلات کی فیس وصول کرنے والے نجی اسکول طلبہ سے وصول شدہ فیس کا 50 فیصد واپس یا آئندہ ماہ کی فیس میں ایڈجسٹ کریں' مراسلہ

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ کے آفس سے جاری ہونے والے ایک سرکلر کے مطابق ضلع ویسٹ کے تمام نجی اسکولوں کے سربراہان کو مراسلہ جاری کرتے ہوئے ہدایت کی گئی ہے کہ سپریم کورٹ آف پاکستان کے احکامات کے مطابق موسم سرما کی تعطیلات کی مکمل فیس وصول نہ کی جائے مراسلے میں واضح کیا گیا ہے کہ تعطیلات کی فیس وصول کرنے والے نجی اسکول طلبہ سے وصول شدہ فیس کا 50 فیصد واپس کریں یا آئندہ ماہ کی فیس میں ایڈجسٹ کریں مراسلے کے مطابق احکامات کی خلاف ورزی کرنے والے تعلیمی اداروں کے خلاف .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ کا خیر مقدم کرتے ہیں' ولی محمد نورزئی

پی ٹی آئی کوئی سیاسی جماعت نہیں بلکہ فتنہ ہے' یوم نجات ریلی سے خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی سیکرٹری برائے ساحل، ہیومن حاجی ولی محمد نورزئی نے وفاقی حکومت کی جانب سے خیبر پختونخوا سے پی ٹی آئی کی حکومت کے خاتمے اور ایمرجنسی کے نفاذ کا خیر مقدم کرتے ہوئے یوم نجات ریلی نکالی اور سریاب چوک پر سبز ہلالی پاکستانی پرچم تھام کر ڈھول کی تھاپ پر رقص کرتے ہوئے جشن منایا اور شہریوں میں مٹھائی تقسیم کی ریلی کے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی کوئی سیاسی جماعت نہیں .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

ہم جمہوریت پر یقین رکھنے والے لوگ ہیں' زرک مندوخیل

خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی ایک فتنہ بن چکی تھی' رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل نے کہا کہ ہم سیاسی لوگ ہیں اور سیاست اور جمہوریت پر یقین رکھتے ہیں اور ہم کبھی بھی عوامی حکومت کا خاتمہ نہیں چاہتے لیکن خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی ایک فتنہ بن چکی تھی جس سے عوام اور ریاست سمیت اداروں کو خطرات لاحق تھے یہ بات انہوں نے خیبر پختونخوا ایمرجنسی کے نفاذ اور پی ٹی آئی کی حکومت کے خاتمے کی خوشی میں نکالی گئی ریلی کے شرکاء سے گفتگو کرتے .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

ملکی برآمدات میں اضافہ اور پائیدار معاشی ترقی ناگزیر ہے' محمد عبدالقادر

حکومت رواں سال کراچی و کوئٹہ میں آئی ٹی پارکس کے قیام کو یقینی بنائے' سینیٹر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین سینٹ قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ آئی ٹی منصوبوں کی کامیابی کا پیمانہ محض ناموں کی تبدیلی یا عمارتوں کی تعمیر نہیں، بلکہ نوجوانوں کے لیے روزگار، ملکی برآمدات میں اضافہ اور پائیدار معاشی ترقی ہونا چاہیے حکومت آئی ٹی پارکس کے نام تبدیل کرنے پر توانائیاں صرف کرنے کے بجائے ان کی توسیع اور عملی افادیت پر توجہ دے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

پی پی پی کے جیالے پارٹی کا اصل اثاثہ ہیں' سردار عمر گورگیج

تمام اضلاع میں کارکنان کے ساتھ رابطوں کی مہم کو تیز کیا جائے گا' صوبائی صدر پیپلز پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سینیٹر سردار محمد عمر گورگیج سے پارٹی کے نومنتخب عہدیداروں صوبائی نائب صدر ورد محمد ہزارہ، صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری ملک ذیشان حسین، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات حیات خان اچکزئی، وورنر رابطہ سیکرٹری احسان کاکڑ نے ملاقات کی اس موقع پر پارٹی کے سینئر رہنما، وزیراعلیٰ بلوچستان کے فوکل پرسن سید اقبال شاہ، مرکزی رہنما سردار سربلند خان جوگیزئی، رکن بلوچستان اسمبلی و .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

باغبانہ میں ٹریفک حادثے کے باعث ہلاکتیں دلخراش ہیں' ثناء اللہ زہری

ٹریفک حادثات میں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع انتہائی افسوسناک ہے' سابق وزیراعلیٰ

خضدار (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری نے باغبانہ میں پیش آنے والے ٹریفک حادثے کے نتیجے میں حاجی محمد اسلم تونانی اور ان کے ہمراہ دیگر افراد کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے جاری کردہ تعزیتی بیان میں نواب ثناء اللہ خان زہری نے کہا کہ باغبانہ میں پیش آنے والا یہ افسوسناک حادثہ انتہائی دلخراش ہے، جس میں قیمتی انسانی جانوں .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

شعبہ صحت میں ڈیجیٹل اصلاحات کو پذیرائی مل رہی ہے' بخت محمد کاکڑ

ڈیجیٹل ڈیٹا کی بنیاد پر فیصلہ سازی اور طبی خدمات کی بہتری کیلئے پرعزم ہیں' وزیر صحت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کی قیادت میں شعبہ صحت میں ڈیجیٹل اصلاحات اور جدید ٹیکنالوجی کے فروغ کے اقدامات کو بین الاقوامی سطح پر پذیرائی مل رہی ہے اس سلسلے میں سری لنکا کے دارالحکومت کولمبو میں منعقدہ دی ایچ آئی ایس 2 ایشیا، پیسفک کانفرنس 2026 کی افتتاحی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی، جس میں 26 ممالک کے نمائندگان شریک ہوئے .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

خیبر پختونخواہ میں گورنر راج کا فیصلہ خوش آئند ہے' فیصل جمالی

امن وامان کی صورتحال بہتر بنانا ناگزیر ہوچکا' یوم نجات کے موقع پر پیغام

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک بلوچستان سردارزادہ فیصل خان جمالی نے خیبر پختونخوا کے 12 اضلاع میں وفاقی حکومت کی جانب سے ایمرجنسی کے نفاذ کے اقدام کی حمایت کرتے ہوئے پاک فوج اور ملک کی مسلح افواج کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملکی سلامتی، امن وامان کا قیام اور دہشت گردی کا خاتمہ قومی ترجیحات میں شامل ہیں، جن کے لیے تمام ریاستی اداروں اور عوام کو مشترکہ کردار ادا کرنا ہوگا" یہ بات انہوں .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

پولیس نے تمام اراکین پارلیمنٹ کی سیکورٹی واپس لے لی، شفیع جان

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے وزیر اطلاعات شفیع جان نے کہا ہے کہ صوبائی پولیس نے ان سمیت دیگر اراکین پارلیمنٹ کی سیکیورٹی واپس لے لی ہے۔

جعفر آباد' کیٹل فارم تھانہ کی حوالات سے قیدی فرار

پولیس نے ملزم کی دوبارہ گرفتاری کیلئے سرتوڑ کوشش شروع کردی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جعفر آباد کیٹل فارم پولیس تھانے کی حوالات سے قیدی فرار ہوگیا پولیس کے مطابق جعفر آباد کیٹل فارم پولیس تھانے میں قید ملزم حوالات سے پولیس کو چکما دے کر فرار ہوگیا جس کی گرفتاری کیلئے پولیس نے سرتوڑ کوشش شروع کردی۔

بلوچستان کے معدنی وسائل کی لوٹ کھسوٹ جاری ہے' لشکری رئیسانی

مائنز اینڈ منرل ایکٹ کے حوالے سے اپوزیشن جماعتوں کی جانب سے کمیٹی میں جمع کرائی گئی سفارشات منظر عام پر لائی جائیں' سینئر سیاستدان

عوام کے حقوق کے حصول سے روگردانی کے باعث آج بلوچستان میں 47 فیصد افراد غربت کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سینئر سیاستدان نوابزادہ حاجی لشکری رئیسانی نے کہا ہے کہ جعلی سیاسی جماعتیں مسلط کی گئی ہیں اور ان کے ذریعے بلوچستان کے معدنی وسائل کی لوٹ کھسوٹ جاری ہے ہمارا مطالبہ ہے کہ مائنز اینڈ منرل ایکٹ کے حوالے سے اپوزیشن جماعتوں کی جانب سے بلوچستان اسمبلی کی کمیٹی میں جمع کرائی گئی سفارشات منظر عام پر لائی جائیں ایسا نہ ہو کہ بعد میں اپوزیشن کہہ کہ ہم نے جو سفارشات پیش کی تھیں وہ نہیں ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو میر سراقبال کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران .... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان کو احتجاج میں شرکت پر پولیس نے حراست میں لے لیا

بالی وڈ اداکار طویل عرصے سے سیاسی اور سماجی مسائل پر آواز اٹھا رہے ہیں

ممبئی (م ڈ) بالی وڈ اداکار عمران خان کو کا گروچ جنتا پارٹی (سی جے پی) کے احتجاج کے دوران ممبئی پولیس نے حراست میں لے لیا۔ 43 سالہ عمران خان کو 10 اکتوبر کے دن کرانتی میدان ممبئی سے پولیس نے حراست میں لیا تو انہوں نے پولیس وین سے ایک سیلفی شیئر کی، جس پر طنزیہ کیپشن درج تھا 'میں ڈرائیو پر جا رہا ہوں'۔ ممبئی پولیس حکام کا کہنا ہے کہ 10 اکتوبر کے احتجاج کی باضابطہ اجازت نہیں لی گئی تھی، دوسری طرف ہائیکورٹ کے احکامات ہیں .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

کے پی کے میں گورنر راج کا نفاذ قابل تشویش ہے' اے این پی

حکومتوں کی کارکردگی کا فیصلہ عوامی رائے اور جمہوری عمل کے ذریعے ہونا چاہئے

حکومتوں کی تبدیلی کیلئے آئین وقانون کے دائرے میں رہتے ہوئے سیاسی عمل کو آگے بڑھانا چاہئے' بیان

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں صوبہ پشتونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اس اقدام کی مذمت کی گئی ہے اور کہا گیا ہے کہ منتخب حکومت کو ختم کر کے گورنر راج نافذ کرنا ماضی میں مسائل کا حل ثابت ہوا ہے اور نہ ہی اب اس سے کوئی مثبت نتائج برآمد ہوں گے حکومتوں کی کارکردگی کا فیصلہ عوامی رائے اور جمہوری عمل کے ذریعے ہونا چاہیے کیونکہ اگر کوئی حکومت عوام کی توقعات پر پورا اترنے اور اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے میں ناکام رہتی ہے تو عوام انتخابات کے ذریعے اس .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

تونسی: ڈاکو متعدد دکانداروں و شہریوں کو لوٹ کر فرار

تونسی (آن لائن) تونسی کے علاقے عین الدین روڈ پر دن دیہاڑے تین مسلح موٹر سائیکل سوار ڈاکو متعدد دکانداروں اور راہگیروں سے نقدی، موبائل فون اور دیگر قیمتی اشیاء چھین کر فرار ہو گئے جس کے باعث تاجروں اور شہریوں میں شدید تشویش کی لہر دوڑ گئی۔ عینی شاہدین کے مطابق واقعہ اتوار کی سہ پہر تقریباً 3 بجے جامع مسجد کے قریب پیش آیا، جہاں تین مسلح موٹر سائیکل سوار ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر متعدد ہارڈ ویئر اور سیمنٹ کی دکانوں کو لوٹا اور دکانداروں سمیت راہگیروں سے نقدی، موبائل فون اور دیگر قیمتی اشیاء چھین کر فرار ہو گئے۔

پی ٹی آئی ملک کیلئے فتنہ، امن وامان کو نقصان پہنچانا چاہتی ہے' علی مددجتک

خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی حکومت ختم اور ایمرجنسی کے نفاذ کا خیر مقدم کرتے ہیں کیونکہ اس فتنہ سے عوام کو چھٹکارا مل گیا' صوبائی وزیر

علی مدد جتک کی قیادت میں سریاب سے جشن ریلی برآمد' بلوچستان اسمبلی کے سامنے مٹھائیاں تقسیم' کارکنوں کا ڈھول کی تھاپ پر رقص

پی ٹی آئی کی سیاست وانتشار سے ملکی تعمیر و ترقی بری طرح متاثر ہے' ریلی کے شرکاء سے رہنما پیپلز پارٹی کا خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی ملک کیلئے فتنہ بن چکی ہے اس لئے اس کی سیاست اور انتشار سے ملک کی ترقی اور سالمیت بری طرح متاثر ہورہی ہے اور وہ ایسے اقدامات سے پاکستان کو معاشی طور پر غیر مستحکم کرنا چاہتی ہے یہ بات انہوں نے وفاقی حکومت کی جانب سے صوبہ خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی حکومت .... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

اوتھل' مسلح افراد کی گاڑی پر فائرنگ سے 1 شخص قتل

اوتھل (آن لائن) اوتھل کے قریب قتل کی واردات، قومی شاہراہ پر سکن کے مقام پر فائرنگ کے واقعہ میں کار سوار ایک شخص کو فائر کر کے قتل کردیا گیا۔ ذرائع کے مطابق مقتول وندر سے بیلہ جا رہا تھا، ریسکیو ذرائع کے مطابق اوتھل کے قریب سکن کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد نے کار پر فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں ایک شخص موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا۔ واقعے کے بعد لاش کو DHQ ہسپتال اوتھل منتقل کیا گیا۔ جہاں جاں بحق ہونے والے شخص کی شناخت فلک شیر چلتی کے نام سے ہوئی ہے۔

کوئٹہ سے سندھ منشیات اسمگلنگ کی کوشش ناکام، ملزم فرار ہونے میں کامیاب

جعفر آباد (یو این اے) ایکسائز اینڈ اینٹی نارکوٹکس کی ٹیم نے ڈیرہ اللہ یار میں زیرو پوائنٹ کے قریب کارروائی کرتے ہوئے کروڑوں روپے مالیت کی منشیات برآمد کرلی ہے۔ ایکسائز آفیسر جاوید بلوچ کے مطابق خفیہ اطلاع ملی تھی کہ کار نمبر AHY-766 کے ذریعے کوئٹہ سے اندرون سندھ منشیات کی بھاری کھیپ اسمگل کی جا رہی ہے۔ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے جب ایکسائز کی ٹیم نے گاڑی کو رکنے کا اشارہ کیا تو ملزمان نے فائرنگ شروع کردی اور فائرنگ کے تبادلے کے بعد بائی پاس پر شہری آبادی میں گاڑی چھوڑ کر فرار ہوگئے۔

ڈیرہ مراد جمالی' مسلح افراد پولیس اہلکار سے اسلحہ' گولیاں و واکی ٹاکی چھین کر فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو باری شاخ میں مسلح افراد کا امام بارگاہ کی چوکی پر حملہ پولیس اہلکار کو تشدد کا نشانہ بنا کر ان سے سرکاری اسلحہ و گولیاں و واکی ٹاکی چھین کر فرار ہو گئے پولیس کے مطابق تمبو شوری پولیس تھانے کی حدود باری شاخ گوٹھ نوت بخش گولہ میں گزشتہ شب نامعلوم مسلح افراد نے امام بارگاہ کی چوکی پر حملہ کردیا مسلح افراد سیکورٹی پر تعینات پولیس اہلکار نصیر احمد زہری کو تشدد کا نشانہ بنایا اور ان سے سرکاری اسلحہ گولیاں واکی ٹاکی و دیگر سامان چھین کر فرار ہوگئے پولیس کے مطابق مسلح افراد کی تعداد چھ کے قریب تھی جو کہ حملہ آور ہوئے واقعے کی اطلاع پر پولیس کی بھاری نفری جائے وقوع پر پہنچ گئی۔

کوئٹہ، قبائلی و سیاسی رہنما نوابزادہ لشکری خان رئیسانی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

حکمرانوں نے ملک کو مسائل کا گڑھ بنا دیا' قاری مہراللہ

ملک اس وقت سیاسی، معاشی، اخلاقی لحاظ سے دیوالیہ پن کا شکار ہوچکا' صوبائی امیر جمعیت ن

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی امیر مولانا قاری مہراللہ نے کہا کہ حکومت نے ملک کو ہر لحاظ سے مسائل کا گڑھ بنا دیا کرپٹ مافیاز مسلط ملک میں غربت و معاشی بدحالی ہے۔ ملک اس وقت سیاسی، معاشی، اخلاقی لحاظ سے دیوالیہ پن کا شکار ہو چکا ملک میں تمام مسائل کا جڑ کرپٹ ٹولہ ہے کرپٹ ٹولے ایک سال میں .... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر راج کا نفاذ سیاسی' جمہوری تاریخ میں سیاہ باب ہے' ایچ ڈی پی

پی پی جمہوریت کو داغدار بنانے میں کسی طرح مسلم لیگ سے پیچھے نہیں رہی' بیان

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کو پاکستان کی سیاسی جمہوری تاریخ میں ایک سیاہ باب کا اضافہ قرار دیتے ہوئے کہا گیا کہ 2024 کے انتخابات میں عوام پر قومی اور تین صوبوں میں جعلی قیادت مسلط کی گئی جبکہ عوام سے اپنے حقیقی نمائندگی چھین کر بوگس افراد کو عوام پر مسلط کیا گیا اب .... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

کاکڑ کالونی کیلئے گیس پائپ لائن کے کام کا آغاز ہوچکا' انجمن تاجران

450 میٹر طویل 4 انچ قطر کی گیس پائپ لائن بچھائی جا رہی ہے' رحیم آغا

کوئٹہ (آن لائن) انجمن تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ) کے صدر رحیم آغا کی دو سالہ مسلسل جدوجہد اور کوششوں کے نتیجے میں کاکڑ کالونی اور مضافاتی علاقوں کیلئے گیس پائپ لائن منصوبے کی منظوری کے بعد کام کا باقاعدہ آغاز ہو گیا ہے۔ منصوبے کے تحت 970 میٹر طویل 6 انچ قطر اور 450 میٹر طویل 4 انچ قطر کی گیس پائپ لائن بچھائی جا رہی .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

خیبر پختونخواہ میں گورنر راج کا نفاذ صوبائی خودمختاری پر حملہ ہے' پشتونخوا نیپ

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی لگانے کیلئے کوئی آئینی اور قانونی جواز موجود نہیں

منتخب حکومت کو محض سیاسی اختلافات کی بنیاد پر ختم کرنا عوام کے حق حکمرانی کی خلاف ورزی ہے' بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ سے جاری کردہ بیان میں وفاقی حکومت کی جانب سے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے غیر آئینی، غیر جمہوری اور صوبائی خودمختاری پر براہ راست حملہ قرار دیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

بیرون ملک تعلیم کے مواقع فراہم کرنا حکومت کے وژن کا حصہ ہے' ظہور بلیدی

حکومت معیاری تعلیم کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے پرعزم، تعلیمی اداروں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے' صوبائی وزیر

بیرون ملک تعلیم حاصل کرنا کوئی غلط بات نہیں، میرے بیان کا مقصد نوجوانوں کے مستقبل کے حوالے سے سنجیدہ مکالمے کو فروغ دینا ہے' پیغام

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان صوبے کے ہر بچے اور بچی کو معیاری تعلیم کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے پرعزم ہے۔ تعلیم کے شعبے میں انقلابی اقدامات کے تحت 14 ہزار اساتذہ کی بھرتی، اسکولوں کی اپ گریڈیشن، مضمون کے ماہر اساتذہ کی تعیناتی، بند اسکولوں کی بحالی اور کالجوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ میر ظہور احمد بلیدی نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس (X) پر جاری بیان میں کہا کہ بلوچستان حکومت تعلیم کے فروغ اور نوجوان .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

لورالائی، جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

جمہوریت کیخلاف اقدامات ہمیشہ بدنما داغ ثابت ہوئے ہیں' جمعیت نظریاتی

خیبر پختونخوا میں آئین وقانون معطل اور گورنر راج نافذ کر کے عوامی حقوق کو سلب کیا گیا' مولانا عبدالقادر لونی

عوام پر مسلط فارم 47 کی حکومت جمہوریت پر شب خون مارنے کے بعد جشن منا رہی ہے' مرکزی امیر جمعیت نظریاتی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی ...... عوام پر مسلط فارم 47 کی حکومت .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

ایم کیو ایم نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی، گورنر راج کی حمایت کردی

کراچی (بیورو رپورٹ) متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان کے سینئر رہنما ڈاکٹر فاروق ستار نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کی حمایت کردی۔ کراچی میں پریس کانفرنس کے دوران فاروق ستار نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کر دیا گیا، کابینہ اجلاس میں ایم کیو ایم کے دونوں وفاقی وزراء موجود تھے۔

حوثیوں کی مسافروں کو ایئرلائنز اور سعودی ہوائی اڈے استعمال نہ کرنے کی تنبیہ

اسلام آباد (م ڈ) یمن کے حوثیوں نے ایک بار پھر ایئرلائنز اور مسافروں کو سعودی ہوائی اڈے استعمال نہ کرنے کی تنبیہ دیدی۔ یمن کے حوثیوں نے اتوار کو ایئرلائنز، ہوائی اڈوں کے عملے اور مسافروں کو سعودی عرب کے ہوائی اڈے استعمال نہ کرنے کی تنبیہ دہراتے ہوئے کہا کہ اس انتباہ کو سنجیدگی سے لیا جائے۔ حوثیوں نے کہا کہ سعودی عرب حملوں کو روکنے میں ناکامی کا ذمہ دار ہے۔

خیبر پختونخواہ میں گورنر راج کی بھرپور حمایت کرتے ہیں' مینا مجید بلوچ

ریاستی رٹ کی بحالی و آئین وقانون کی بالادستی وقت کی اہم ضرورت ہے' صوبائی مشیر

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ نے وفاقی حکومت کی جانب سے خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ کے فیصلے کی بھرپور حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں یہ فیصلہ امن وامان کے قیام، ریاستی رٹ کی بحالی اور آئین وقانون کی بالادستی کیلئے وقت کی اہم ضرورت ہے ان کے مطابق یہ اقدام ملک میں امن، استحکام اور ریاستی نظم ونسق کی بحالی کی جانب ایک اہم قدم ثابت ہو سکتا ہے انہوں نے کہا کہ کوئی لیڈر، سیاسی جماعت یا سیاسی قیادت آئین، قانون اور ریاست سے بڑھ کر نہیں ہو سکتی جمہوریت .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

کے پی کے میں گورنر راج کمزور ہوتی جمہوریت پر کاری ضرب ہے' جمعیت

جمہوریت کو اس کے نام نہاد علمبرداروں سے بچانے کی ضرورت ہے

مینڈیٹ پر شب خون مارنے والے کسی صورت عوام کے غیض وغضب سے بچ نہیں سکیں گے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام صوبہ بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ سے متعلق حکومتی اقدامات پر صوبائی جماعت کا دوٹوک موقف پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ جمہوریت کے سینے میں خنجر گھونپنے والے ہی جب جمہوریت کے سب سے بڑے علمبردار بننے کا دعویٰ کریں تو اس سے بڑا سیاسی تضاد اور المیہ کیا ہوگا۔ غیر اعلانیہ ایمرجنسی کے بعد اب اعلانیہ ایمرجنسی یا گورنر راج کا فیصلہ کمزور ہوتی جمہوریت پر ایک اور کاری ضرب لگانے اور عوام کے حق حکمرانی کو سلب کرنے کی .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

جماعت اسلامی کے صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمٰن، فاروق کاکڑ، شکیل روشن اور دیگر بولان ریسرچ اکیڈمی کی افتتاحی تقریب میں اظہار خیال کر رہے ہیں

حوثیوں کا ریاض ایئرپورٹ پر حملہ عالمی قوانین کیخلاف ہے' پاکستان

شہری آبادی اور اہم تنصیبات پر حوثی حملوں کی عالمی برادری کو بلاامتیاز مذمت کرنی چاہیے، جارحیت کسی صورت قابل جواز نہیں

پاکستان حوثی ملیشیا سے دہشتگرد حملے فوری بند کرنے کا مطالبہ کرتا ہے، ترجمان دفتر خارجہ، جاں بحق افراد کے لواحقین سے تعزیت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان نے ریاض ایئرپورٹ پر حوثی ملیشیا کے تازہ دہشتگرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے علاقائی امن و سلامتی کے لیے سنگین خطرہ قرار دیدیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ حوثی ملیشیا کا ریاض ایئرپورٹ پر حملہ گھناؤنا دہشتگرد فعل اور بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی ہے، ریاض ایئرپورٹ پر حملہ علاقائی امن و سلامتی کے لیے سنگین خطرہ ہے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان کا کہنا ہے کہ حملے میں جانی نقصان اور زخمیوں کی اطلاعات پر پاکستان کو گہری تشویش ہے، متاثرہ خاندانوں .... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر